إرشاد السارى : (ص: ۳۳۲) باب طواف الزيارة ، فصل : فى الرجوع إلى منىٰ بعد طواف الزيارة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

الدر مع الرد : (۲/۵۲۰) كتاب الحج ، مطلب : فى حكم صلاة العيد والجمعة فى منىٰ ، ط: سعيد.

(۲) فإذا دخل منىٰ قال : اللّٰهم هٰذا منى ، وهذا مما دلّلتنا عليه من المناسک فمُنَّ علينا بجوامع الخيرات وبما مننت على إبراهيم خليلک و محمد حبيبک وبما مننت على أوليائک وأهل طاعتک و ناصيتى بيدک جئت طالبًا مرضاک . (تبيين الحقائق : (۲/۲۳) كتاب الحج ، باب الإحرام ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة) =

منی کے بارے میں دارالعلوم دیوبند کا فتوی

حضرات مفتیان کرام، دارالعلوم دیوبند............... دامت برکاتہم

السلام علیکم ورحمة اللّٰہ وبرکاتہ

سر دست ایک حساس مسئلہ سے متعلق دار الافتاء دار العلوم دیوبند کی رائے معلوم کرنا چاہتا ہوں، مسئلہ یہ ہے کہ جو حجاج مکہ مکرمہ ایسے وقت میں پہنچتے ہیں کہ حج سے پہلے مکہ مکرمہ میں پندرہ دن قیام نہیں ہو پاتا، بلکہ منی کا قیام شامل کر کے پندرہ دن ہوتے ہیں، تو ایسے لوگوں کے لئے کیا حکم ہے؟ کیا وہ چار رکعت والی نمازوں میں قصر کریں گے یا ان پر اتمام ضروری ہوگا؟ نیز ان پر ایام اضحیہ میں مالی قربانی لازم ہوگی یا نہیں؟

علماء کرام کی آراء اس سلسلہ میں مختلف ہے، اس لئے ام المدارس دارالعلوم دیوبند کا قصد کیا، حضرات مفتیان کرام سے گزارش ہے کہ ادلۂ شرعیہ اور نصوص فقہیہ کی روشنی میں مدلل جواب دے کر ممنون فرمائیں۔ اس سے ان شاء اللّٰہ اطمینان حاصل ہوگا۔

المستفتی:

(مفتی) سعید الرحمٰن فاروقی

دارالعلوم امدادیہ ممبئی

= فتح القدير : (۲/٤٦۷) كتاب الحج ، باب الإحرام ، فصل : فى المواقيت ، ط: رشيديه.

مجمع الانهر : (۱/٤٠٦) كتاب الحج ، باب الإحرام ، فصل : دخل المحرم مكّة ليلاً أو نهاراً ، ط: دار الكتب العلمية .

وفى الحجر وفى منىٰ فى نصف ليلة البدر (قوله : ليلة البدر) وهى ليلة الرابع عشر من ذى الحجة الّتى ينزلون فيها الآن . (الدر مع الرد : (۲/۵٠۸) كتاب الحج ، مطلب فى إجابة الدعاء ، ط: سعيد)

بسم الله الرحمن الرحیم

الجواب وباللہ التوفیق: خیر القرون کے زمانے سے لے کر آج سے کچھ سال پہلے تک تمام امتِ مسلمہ اس بات پر متفق تھی کہ ''منیٰ'' اور ''مکہ مکرمہ'' دونوں دو مستقل مقامات ہیں، کوئی کسی کے تابع نہیں ہے، اس لئے تقریباً فقہ کی ہر کتاب میں یہ مسئلہ ملتا ہے کہ جس شخص نے پندرہ روز مکہ مکرمہ میں قیام کا ارادہ کیا، لیکن درمیان میں منیٰ، مزدلفہ اور عرفات جانے کا ارادہ ہے، تو وہ شخص مسافر ہی رہے گا، مقیم نہ بنے گا، اس لئے کہ خروج اِلیٰ منیٰ وعرفات کا ارادہ، نیتِ اقامت کے لئے مبطل ہے، چنانچہ درمختار میں ہے:

فلو دخل الحاج مكة أيّام العشر لم تصحّ نيته؛ لأنّه يخرج إلى منى و عرفة. (۱۲۶/۲، باب صلاة المسافر، ط: سعید)

اسی طرح البحر الرائق میں ہے:

ذكر في كتاب المناسك أنّ الحاج إذا دخل مكّة في أيّام العشر ونوى الإقامة نصف شهر لايصحّ؛ لأنّه لابدّ له من الخروج إلى عرفات فلايتحقق الشرط. (البحر الرائق: ۱۳۲/۳، باب المسافر، ط: سعید)

نیز مبسوط سرخسی میں بھی یہ تصریح ہے کہ اگر (مثلاً) کوفہ کا رہنے والا کوئی شخص اس نیت سے مکہ مکرمہ آئے کہ وہاں اور منیٰ دونوں جگہ ملا کر پندرہ دن قیام کرے گا تو وہ مسافر ہی رہے گا، اس لئے کہ اقامت کی نیت وہ معتبر ہوتی ہے جو ایک مقام پر ہو۔

إذا قدم الكوفي في مكّة وهو ينوي أن يقيم فيها وبمنى خمسة عشر يومًا فهو مسافر؛ لأنّ نية الإقامة مايكون في موضع واحد الخ. (المبسوط للسرخسي: ۲۰۴/۱) باب صلاة المسافر، ط: المكتبة الغفارية كوئٹه)

لیکن منیٰ کی طرف مکہ مکرمہ کی آبادی کے پھیلاؤ کی وجہ سے چند سالوں سے

اہل علم کے درمیان یہ بحث چھڑی ہوئی ہے کہ منیٰ کا سابقہ حکم اب بھی باقی ہے؟ یا بدل گیا؟ علماء کا ایک بڑا طبقہ اس بات پر ہے کہ منیٰ کا سابقہ حکم اب بھی باقی ہے، مکہ کی آبادی کے پھیلاؤ کی وجہ سے ''منیٰ'' کو جزء مکہ نہیں قرار دیا جاسکتا، جب کہ علماء کی ایک دوسری جماعت کا کہنا ہے کہ اب ''منیٰ'' مکے کا ایک محلّہ کی حیثیت اختیار کرگیا ہے، اور دونوں مقامات موضعِ واحد کے حکم میں ہوگئے، لہٰذا جو حجاج کرام مکہ مکرمہ اور منیٰ دونوں جگہ ملا کر پندرہ دن قیام کا ارادہ رکھیں گے، ان پر چار رکعت والی نمازوں میں اتمام اور ایام اضحیہ میں مالی قربانی لازم ہوگی۔

لیکن نصوص اور دلائل کی روشنی میں پہلی رائے زیادہ قوی معلوم ہوتی ہے کہ منیٰ اور مکہ دونوں اب بھی دو مستقل مقامات کی حیثیت سے باقی ہیں، منیٰ کو مکہ مکرمہ کا محلّہ قرار دینا صحیح نہیں اور جو حجاج کرام منیٰ اور مکہ دونوں جگہ ملا کر پندرہ دن قیام کی نیت سے مکہ مکرمہ میں داخل ہوں گے وہ بدستور مسافر رہیں گے، مقیم کے حکم میں نہ ہوں گے، یہی رائے **دارالافتاء دارالعلوم دیوبند** کی بھی ہے، اس رائے کے وجوہ ترجیح میں سے یہ ہے کہ ''منیٰ'' کو جزء مکہ قرار دینے کے لئے جو دلیلیں پیش کی جاتی ہیں، ان میں سے سب سے مضبوط دلیل یہ ہے کہ مکہ کی آبادی بڑھتے بڑھتے ''منیٰ'' تک پہنچ چکی ہے، لہٰذا دونوں مقامات موضع واحد کے حکم میں ہوں گے۔

لیکن نصوص پر غور کرنے سے یہ بات واضح ہوجاتی ہے کہ اگر اتصال (جس کے تحقق کے سلسلے میں مشاہدین کی رپورٹوں کے درمیان کافی اختلافِ رائے موجود ہے) تسلیم بھی کرلیا جائے، پھر بھی ''منیٰ'' کو جزء مکہ قرار نہیں دیا جاسکتا، اس لئے کہ فقہاء نے جہاں بھی اتصال کی بحث کی ہے وہاں دو آبادیوں کے درمیان اتصال مراد ہے، نہ کہ غیر آباد مقام کا آباد کے ساتھ اتصال، کبیری کی درج ذیل عبارت ملاحظہ فرمائیں:

من فارق بيوت موضع هو فيه من مصر أو قرية ناويًا الذهاب إلى موضع بينه و بين ذالك الموضع المسافة المذكورة صار مسافرًا، فلا يصير مسافرًا قبل أن يفارق عمران ما خرج منه من الجانب الّذى خرج منه حتى لو كان ثمة محلة منفصلة عن المصر وقد كانت متصلة به لايصير مسافرًا مالم يجاوزها ولو جاوز العمران من جهة خروجه و كان بحذائه محلةً من الجانب الآخر يصير مسافرًا إذ المعتبر جانب خروجه.

(کبیری: ص: ۵۳۶، ط: اشرفی و سہیل اکیڈمی لاہور)

کبیری کی مندرجہ بالا عبارت کو علامہ شامی رحمہ اللہ نے اپنی کتاب رد المحتار میں نقل کرنے کے بعد اس کی مراد واضح کرتے ہوئے لکھا ہے:

وأراد بالمحلة فى المسئلتين ماكان عامرًا، أمّا لو كانت المحلّة خرابًا ليس فيها عمارة فلايشترط مجاوزتها فى المسئلة الأولىٰ ولو متصلة بالمصر كمالايخفى. (رد المحتار: ۲/ ۱۲۱، باب صلاة المسافر، ط: سعید)

علامہ شامی کی وضاحت کی روشنی میں کبیری کی عبارت کا خلاصہ یہ ہوا کہ اگر کسی شہر کی آبادی دوسرے محلّہ وغیرہ کے ساتھ متصل ہو جائے تو اگر وہ محلّہ بھی آباد ہو تو مسافر اپنی موضع اقامت سے متجاوز ہو کر جب تک اس محلّہ سے نکل نہ جائے اس وقت تک مسافر شمار نہ ہوگا، اور اگر وہاں آبادی نہیں ہے، تو پھر اس محلّہ سے نکلنا بحکمِ مسافر ہونے کے لئے شرط نہیں، بلکہ اپنی موضع اقامت سے نکلتے ہی مسافر شمار ہوگا۔

الغرض معلوم ہوا کہ اس اتصال کا اعتبار ہے جو دو آبادیوں کے درمیان ہو نہ یہ کہ آبادی اور میدان و ویرانے کے درمیان، نیز فقہاء کے کلام سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ آبادی سے مراد ایسی جگہ ہے جہاں لوگ مستقل رہائش کے ارادے سے رہتے

ہوں، وہاں ضروریاتِ زندگی دستیاب ہوں، صرف وقتی استعمال کی عمارت یا لوگوں کے عارضی قیام کی وجہ سے کسی جگہ کو ''آبادی'' نہ کہا جائے گا، چنانچہ فقہاء نے شہر سے متصل باغات کو باوجودیکہ شہر سے متصل بھی ہوں، ان میں کام کرنے والوں کے مکانات وجھونپڑیاں وغیرہ بھی ہوں، نیز پہرے دار اور کاشتکار سال کا کچھ حصہ یا پورا سال رہتے بھی ہوں، پھر بھی شہری آبادی کا جزء قرار نہیں دیا، رد المحتار میں ہے:

بخلاف البساتين ولو متصلة بالبناء؛ لأنّها ليست من البلدة ولو سكنها أهل البلدة فى جميع السنة أو بعضها ولا يعتبر سكنى الحفظة والأكرة اتفاقًا. (۲/۵۹۹، ط: زکریا، و: (۲/ ۱۲۱) باب صلاة المسافر، ط: سعید)

مذکورہ بالا تفصیل کی روشنی میں اگر مکہ مکرمہ اور منیٰ کی صورتِ حال کو دیکھیں تو اس میں کوئی خفا نہیں رہ جاتا کہ یہاں دونوں مقامات میں سے ایک (مکہ مکرمہ) تو آباد ہے، دوسرا آبادی سے خالی، اس لئے کہ معائنہ کرنے والوں اور مشاہداتی کمیٹی کی رپورٹوں کے مطابق ''منیٰ'' میں جو عمارتیں ہیں مثلاً شاہی محلات، **رابطۂ عالم اسلامی** کا دفتر اور ہسپتال وغیرہ، اس میں سے کوئی بھی عمارت بہ طور مستقل رہائش گاہ استعمال نہیں ہوتی، اکثر، بلکہ سب صرف ایام حج میں حجاج اور مہمانوں کے قیام کے لئے استعمال ہوتی ہے، ایام حج کے بعد پورا علاقہ بالکل ویران، سنسان معلوم ہوتا ہے، سوائے پہرہ داروں اور مزدوروں وغیرہ کے وہاں کوئی نہیں ملتا اور نہ ہی ضروریاتِ زندگی میں سے کوئی چیز وہاں دستیاب ہوتی ہے اور ظاہر سی بات ہے کہ ایسی صورت میں منیٰ کو آباد علاقہ شمار نہیں کیا جاسکتا، اور جب غیر آباد ثابت ہوگیا تو مکہ مکرمہ کی آبادی کے منیٰ تک پہنچ جانے کی صورت میں بھی دونوں کو موضع واحد کے حکم میں نہیں قرار دیا جاسکتا۔

مزید یہ کہ ترمذی اور ابوداود وغیرہ کی ایک روایت سے پتہ چلتا ہے کہ شریعت

کا مقصد اور منشأ بھی ’’منیٰ‘‘ کو قیامت تک بحیثیت ’’میدان‘‘ باقی رکھنا ہے، تاکہ حجاج ٹھہر سکیں، نیز مناسک حج ادا کر سکیں۔

عن عائشة ۔ رضی اللّٰه عنها ۔ قلنا: یا رسول اللّٰه! ألا نبنی لک بیتًا بمنی یظلک؟، قال: لا، منی مناخ من سبق. (۱/ ۱۷۷، باب ماجاء أنّ منٰی مناخ من سبق، ط: قدیمی)

یعنی حضرت عائشہ فرماتی ہیں کہ ہم نے عرض کیا یا رسول اللہ! کیا آپ کے لئے ’’منیٰ‘‘ میں کوئی گھر نہ بنوائیں، جس کے سایہ میں آپ رہیں، آپ انے فرمایا: نہیں، منی ان لوگوں کا پڑاؤ ہے جو یہاں پہلے آیا۔ (ترمذی: (۱/ ۱۷۷) باب ماجاء أنّ منٰی مناخ من سبق، ط: قدیمی)

اور ملا علی قاری رحمہ اللہ نے علامہ طیبی رحمہ اللہ سے ان الفاظ کے ساتھ اس حدیث کی تشریح نقل کی:

قال الطیبی ۔ رحمه اللّٰه ۔ أي أتأذن أن نبنی لک بیتًا لتسکن فیه، فمنع وعلّل بأنّ "منی" موضع لأداء النسک من النحر و رمی الجمار و الحلق یشرک فیه النّاس، فلو بنی فیها لأدّی إلی کثرة الأبنیة تأسیًّا به، فتضیق علی النّاس. (مرقاة: (۵/ ۱۸۱۸)، و: (۵/ ۳۴۸) باب رمی الجماع، الفصل الثانی، ط: امدادیه ملتان)

الغرض حدیث اور اس کی تشریح سے یہ بات ثابت ہوگئی کہ ’’منی‘‘ ہمیشہ میدان اور پڑاؤ کی جگہ کی حیثیت سے باقی رہے گا، اس کا آباد ہونا منشأ نبوی کے خلاف ہے، لہٰذا یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ اگر ’’منی‘‘ میں کبھی آبادی ہو بھی جائے پھر بھی وہ شرعًا غیر معتبر ہوگی اور شرعی اعتبار سے اسے میدان ہی تصوّر کیا جائے گا۔

منی اور مکہ کو موضع واحد قرار دینے والے ایک دلیل یہ پیش کرتے ہیں کہ

’’منی‘‘ مکہ مکرمہ کا ’’فنا‘‘ ہے، اور شرعًا فناء شہر کو شہر کا حکم دیا جاتا ہے، لیکن اس سلسلے میں عرض یہ ہے کہ ’’فناء‘‘ کی جو تعریف فقہاء نے کی ہے وہ یہاں پر منطبق نہیں ہوتی، فناء کی تعریف درج ذیل ہے:

وفناؤه ما اتّصل به معدا لمصالحه (ملتقی الابحر: (۱/ ۱۴۳) صلاة الجمعة، ط: مؤسّسة الرسالة، بیروت)

یعنی فناء کسی آبادی کا وہ قریبی متصل حصہ ہے جسے شہری مصلحتوں کے لئے تیار کیا گیا ہو۔

علامہ شامی نے اس کو مزید وضاحت کے ساتھ نقل کیا:

فقد نصّ الأئمة علی أنّ الفناء ما أعدّ لدفن الموتیٰ وحوائج المصر کرکض الخیل والدوابّ وجمع العساکر والخروج للرمی الخ. (۳/ ۸، ط: زکریا، و: (۲/ ۱۳۹) باب الجمعة، ط: سعید)

مذکورہ بالا تعریف اور سابق میں ذکر کردہ ’’منی‘‘ کی صورت حال پر غور کرنے سے یہ بات واضح طور پر معلوم ہوتی ہے کہ ’’فناء‘‘ کی تعریف ’’منی‘‘ پر قطعًا صادق نہیں آتی، اس لئے کہ منی کے ساتھ، اہل مکہ کی کوئی مصلحت (اہل مکہ ہونے کی حیثیت سے) وابستہ نہیں ہے اور نہ ہی مصالح اہل مکہ کے لئے ’’منی‘‘ کو بنایا گیا ہے، بلکہ ’’منی‘‘ تو ایک مشعر ہے، حجاج کرام وہاں مناسک حج ادا کرتے ہیں، قیام کرتے ہیں قربانی کرتے ہیں وغیرہ، اس لئے منی کو ’’فناء آفاق‘‘ تو کہا جاسکتا ہے ’’فناء مکہ‘‘ بہر حال نہیں کہا جاسکتا اور جب ’’منی‘‘ فنائے مکہ ہے ہی نہیں تو دونوں مقامات کو موضع واحد کے حکم میں قرار دینا کیسے درست ہوسکتا ہے!

دوسری بات یہ ہے کہ قصر اور سفر کے اعتبار سے فناء مصر منفصلہ کا حکم جدا ہے، اور انعقادِ جمعہ کے اعتبار سے جدا، چنانچہ محیط برہانی اور طحطاوی وغیرہ میں اس کی تصریح

کی گئی ہے کہ فناء مصر میں جمعہ تو جائز ہے، لیکن شرعاً مسافر ہونے کے لئے فناء مصر سے تجاوز ضروری نہیں ہے، بلکہ اصل آبادی سے نکلتے ہی وہ شخص مسافر شمار ہوگا اور قصر کرے گا، محیط برہانی میں ہے:

وهٰذا بخلاف ما لو خرج المسافر عن عمران المصر حيث يقصر الصلاة؛ لأنّ فناء المصر انّما يلحق بالمصر فيما كان من حوائج أهل المصر، وقصر الصلاة ليس من حوائج أهل المصر، فلايلحق الفناء بالمصر فی هٰذا الحكم.

(المحيط البرهانی: ٦٦/٢، الفصل الخامس والعشرون، و: (١٧٦/٢) النوع الثانی فی بيان شرائط الجمعة، الفصل الخامس والعشرون، ط: غفارية كوئٹه)

یعنی اگر مسافر شہر کی آبادی سے نکل جائے تو وہ قصر شروع کردے گا، اس لئے کہ فنائے مصر کو مصر کے ساتھ ان امور میں لاحق کیا جاتا ہے جو اہل مصر کے حوائج میں سے ہوں، اور نماز میں قصر کرنا اہل شہر کی ضروریات میں سے نہیں ہے، لہٰذا اس حکم (قصر واتمام) میں فنائے شہر کو شہر کے ساتھ لاحق نہیں کیا جائے گا۔

مذکورہ بالا فرق کو علامہ طحطاوی رحمہ اللہ نے بھی مراقی الفلاح کے حاشیے میں بیان کیا (حاشیۃ الطحطاوی علی مراقی الفلاح: ۴۲۳............)

مذکورہ بالا فرق کا تقاضا یہ ہے کہ اگر ''منی'' کو فنائے منفصلہ تسلیم بھی کرلیا جائے پھر بھی قصر واتمام کے حکم میں کوئی اثر نہ پڑے گا۔

حاصل کلام یہ ہے کہ جو حجاج کرام منی اور مکہ مکرمہ دونوں جگہ ملا کر پندرہ دن قیام کی نیت سے مکہ آئیں گے، وہ شرعاً مسافر شمار ہوں گے، چار رکعت والی نمازوں میں قصر کریں گے، اور ان پر ایسی صورت میں مالی قربانی لازم نہ ہوگی۔

یہی موقف نصوص سے زیادہ مؤید ہے، اور حاجیوں کے لئے سہولت بھی اسی میں ہے۔

فقط واللہ اعلم

کتبہ الاحقر

زین الاسلام قاسمی

مفتی دار العلوم دیوبند

۳۴/۱۱/۲۱ھ

الجواب صحیح والمجیب مصیب

سعید احمد پالن پوری

صدر المدرسین دار العلوم دیوبند

(۳۴/۱۱/۲۲ھ)

الجواب صحیح

حبیب الرحمٰن عفا اللہ عنہ

الجواب صحیح

ابوالقاسم نعمانی غفرلہ

مہتمم دار العلوم دیوبند

(۱۴۳۴/۱۱/۲۲ھ)

الجواب صحیح

محمد نعمان سیتاپوری

منی کے بارے میں علمائے کرام کا متفقہ رپورٹ

نحمده ونصلي على رسوله الكريم ، أما بعد !

یکم اور دو مئی ۲۰۰۷ء کو جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی میں منعقدہ ستاون (۵۷) مفتیان عظام وعلمائے کرام کے دوروزہ نمائندہ اجتماع کے فیصلہ کے مطابق کہ:

''یہ بھی تحقیق کی جائے منی اب بحالت موجودہ بستی کے حکم میں ہے یا ویرانے کے''۔

اس سلسلہ میں یہ بھی طے ہوا کہ ایک وفد مکہ مکرمہ [زادھا اللّٰہ عزاوشرفا] جائے اور منی کا مشاہدہ کرکے بتلائے کہ منی کو مکہ مکرمہ کا حصہ قرار دیا جاسکتا ہے یا نہیں۔

میزبان ادارہ جامعہ علوم اسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی مفوضہ ذمہ داری نبھاتے ہوئے چھ جید مفتیان کرام پر مشتمل ایک نمائندہ وفد تشکیل دیا، اس وفد میں دو حضرات کا اضافہ ذاتی اخراجات پر منظور کیا گیا، جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

۱......حضرت مولانا امداد اللہ صاحب زید مجدہم
جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی
۲......حضرت اقدس مولانا مفتی غلام الرحمٰن صاحب زید مجدہم
جامعہ عثمانیہ پشاور صوبہ سرحد
۳......حضرت مولانا مفتی عبدالمجید صاحب دین پوری زید مجدہم
جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی
۴......حضرت مولانا مفتی محمد عبداللہ صاحب زید مجدہم
جامعہ خیر المدارس ملتان، پنجاب

۵......حضرت مولانا مفتی حامد حسن صاحب زید مجدہم
جامعہ دار العلوم کبیر والا، پنجاب
۶......حضرت مولانا مفتی حسین احمد صاحب زید مجدہم
جامعہ دار العلوم کراچی
۷......حضرت مولانا مفتی گل حسن صاحب زید مجدہم
دار العلوم رحیمیہ کوئٹہ، بلوچستان
۸......حضرت مولانا مفتی محمد روزی خان صاحب زید مجدہم
دار الافتاء ربانیہ کوئٹہ، بلوچستان

حضرت مولانا امداد اللہ صاحب زید مجدہم کی امارت میں آٹھ رکنی وفد عشرہ کے لگ بھگ مدت لیکر عمرہ کی ادائیگی کے بعد حرم مکہ کے جوار میں مدرسہ صولتیہ میں قیام پذیر رہا، حضرت مولانا عبدالحفیظ مکی صاحب دام مجدہم کے سفر ساؤتھ افریقہ اور حضرت مولانا سیف الرحمٰن دام مجدہم سفر پاکستان کی وجہ سے اگر چہ یہ دونوں اکابرین حضرات موقعہ پر موجود نہ تھے لیکن بحمد اللہ دونوں حضرات کے برخورداران اور برادران نے وفد کو سہولت اور آسانی کی فراہمی میں کوئی کسر نہ چھوڑی، دل وجان سے خوب خدمت کی۔

وفد نے حضرت مولانا عبد الرؤف صاحب، حضرت مولانا عبد الوحید صاحب، حضرت مولانا عبد المالک صاحب، جناب بھائی عرفان صاحب، جناب بھائی عامر صاحب، جناب قاری عبد الکریم صاحب اور جناب انجینیئر عبد المنان صاحب کی رہبری اور رہنمائی میں ایک آدھ بار نہیں بلکہ چار دفعہ مختلف اوقات میں مشاعر مقدسہ منی، مزدلفہ، عرفات کا معائنہ کیا، جبل نور اور عدل کی طرف سے شارع حج حرم سے سرنگ کے ذریعہ نکل کر پیدل راستہ سے شیشہ عزیزیہ شمالیہ سے شارع

ستین نفق ملک خالد اور شارع ملک عبداللہ سے منی میں کئی بار داخل ہوئے۔ شرائع کی طرف المعیصم سے ہوتے ہوئے منی میں آنا جانا ہوا، ایسا ہی عزیزیہ شمالیہ کی جانب سے مزدلفہ اور عوالی کی جانب سے عرفات کے میدان کا جائزہ لیا گیا۔

ماہرین فن کی طرف مراجعت کرنے کے علاوہ حضرت مولانا ہشیم صاحب مدیر مدرسہ صولتیہ کی قیادت میں ایک ذیلی کمیٹی نے وزارت شؤون البلدیہ والقرویہ کے الامانۃ العاصمہ المقدسہ کے مرکزی دفتر جا کر سرکاری کارندوں اور قسم المعلومات کے انجینیئر حضرات سے تفصیلی میٹنگ کی جنہوں نے کمال شفقت کا مظاہرہ کرکے اہم نقشے مکہ مکرمہ، منی، مزدلفہ، عرفات وغیرہ، ہمارے حوالہ کیے، جن سے منی کی سرکاری حیثیت متعین کرنے میں کافی مدد ملی۔

جن راستوں سے منی میں داخلہ ہوا، وہاں کمیٹی اور وفد نے اپنی استطاعت کے مطابق مسافت معلوم کرنے کی پوری کوشش کی، گاڑی کی میٹر کے ذریعہ باقاعدہ مسافت کی پیمائش کی، اور کہیں ماہرین کی رائے پر اعتماد کیا۔

وفد کے بعض اراکین کا ارادہ ہر ہر جگہ کی ویڈیو بنانے کا تھا، تاکہ رپورٹ کے ساتھ اسے بھی مجلس میں پیش کر دیا جائے، لیکن عالمی حالات کے پیش نظر سعودیہ حکومت کی باضابطہ اجازت کے بغیر ویڈیو بنانا ممکن نہ تھا۔ اس لئے ویڈیو پیش کرنے میں کامیابی نہ ہوئی۔ بعض میزبان حضرات نے بعض اراکین کے اصرار پر ویڈیو بنانا شروع بھی کی لیکن شاہی محل کی سیکورٹی نے نصب کردہ کیمروں کے ذریعہ دیکھ کر سختی سے منع فرما دیا۔

وفد نے مشاعر مقدسہ کا معائنہ ایسے وقت میں کیا جہاں ایام حج کی بجائے دوسرے مہینوں میں مشاعر مقدسہ میں خاموشی اور سناٹے کی فضا چھائی ہوئی تھی، جس سے منی کی اصلی حالت معلوم کرنے میں الحمدللہ کافی مدد ملی۔

وفد نے معلومات اکٹھا کرنے کے دوران اور بعد میں جملہ معلومات کو پرکھنے کیلئے باہمی طور پر یکسوئی میں بیٹھ کر کئی اجلاس کیے، جہاں کہیں ادنی تأمل ہوتا اس سے اجتناب کر کے متفقہ طور پر چند ایسے امور علمائے کرام کی خدمت میں پیش کرنے کی سعادت حاصل کر رہے ہیں تاکہ مفتیان کرام ان نکات کی روشنی میں منی بستی کے حکم میں ہونے یا ویرانے یا مکہ مکرمہ کا محلّہ، کالونی قرار دینے یا نہ دینے کے بارے میں بہتر فیصلہ کر کے متنازعہ مسئلہ میں قصر یا اتمام کا حکم دے سکیں۔

وفد نے دائرہ کار کے تعین کے بعد طریق کار یہ طے کیا کہ اہم نکات پر معلومات اکٹھی کرنے کے لئے دو، دو ارکان کی ذیلی چند کمیٹیاں تشکیل دی گئیں، جنہوں نے مفوضہ کام کو نمٹا کر جو امور متفقہ طور پر طے کیے وہ درج ذیل ہیں:

۱......مکہ مکرمہ سے منی میں داخل ہونے کے مختلف راستے ہیں:

الف: شارع عدل اور شیشہ کی طرف سے منی کی حدود شروع ہونے تک ایک وسیع وعریض میدان ہے، جس کی مسافت تقریباً ڈیڑھ دو کلومیٹر ہوگی، جس میں تعمیر ممنوع ہے، تاکہ یہ کھلا میدان حجاج کرام کی آمد ورفت کیلئے استعمال ہو سکے۔

ب: عزیزیہ سے منی میں آنے والے تین راستوں کا معائنہ کیا گیا:

راستہ نمبر۱......شارع صدقی، وہاں عزیزیہ کی آبادی (مقفل) مطعم زمزم پر ختم ہوتی ہے، یہاں سے پل پر چڑھ کر شارع عبدالعزیز سے چلتے ہوئے منی کی حد تک تقریباً ۲۶۰ میٹر کا فاصلہ ہے۔

۲......عزیزیہ سے جبل مرسلات میں واقع نفق ملک خالد سے گزرتے ہوئے نفق کی لمبائی تقریباً ۷۰۰ میٹر ہے۔ واضح ہو کہ نفق کی ایک جانب عزیزیہ میں اور دوسری جانب منی میں نکلتی ہے۔

۳......عزیزیہ سے طریق امیر ملک عبداللہ سے منی میں داخل ہوتے وقت

دائیں جانب ولی عہد کے محل کا گیٹ اور بائیں جانب بادشاہ کے محل کا گیٹ واقع ہے، جہاں عزیزیہ کی آبادی ختم ہوتے ہی ''بدایہ منیٰ'' کے بورڈ تک ۴۵۰ میٹر کا فاصلہ ہے۔

شاہی محلات کی وجہ سے عزیزیہ اور منیٰ کو ملانے کیلئے یہاں پر نفق کی بجائے پہاڑ کاٹ کر راستہ بنایا گیا ہے، جس کی وجہ سے منیٰ کی حدود میں کھڑے ہو کر عزیزیہ کی آبادی سامنے نظر آتی ہے۔

ج: ''شرائع'' سے منیٰ میں داخل ہونے کیلئے معیصم کا کئی میلوں کا میدان طے کر کے آنا پڑتا ہے۔ واضح ہو کہ اس میدان میں تعمیر وآبادی قانوناً ممنوع ہے اور یہ ممنوع علاقہ منیٰ کے پانی کا خزان اور آنے والے حجاج کرام کی گاڑیوں کی پارکنگ ہے۔

اور اس کے بعد منیٰ کی حدود میں داخل ہونے کے لئے مزید ۵۰۰ میٹر نفق کا فاصلہ طے کرنا پڑتا ہے۔

۲......منیٰ مشاعر حج کا وہ مقام ہے، جہاں مستقل رہائش کیلئے تعمیر کرنے کی کسی کو بھی قانوناً اجازت نہیں۔ اور نہ ہی کوئی عمارت مستقل رہائش کے طور پر استعمال ہو رہی ہے۔

۳......اس میں کوئی شک نہیں کہ ''منیٰ'' میں کئی پختہ عمارتیں موجود ہیں، جن میں سے بادشاہ اور ولی عہد کے محلات جو پہاڑ کی چوٹی پر واقع ہیں جن کی حفاظتی دیواریں پہاڑ کے دامن میں دونوں جانب واقع ہیں۔

بادشاہ کا قدیمی محل جدید محل کے متصل پہاڑ کے دامن میں ''منیٰ'' کی طرف واقع ہے، اس کے بالمقابل پہاڑ کو تراش کر خیمہ کے متبادل فلیٹ نما تین مکمل اور دو زیر تعمیر عمارتیں بھی ہیں، (۲) دو بڑے ہسپتال جن میں ایک مسجد خیف کے قریب اور

دوسرا قصر شاہی کی طرف مستشفی جسرِ منیٰ کے نام سے موسوم ہے اور کچھ ڈسپنسریاں ہیں، (۳) رابطہ عالم اسلامی کا دار الضیوف، (۴) سرکاری دفاتر جن کا استعمال صرف ایام حج میں ہوتا ہے۔

۴......مذکورہ بالا تمام پختہ عمارات سال بھی کسی بھی محکمہ کے استعمال میں نہیں رہتیں، صرف ایام حج میں استعمال ہوتی ہیں۔

۵......''عمدہ'' جو حکومت کا نمائندہ ہوتا ہے، جب منیٰ میں رہائشی آبادی تھی ''منیٰ'' میں ''عمدہ'' کا باقاعدہ دفتر ہوتا تھا، جب سے منیٰ کی آبادی ختم کر دی گئی، عمدہ کا دفتر بھی ختم کر دیا گیا۔

۶......عدل، شیشہ اور عزیزیہ کی فلک بوس عمارتوں سے گزر کر ''منیٰ'' میں داخل ہوتے ہی خیموں پر جب نظر پڑتی ہے، تو ایک خاموشی اور اداسی چھائی ہوتی محسوس ہوتی ہے۔

۷......''منیٰ'' میں موجود سرکاری عمارتوں کی حفاظت اور دیکھ بھال کیلئے چوکیدار مرحلہ وار ڈیوٹی سرانجام دیتے ہیں۔ مقام ''منیٰ'' عارضی طور پر بلدیہ عزیزیہ کی نگرانی میں ہے، ورنہ اسکا مستقل نگران الامانۃ المشاعر المقدسہ کا محکمہ ہے، جو مرکز کے کنٹرول میں ہے۔

۸......منیٰ کے اندر جہاں جہاں وفد کا آنا جانا ہوا کسی مقام پر کوئی خرید و فروخت کی دوکان کیفے ٹیریا کھانے پینے کی اشیاء کی کوئی دوکان دکھائی نہیں دی، سوائے ایک کیفے ٹیریا موبائل گاڑی کے جو غالباً وہاں پر موجود عمال یا زائرین کیلئے کھڑی تھی۔

۹......''منیٰ'' میں جاری تعمیرات پر بڑی تعداد میں غیر سرکاری کمپنی کے عمال (مزدور) مصروف عمل پائے گئے، البتہ ان مقامات پر حفاظتی نقطہ نظر سے عام لوگوں کو

جانے کی اجازت نہیں تھی۔

۱۰......عزیزیہ کی آبادی دو حصوں پر مشتمل ہے، عزیزیہ شمالیہ جبل مرسلات کے دامن میں چلتے ہوئے مزدلفہ سے تقریباً ۱۵۰ میٹر پر ختم ہوتی ہے، اس کے آگے مزدلفہ کا طویل وعریض میدان ہے، جبکہ عزیزیہ جنوبیہ کی آبادی عوالی تک پہنچ جاتی ہے۔

۱۱......شاہی محلات جو درحقیقت ایام حج کے مہمان خانے ہیں، جو جبل مرسلات پر واقع ہیں، ان کی حفاظتی فصیل ایک طرف عزیزیہ میں اور دوسری طرف منی کی حدود سے گزرتے ہوئے کچھ حصہ حدود مزدلفہ میں ہے۔

۱۲......عزیزیہ کی آبادی ختم ہوتے ہی جبل مرسلات کی انتہاء پر مزدلفہ میں داخل ہوتے وقت کہیں سے ڈیڑھ سو کہیں سے تین سو میٹر فاصلہ طے کرنا پڑتا ہے، منی سے وادی محسر طے کر کے مزدلفہ کے میدان میں موسم حج کیلئے سرکاری عمارتیں اور مساجد کی پختہ عمارتیں دیکھی گئیں، جو محض ایام حج میں زیر استعمال رہتی ہیں اور ایام حج میں حجاج کرام کیلئے کچھ خیمے منی کی بجائے مزدلفہ میں نصب ہیں۔

مذکورہ بالا رپورٹ کا خلاصہ درج ذیل ہے:

الف: حکومت وقت کی طرف سے ''منی'' میں مستقل رہائش کی ممانعت ہے،

ب: موقعہ پر پورے ''منی'' میں کہیں بھی کسی بہتر سے بہتر عمارت رہائش کیلئے استعمال نہ ہونا، انتظامی دفاتر اور ہسپتالوں کا سال بھر معطل رہتے ہوئے صرف ایام حج میں فعال ہونا۔

ج: حکومت کے نقشوں میں عام آباد علاقوں کی طرح ''منی'' کو ظاہر کرنے کے بجائے غیر آباد علاقہ فرض کر کے مشاعر مقدسہ کی حیثیت سے نمایاں رکھنا۔

د: انتظامی اداروں میں ''عمدۃ'' کے نام سے علاقائی نمائندہ کا نہ ہونا۔

ہ: شیشہ وعدل یا شرائع کی طرف سے داخل ہوتے وقت بفرزون کی وسیع وعریض علاقہ یا میدان ہے، ان وجوہ کی بناء پر ''منی'' اور مکہ مکرمہ الگ الگ سمجھا جائے۔

یا

الف......جبل مرسلات پر شاہی محلات کا ہونا جو ''منی'' اور ''عزیزیہ'' دونوں طرف سے نظر آسکیں۔

ب......شاہی محلات کا جبل مرسلات کی دونوں جانب فصیل کا ہونا۔

ج......''شارع صدقی'' کے راستہ سے آبادی کا ''منی'' سے قریب پہنچنا، بدایہ منی اور مطعم زمزم متقفل کے درمیان صرف ۶۶۰ میٹر فاصلہ کا ہونا۔

د......نفق خالد بن عبدالعزیز کے ذریعہ ملنا جبکہ نفق کی لمبائی ۷۰۰ میٹر ہے،

ر......شارع ملک عبداللہ پر پہاڑ کاٹ کر محل وغیرہ کیلئے جو راستہ بنایا گیا ہے، اس کی وجہ سے بدایہ ''منی'' اور عزیزیہ کی آبادی میں صرف ۴۵۰ میٹر فاصلہ رہ گیا ہے، جبکہ سڑک کی دونوں طرف محل کا فصیل موجود ہے۔

الحاصل دونوں قسم کے نکات مجلس کی خدمت میں پیش ہیں، لہٰذا ان نکات کو سامنے رکھ کر قصر یا اتمام کا حکم صادر فرمائیں تاکہ امت مسلمہ اطمینان کا سانس لے سکے۔

قدیم فقہی ذخیرہ میں مکہ مکرمہ اور منی کو موضعین قرار دیا گیا ہے، اس لئے ان کو موضع واحد قرار دینا بڑی جرأت کے مترادف اور احتیاط کے متقاضی تھا، اس لئے شرکاء نے نہایت احتیاط سے رپورٹ تیار کر کے معاملہ اہل علم حضرات کی صوابدید پر چھوڑ دیا۔ واللہ الموفق وھو یھدی السبیل۔

شرکائے وفد

مدرسہ صولتیہ بجوار حرم المکّۃ المکرّمۃ زادھا اللہ عزا و شرفًا

۱۔مفتی غلام الرحمٰن صاحب	جامعہ عثمانیہ پشاور
۲۔مفتی عبدالمجید صاحب	جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی
۳۔مفتی محمد عبداللہ صاحب	جامعہ خیر المدارس ملتان
۴۔مفتی حامد حسن صاحب	جامعہ دارالعلوم کبیر والا
۵۔مفتی حسین احمد صاحب	جامعہ دارالعلوم کراچی
۶۔مفتی گل حسن صاحب	جامعہ اسلامیہ دارالعلوم رحیمیہ کوئٹہ
۷۔مفتی محمد روزی خان صاحب	دارالافتاء ربانیہ کوئٹہ
۸۔مفتی امداداللہ صاحب	جامعہ علوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی

۱۴۲۸/۶/۱۲ھ

(۱) مفتی غلام الرحمٰن — جامعہ عثمانیہ پشاور
(۲) مفتی عبدالمجید — جامعۃ العلوم الاسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی
(۳) مفتی محمد عبداللہ — جامعہ خیر المدارس ملتان
(۴) مفتی حامد حسن — جامعہ دار العلوم کبیر والا
(۵) مفتی حسین احمد — جامعہ دار العلوم کراچی
(۶) مفتی گل حسن — جامعہ اسلامیہ دار العلوم رحیمیہ کوئٹہ
(۷) مفتی محمد روزی خان — دار الافتاء ربانیہ کوئٹہ
(۸) مفتی امداد اللہ — جامعۃ العلوم اسلامیہ بنوری ٹاؤن کراچی

۱۲/۶/۱۴۲۸ھ

منی کے بارے میں مدرسہ مظاہرالعلوم سہارنپور کا اردو فتوی

الجواب و باللّٰہ التوفیق (۷ ا ۲)

منی مستقل مقام ہے،سفرو اقامت میں وہ مکہ مکرمہ کے تابع نہیں ہے،اس کی صراحت سب ہی فقہاء ومحدثین فرماتے آئے ہیں:

ولو نوى الإقامة خمسة عشر يوما في موضعين فإن كان كل منهما أصلاً بنفسه نحو مكّة و منى والكوفة والحيرة لايصير مقيما وان كان احداهما تبعا للآخر حتى تجب الجمعة على سكانه يصير مقيما. اهـ (الهندية: ۱/۱۴۰، ط: رشيديه، و: بدائع: (۱/۹۸) فصل في بيان ما يصير المسافر به مقيما، ط: ايچ ايم سعيد، و: البحر: ۲/۱۴۳)

خارج مصر کسی مستقل مقام کو مصر کے ساتھ لاحق کرنے کے لئے اور سفرو اقامت میں اس کے تابع مصر ہونے کے لئے چند بنیادی شرطیں ہیں۔پہلی شرط یہ ہے کہ شہر کی آبادی اس مقام سے مل جائے،دوسری شرط یہ ہے کہ خود اس مقام میں بھی آبادی ہو،فتاویٰ ہندیہ:۲/۲۵۱میں ہے:

فإن كان بقرب ذلك قرى لأهل الذمة فعظم المصر حتى بلغ تلك القرى وجاوزها صارت من جملة المصر لاحاطة المصر بجوانبها. اهـ. (فتاویٰ هندية: (۲/۲۵۱) الباب الثامن في الجزية، ط: رشيديه)

اس عبارت میں اہل ذمہ کی بستیوں کے شہر کے ساتھ لاحق ہونے کے لئے شہر کی آبادی وہاں تک پہنچنے کی قید لگائی گئی ہے،دوسرے بستی کے لاحق ہونے کی بات ہے،اور بستی میں آبادی ہوتی ہے،شامی میں ہے کہ جو شخص شہر سے اپنا سفر شروع کر رہا ہے،اس پر مسافر کے احکام اس وقت جاری ہوں گے جب وہ ان مقامات سے بھی

نکل جائے جو مصر کے تابع ہوتے ہیں، مثلاً ربض مصر، یعنی شہر سے متصل گھر اور مکانات جو پھیلتی ہوئی آبادی کی صورت میں ہوتے ہیں، اسی طرح جو بستیاں ربض مصر سے متصل ہوں، وہ بھی تابع مصر ہیں:

وأشار إلى أنّه يشترط مفارقة ما كان من توابع موضع الإقامة كربض المصر وهو ما حول المدينة من بيوت ومساكن فإنّه في حكم المصر وكذا القرى المتصلة بالربض في الصحيح. (شامی: ۱/۵۲۵)، و: (۲/۱۲۱) باب صلاة المسافر، ط: سعید)

ربض مصر اور قری متصلہ سب میں آبادی ہوتی ہے، معلوم ہوا کہ تبعیت کے حکم کے لئے خود اس جگہ میں آبادی ضروری ہے۔

اگر خود وہ مقام آبادی سے خالی ہے، تو پھر اس کی حیثیت فناء مصر کی ہو، فناء مصر وہ جگہ ہے جو مصالح بلد کے لئے ہو، یعنی شہر سے باہر وہ جگہ جو اہل شہر کی عمومی ضروریات کے لئے استعمال ہوتی ہو، مثلاً مردوں کی تدفین، صلوٰۃ عید کی ادائیگی، گھوڑ دوڑ کا میدان وغیرہ۔ اگر وہ شہر سے متصل ہو یا اس کا فاصلہ قدر غلوہ (۱۳۷/ میٹر) سے کم ہو تو وہ بھی شہر کے تابع شمار ہوگا۔

وأمّا الفناء وهو المكان المعد لمصالح البلد كربض الدواب ودفن الموتىٰ وإلقاء التراب فإن اتّصل بالمصر اعتبر مجاوزته وإن انفصل بغلوة أو مزرعة فلا، كما يأتي بخلاف الجمعة فتصح إقامتها في الفناء ولو منفصلاً بمزارع. (رد المحتار: (۱/۵۲۵)، و: (۲/۱۲۱) باب صلاة المسافر، ط: ایچ ایم سعید)

آبادی کا اتصال اگر ایسی جگہ سے ہوا ہے جس میں نہ خود آبادی ہے، نہ وہ فناء مصر ہے، تو وہ اتصال معتبر نہیں، اور اس مقام کو تابع مصر شمار نہیں کیا جائے گا، حضرات

فقہاء نے صراحت فرمائی ہے کہ باغات اگرچہ شہر سے متصل ہوں پھر بھی وہ بحکم مصر نہیں ہوں گے، کیونکہ نہ ان میں آبادی ہوتی ہے، نہ ان پر فناء مصر کی تعریف صادق آتی ہے۔ اُن باغات میں اگر محافظین اور کام کاج کرنے والے لوگ سال بھر بھی مقیم رہتے ہوں، پھر بھی ان باغات کو داخل مصر شمار نہیں کیا جائے گا، کیونکہ باغات آبادی کی جگہ نہیں ہیں:

بخلاف البساتين ولو متصله بالبناء لأنها ليست من البلدة ولو سكنها أهل البلدة في جميع السنة أو بعضها. (رد المحتار: (۱/۵۲۵)، و: (۲/۱۲۱) باب صلاة المسافر، ط: ایچ ایم سعید)

زیر بحث مسئلہ میں تبعیت کی شرائط موجود نہیں ہیں، بعض جانب سے منی کے ساتھ آبادی کا اتصال تسلیم بھی کیا جائے تو خود منی میں آبادی نہیں ہے، آگے مزدلفہ، عرفات میں بھی آبادی نہیں ہے، درحقیقت منی، مزدلفہ، عرفات پہاڑوں کے درمیان صحرائی علاقے ہیں، جو آبادی اور رہائش کی جگہیں نہیں ہیں، بلکہ مناسک کی جگہیں ہیں۔ حکومت کی طرف سے قانوناً وہاں آبادی ممنوع ہے، حکومت کے علاقائی نقشہ میں منی کو غیر آباد ظاہر کر کے اس کو مشاعر مقدسہ کی حیثیت سے دکھایا گیا ہے، اس میں جو شاہی محلات، ہسپتال، دفاتر اور دیگر سرکاری عمارات ہیں، وہ اصالۃً موسم حج کے لئے ہیں، موسم حج کے علاوہ دوسرے مواقع پر ان سے استفاد کی اجازت نہیں ہے، چنانچہ وہ حجاج کے خیموں کی طرح سال بھر خالی پڑے رہتی ہیں۔

جو جدید تعمیرات کی جارہی ہیں وہ حجاج کی سہولت یا انتظامیہ کے عارضی قیام کی غرض سے کی جارہی ہیں، آبادی و رہائش کی غرض سے نہیں، سال بھر حکومتی عملہ کی وہاں آمد و رفت یا قیام رہتا ہے، وہ محض ان خیموں اور جدید تعمیرات کی نگرانی کے لئے ہوتا ہے نہ کہ رہائش کی غرض سے اور خدام و محافظین کی رہائش کا اعتبار نہیں ہے۔

شرعی طور پر بھی منی میں آبادی ممنوع اور ناپسند ہے، امام دارمی رحمہ اللہ نے سنن دارمی (۶/۱۸۶۱) میں باب باندھا ہے، ''باب کراهیة البنیان بمنی'' اس کے تحت حضرت عائشہ کی یہ روایت بیان فرمائی ہے:

قالت قلت یا رسول اللّٰہ! الا نبنی لک بناء بمنی یظلک، فقال رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم: لا، منی مناخ من سبق اھـ. (۲/۷۳، باب کراهیة البنیان بمنیٰ، ط: دار إحیاء السنة النبویة)

امام دارمی کے علاوہ امام ترمذی نے یہ روایت اپنی جامع میں، ابن ماجہ نے سنن ابن ماجہ میں اور امام ابو داود نے سنن ابو داود میں روایت کی ہے، اسی لئے حضرات محدثین اور فقہاء محققین اس بات پر متفق ہیں کہ منی مزدلفہ اور عرفات میں تعمیرات پسندیدہ نہیں ہیں، ان مقامات کی حیثیت مستقل شعائر کی ہے، یہ جائے رہائش نہیں ہیں۔

ملاعلی القاری الحنفی اور علامہ طیبی شافعی اس حدیث کی شرح فرماتے ہوئے لکھتے ہیں:

فمنع وعلل بأن منی موضع لأداء النسک من النحر و رمی الجمار والحلق یشرک فیه الناس فلو بنی فیها لادی إلی کثرة الابنیة تاسیا به فتضیق علی الناس وکذلک حکم الشوارع ومقاعد الاسواق. (مرقاة: ۵/۵۱۷، طیبی: ۵/۲۹۷، و: مرقاة المفاتیح: (۵/۳۴۸) الفصل الثانی، باب رمی الجمار، ط: امدادیہ ملتان)

ابن رشد نے امام مالک سے نقل کیا ہے کہ امام مالک منی میں تعمیرات کو ناپسند فرماتے تھے۔ (البیان والتحصیل: ۱/۲۵۳)

علامہ ابن تیمیہ نے مشاعر میں تعمیرات کو بدعت کہا ہے۔ (فتاویٰ ابن تیمیہ: ۲۶/۱۱۹)

شہر رہائش کے لئے ہوتا ہے، فناء شہر، شہر کی مصالح کے لئے ہے، منی، مزدلفہ، عرفات، نہ رہائش کے لئے ہیں نہ مصالح بلد کے لئے ہیں، شہر وفناء شہر کا مقصد جدا ہے اور مشاعر مقدسہ کا مقصد جدا ہے، اس لئے یہ مشاعر، شہر کے تابع نہیں ہوں گے، ان کی اپنی مستقل حیثیت ہے، اور وہ استقلالی حیثیت نصوص سے اور محدثین اور فقہاء کے اجماعی کلام سے ثابت ہے، پس بالفرض والتقدیر اگر کئی جوانب سے بھی ان مقامات سے آبادی کا اتصال ہوجائے پھر بھی شعار نسک ہونے کی وجہ سے ان کی استقلالی حیثیت ختم نہیں ہوگی، اور ان کو شہر کے تابع نہیں کہا جائے گا، کیونکہ دو مقام اگر مستقل ہوں تو اگر چہ ان میں اتصال ہو پھر بھی ایک دوسرے کے تابع نہیں ہوتے۔

امام حرم شیخ محمد بن عبداللہ السبیل سے مسعی کے متعلق سوال کیا گیا تھا کہ مسعی پہلے مسجد حرام سے خارج تھا لیکن اب مسجد کے احاطہ اور عمارت میں آگیا ہے تو کیا اب وہ جگہ مسجد کے حکم میں ہوگی؟ اس کا جواب نفی میں دیتے ہوئے وجہ یہ بیان یہ فرمائی کہ: مسعی مشاعر میں سے ایک مشعر ہے، جس میں تغیر وتبدل نہیں ہوسکتا، نہ اس کی ذات میں تبدل ہوسکتا ہے اور نہ ان احکام میں تبدل ہوسکتا ہے جو تبعاً اس سے متعلق ہیں، الفاظ یہ ہیں:

الّذی یظهر لنا واللّٰه أعلم ان المسعی لایعد الیوم من المسجد الحرام وان کا متصلا بالمسجد وذلک؛ لأنّ موضع المسعی مشعر من المشاعر الّتی لاتتغیر ولا تتبدل لا بذواتها ولا بالاحکام المتعلقة بها تبعا لذالک، وبناء علی هٰذا فإنّه لا بأس من بقاء الجنب والحائض والنفساء فیه. الخ.

اس جواب کی تائید میں ''مجلس المجمع الفقهی الاسلامی لرابطة العالم الإسلامی'' کا

جو فیصلہ نقل فرمایا ہے اس میں بھی مسعی کے مسجد کی عمارت میں داخل ہونے کے باوجود اس کی حیثیت کے عدم تبدل کی وجہ اس کے مستقل شعار ہونے کو بتایا گیا ہے:

فقرر بالاغلبية ان المسعى بعد دخوله ضمن مبنى المسجد الحرام لايأخذ حكم المسجد لانه مشعر مستقل، يقول الله عز وجلّ ان الصفا والمروة من شعائر الله. الخ

یہ فتویٰ وفیصلہ سب ہی موجودہ اہل علم میں اتفاقی ہے......اس سے معلوم ہوا کہ جو مقام شعار ہو اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوسکتی، جو اس کی استقلالی حیثیت کے منافی ہو، نہ اس کی ذات میں نہ اس سے متعلقہ کسی حکم میں، وہ حکم خواہ مناسک حج میں سے ہو یا مناسک حج کے علاوہ ہو۔

چنانچہ مسعی کی عمارت مسجد کے ضمن میں آنے کے باوجود اس میں سعی کا حکم بھی برقرار ہے جو مناسک حج میں سے ہے، اسی طرح حائضہ ونفساء کے دخول کے جواز کا حکم بھی برقرار ہے، جس کا تعلق مناسک حج سے نہیں، دونوں طرح کے احکام میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی۔

ہماری ناقص فہم کے مطابق بعینہ یہ بات زیر بحث مسئلہ میں بھی موجود ہے، ’’منیٰ‘‘ بھی مشاعر مقدسہ میں سے ایک مشعر ہے، اور شرعی نصوص سے ثابت مستقل حیثیت کا حامل مقام ہے، رمی جمار کا اہم نسک یہاں ادا کیا جاتا ہے، اور مبیت منیٰ کا نسک بھی اس سے متعلق ہے، لہٰذا اس حیثیت سے نہ اس کی ذات میں کوئی تبدیلی کی جاسکتی ہے، اور نہ اس سے متعلقہ احکام میں خواہ مناسک حج میں کا کوئی حکم ہو یا حج کے علاوہ کوئی اور حکم۔

اگر آبادی کے اتصال کی وجہ سے ’’منیٰ‘‘ کو مکہ کے تابع کہہ دیا جائے تو اگر چہ مناسک حج کا کوئی حکم نہیں بدلے گا مستقل مقام ہونے کی حیثیت سے سفرو

اقامت کے جو احکام اس کے ہیں وہ سب یکسر بدل جائیں گے کیونکہ سفر واقامت کے باب میں مستقل مقام کا حکم الگ ہے، اور تابع وملحق مقام کا حکم جدا ہے، **کما لایخفی علی ذوی العلم.**

تین دہائیاں قبل تک منی میں کئی عمارتیں اور بلڈنگیں تھیں، اکابر کی بعض تحریروں سے پتہ چلتا ہے کہ ایک وقت میں مکہ مکرمہ کی آبادی بڑھتے بڑھتے منی کی آبادی سے متصل ہوگی، علامہ یوسف بنوری رحمہ اللہ معارف السنن میں تحریر فرماتے ہیں:

غير ان الآن قد اتصلت ابنية مكّة بها وبُنيت فيها بيوت للسكنى والحجاج في الموسم. (معارف السنن: (۶/ ۱۹۴) باب ما جاء في الخروج إلى منى والمقام بها، ط: مجلس الدعوة والتحقيق الإسلامي، بنوري تاؤن)

اس وصل باوجود منی کو تابع کہہ کر اقامت کا حکم نہیں دیا گیا، کیونکہ مستقل مقام اتصال کے باوجود دوسرے مقام کے تابع نہیں ہوتا ہے۔ فقط۔

حررہ العبد
محمد طاہر عفی اللہ عنہ
مفتی مظاہر علوم سہارنپور
۱۴۳۰/۲/۲۶ھ

الجواب صحیح
مقصود احمد (مفتی مظاہر علوم)
۳۰/۲/۳ھ

الجواب صحیح
محمد عاقل (صدر مدرس مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور)
۳۰/۳/۴ھ

الجواب صحیح والمجیب مصیب
سعید احمد عفا اللہ عنہ پالن پوری
خادم دار العلوم دیوبند (۳۰/۳/۳ھ)

جواب صحیح ہے اور مسئلہ کے تمام گوشوں کو حاوی ہے

(......) ہے اللہ مجیب کو جزائے خیر دے

زین العابدین الاعظمی
رئیس قسم التخصص

الجواب صحیح

محمد......(ناظم مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور)

عربی عبارت کے دستخط کا عکس:

رغم هذا الاتصال لم يحكم لـ"منى" بالتبعية في الإقامة، لأن المكان المستقل لايتبع مكاناً آخر؛ وإن اتصل به.

حرره العبد
محمد طاهر عفا الله عنه سهارنفور، يوبي ۲۴۷۰۰۱، الهند
۱۴۳۰/۲/۲۶هـ

منی کے بارے میں مدرسہ مظاہر العلوم سہارنپور کا عربی فتوی

الجواب وباللّٰه التوفيق:

"منى" موضع مستقل لا يكون تابعًا لمكّة المكرّمة فى أحكام الظعن والإقامة ، كما نصّ به الفقهاء والمحدثون ـ كما فى "الهندية" ۱/ ۱۴۰، و "البدائع" ۱/ ۲۷۰، و"البحر الرائق" ۲/ ۱۴۳ ــ:

ولو نوى الإقامة خمسة عشر يومًا فى موضعين، فإن كان كل منهما أصلاً بنفسه، نحو مكّة و منى، والكوفة والحيرة، لايصير مقيمًا، وإن كان إحداهما تبعًا للآخر حتى تجب الجمعة على سكانه يصير مقيمًا. اهـ

وإلحاق مكان مستقل خارج مصر بمصر وعدُّه منه فى أحكام السفر والإقامة يتوقف على شروطٍ أساسية : الأوّل أن يتّصل عُمران مصر بذلك المكان، والثانى أن يكون ذلك المكان مسكونًا ، ففى "الهندية" (۲/ ۲۵۱):

فإن كان بقرب ذلك قرى لأهل الذمة فعظم المصر حتى بلغ تلك القرى وجاوزها صارت من جملة المصر ؛ لإحاطة المصر بجوانبها .اهـ

ففى هٰذه العبارة قُيِّد إلحاق قرى لأهل الذمة بمصر بأن يتّصل عُمرانه بتلك القرى ، والقرى ذات سكن .

وتشير عبارة الشامى أن من بدأ رحلته من المدينة لاتجرى عليه أحكام السفر إلّا إذا خرج عن الأمكنة التابعة للمصر ، كربض المصر ، أي المنازل والبيوت الّتى تكون حول المدينة ، وكذا القرى المتصلة بربض المصر تابعة للمصر ، والنص كما يلى :

وأشار إلى أنّه يشترط مفارقة ما كان من توابع موضع الإقامة، كربض

المصر، وهو ما حول المدينة من بيوت ومساكن، فإنّه فى حكم المصر وكذا القرى المتصلة بالربض فى الصحيح. (۱/۵۲۵)

ومعلوم أن ربض مصر والقرى المجاورة تكون عامرةً ، فهٰذا يدل على أن إلحاق مكان بمصر لابد له من العمران فى ذلک المكان.

وإن كان ذلک المكان نفسه خاليًا من البنيان فمن شأنه أن يكون اعتباره من فناء المصر ، و " الفناء " هو المكان المعد لمصالح البلد المذكورة فى القطعة الآتية من نص الشامى ، فهو إن كان متصلًا بالمدينة أو منفصلاً بأقل من قدر غلوة (۱۳۷ متر) يكون تابعًا للمدينة ، قال العلامة الشامى (رد المحتار : ۱/۵۲۵) :

وأمّا الفناء وهو المكان المعدّ لمصالح البلد، كربض الدواب، ودفن الموتى، وإلقاء التراب، فإن اتّصل بالمصر اعتبر مجاوزته، وإن انفصل بغلوة أو مزرعة فلا، كما يأتى، بخلاف الجمعة، فتصح إقامتها فى الفناء، ولو منفصلاً بمزارع. اهـ

وإن كان اتّصال العُمران بمكان ليس فيه بُنيان ولا هو من فناء المصر فذلک الاتّصال لايعتبر ، ولا يُعدّ ذلک المكان من توابع المصر ؛ لأنّ الفقهاء صرحوا بأنّ البساتين ولو كانت متّصلةً بالبنيان لاتكون فى حكم المصر ؛ لأنّها لاتكون عامرةً ، ولايصدق عليه تعريف فناء المصر ، فلهٰذا لايعد تلک البساتين من المصر ؛ سواء أقام فيها حراسها والعاملون فيها طوال السنة ؛ لأنّها ليست من مواضع العمران ، كما فى رد المحتار : (۱/۵۲۵) :

بخلاف البساتين، ولو متّصلة بالبناء؛ لأنّها ليست من البلدة، ولو سكنها أهل البلدة فى جميع السنة أو بعضها. اهـ

أمّا هٰذه المسئلة الجارى البحث فيها فلايوجد فيها شروط التبعية ، لو سُلِّم اتصال العمران بـ " مِنٰ " من ناحية ؛ فـ " منى " نفسها غير عامرة ، حتى العرفات والمزدلفة ليس فيهما عمران .

الحقيقة أن منى والمزدلفة والعرفات مناطق صحرائية مُحاطة بالجبال، ومحظورة السكن والعمران فى كل منها من قِبَل الحكومة ؛ لأنّها أمكنة المناسک ، كما عُرضت " منى " فى خريطة محلية للحكومة غيرَ مسكونة ، وعُدَّ من المشاعر المقدّسة ، وأمّا القصور الملكية والمستشفيات والمكاتب والمبانى الحكومية فلا تُستخدم إلا فى موسم الحج ، لذٰلک لاتزال خاليةً سوى الموسم ، مثل مخيمات الحجيج ، والمبانى الجارى بناؤها هى لتوفير التسهيلات للحجاج ، وإقامة غيرِ مستقلة للإدارة لا للسكن والإقامة .

أمّا اختلاف رجال الحكومة إليها والإقامة فيها طوال السنة فهو للإشراف على البناء الجديد ، وصيانة المخيمات ، لا لغرض السكن والإقامة، أمّا إقامة العُمال والحُرّاس فهى غير معتبرة.

ومن ناحية الشريعة الإقامةُ بـ " منى " مستقلاً مكروهة فقد ترجَم الإمام الدارمى فى سننه بابًا بعنوان " باب كراهية البنيان بمنى " ثم ذكر حديث عائشة رضى اللّٰه عنها :

قالت: قلت يا رسول اللّٰه! ألا نبنى لک بناءً بمنى يُظلّک، فقال رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم: لا، منى مناخ من سبق اهـ.

ورواه سوى الدارمى الإمام الترمذى فى " جامعه " وابن ماجه فى "سننه" وأبو داود فى "سننه" ، نظراً إلى ذٰلک اتفق المحدّثون والفقهاء المحققون على كراهية البنيان بمنى والمزدلفة والعرفات ، وهٰذه المواضع

تعتبر شعائر مستقلة ، ليست هي للسكن والإقامة ، قال الملا على القارى الحنفى والعلامة الطيبى الشافعى فى شرح هٰذا الحديث:

فمُنع وعُلّل بأن "منى" موضع لأداء النسک: من النحر، ورمى الجمار، والحلق ، يشرک فيه النّاس، فلو بُنِى فيها لأدّى إلى كثرة الأبنية تأسّيا به، فتضيّق على النّاس، وكذلک حكم الشوارع ومقاعد الأسواق. (مرقاة: ۵/ ۱۷۵، طيبى: ۵/ ۲۹۷)

نقل ابن رشد عن الإمام مالک ــ كما فى " البيان والتحصيل " ۱/ ۲۵۳ ــ أنّه قيل له :

ما اتخذ النّاس من البنيان بمنى ؟ فكره ذلک ، وقال : ذلک مما يضيق على النّاس ، ولم يعجبه البنيان بها .

وقال ابن تيمية : كل هٰذه ــ أى العمارات فى المشاعر ــ محدثة بعد الخلفاء الراشدين . (مجموع فتاوىٰ ابن تيمية: ۲۶/ ۱۱۹)

المصر يكون للإقامة ، وفِناء المصر لمصالح البلد ، ومنى والمزدلفة والعرفات ليست للإقامة ولا لمصالح البلد ، هدفُ المصر وفنائه يغاير هدف المشاعر المقدسة ، نظرًا إلى ذٰلک لاتكون هٰذه المشاعر تابعةً للمصر ، وتحتلّ مكانةً مستقلّةً ، وهٰذه المكانة تثبت من النصوص وكلام الفقهاء والمحدثين جميعًا ، فلو فرضنا اتصال العمران بهٰذه الأمكنة من شتى الجوانب لاتزال تعتبر مستقلةً من حيث كونها شعائر النسک ، ولاتُعد من توابع المصر ؛ لأنّ المكانين المستقلين ـ ولو تحقق الاتّصال بينهما ـ لايتبع أحدهما الآخر .

عندما سئل إمام الحرم الشيخ محمد بن عبد اللّٰه السُبيّل عن المَسعَى أنّه كان خارجًا من المسجد الحرام سَبقًا، لكن الآن يضمُّه بناء المسجد، فهل

يُعَد من حكم المسجد؟ فأجاب حفظه اللّٰه بعدم دخوله فى المسجد، وقال:

الّذى يظهر لنا ــ واللّٰه أعلم ــ أن المَسعى لايعد اليومَ من المسجد الحرام، وإن كان متّصلاً بالمسجد، وذلک لأنّ موضع المسعى مَشعر من المشاعر الّتى لاتتغير ولاتتبدل، لا بذواتها، ولا بالأحكام المتعلقة بها تبعًا لذٰلک، وبناءً على هٰذا فإنّه لابأس من بقاء الجُنب والحائض والنفساء فيه...... الخ.

تأييدًا لجوابه نقل الشيخ قرارَ " مجلس المجمع الفقهى الإسلامى لرابطة العالم الإسلامى " مايدل على سبب عدم تبدّل اعتباره لكونها شعارًا مستقلًا ؛ رغم دخوله فى بناء المسجد ، فقال :

فقرر بالأغلبية أن المسعى بعد دخوله ضمن مبنى المسجد الحرام لا يأخذ حكم المسجد ؛ لأنّه مشعر مستقل ، يقول اللّٰه عزّ وجلّ : ﴿ إنّ الصّفا والمروة من شعائر اللّٰه ﴾ الخ .

هٰذا الفتوىٰ متفق عليه لدى جميع علماء عصرنا .

من هٰذه التفاصيل علمنا أن ما كان من الشعائر فلايجوز فيه أي تغير و تبدل ينافى مكانتها المستقلة ، لا بذواتها ، ولا بالأحكام المتعلقة لها ، سواء كان ذلک الحكم من مناسک الحج أو غيرها ، فبقى حكم السعى ــ وهو من مناسک الحج ــ فى المسعى ، رغم دخوله ضمن مبنى المسجد الحرام ، كما بقى حكم جواز دخول الحائضة والنفساء ، وهو ليس من مناسک الحج، فبقى هٰذان الحكمان على حالهما لم يعتبر عليهما أي تغير بعد دخوله فى بناء المسجد.

وهٰذا الأمر بنفسه موجود فى المسألة المطروحة للنقاش حسب رأينا المتواضع ، و " منى " مشعر من المشاعر المقدسة ، ويحتل مكانةً مستقلةً وفقَ ما

ثبت من النصوص الشرعية ، ويتم فيه أداء رمى الجمار الّذى هو من أهم مناسک الحج ، كما يتعلق به نسک المبيت ، فلايمكن التغير والتبدل لا بذاته، ولا بالأحكام المتعلقة به ، سواء كان ذٰلک الحكم متعلقًا بمناسک الحج أو غيرها .

ورغم أن اعتبار " منى " من مدينة مكّة بسبب اتصال العُمران لايؤثر فى حكم من مناسک الحج ، إلّا أنّه يغير أحكام السفر والإقامة الّتى تتعلق بمنى من حيث كونها مكانًا مستقلاً ، فإنّه لايخفى على أهل العلم أن حكم مكان مستقل فى السفر والإقامة يغاير حكم المكان التابع والملحق .

قبل ثلاثة عقود كانت فى " منى " عدة مبانٍ ، ويظهر من كلام بعض الأكابر أن عُمران مكّة المكرّمة كان امتد إلى " منى " فى وقت ، والعلامة يوسف البنوري يقول في " معارف السنن (۶/۱۹۳) " :

غير أنّ الآن قد اتّصلت أبنية مكّة بها وبُنيت فيها بيوت للسكنٰى والحجاج فى الموسم اهـ .

رغم هٰذا الاتصال لم يحكم لـ " منى " بالتبعية في الإقامة ؛ لأنّ المكان المستقل لايتبع مكانًا آخر وإن اتّصل به .

حرره
محمد طاهر عفا الله عنه
مفتى مظاهر علوم سهارنفور
۱۴۳۰/۲/۲۶ھ

الجواب صحيح	الجواب صحيح
محمد عاقل (صدر مدرس مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور)	مقصود احمد (مفتی مظاہر علوم)
۳۰/۳/۴ھ	۳۰/۲/۳ھ

الجواب صواب والمجيب مصيب	الجواب صحيح محيط بجوانب الأسئلة كلها
كتبه العبد سعيد احمد عفا الله عنه البالنبورى	**زين العابدين الاعظمى**
رئيس هيئة التدريس و شيخ الحديث بدار العلوم ديوبند	رئيس قسم التخصص فى الحديث

الجواب صحيح
محمد...... (ناظم مدرسه مظاهر العلوم سهارنفور)

منیٰ کے لئے روانگی

☆ ...... یوم الترویہ یعنی آٹھویں ذی الحجہ کی رات ہی سے منیٰ کی روانگی شروع ہوجاتی ہے۔(۱)

اس لئے ہر حاجی ۷...ذی الحجہ کی شام ہی سے منیٰ کے لئے روانگی کی تیاریاں مکمل کرلے تاکہ ''مکتب'' کی بسوں کے نظام کے مطابق منیٰ جانا آسان ہو، کیونکہ ناواقف اور ناتجربہ کار لوگوں کے لئے ''مکتب'' کی بسوں کے بغیر منیٰ کی قیام گاہ تک پہنچنا بہت ہی دشوار ہوتا ہے، البتہ جو حضرات واقف کار ہیں وہ اطمینان سے آٹھویں

---

(۱) فإذا كان يوم التروية وهو الثامن من ذى الحجة راح الإمام والنّاس معه من مكّة إلى منٰى ، والسنة خروجه بعد طلوع الشمس وهو الصحيح . (غنية الناسک : (ص: ۱۴۶) باب السعى بين الصفا والمروة ، فصل : فى الرواح من مكّة إلى منٰى وأداء الصلوات الخمس والمبيت بها ، ط:إدارة القرآن)

🗀 الدر مع الرد : (۲/۵۰۳) كتاب الحج ، مطلب : فى الرواح إلى عرفات ، ط: سعيد .

🗀 إرشاد السارى : (ص: ۲۶۶) باب الخطبة ، فصل : فى الرواح من مكّة إلى منٰى ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

تاریخ کی صبح کو فجر کی نماز کے بعد منیٰ روانہ ہوں، لیکن موجودہ دور میں ''مکتب'' کی بسوں سے جانے میں ہی عافیت ہے اور خود جانا بہت ہی مشکل ہوتا ہے، کیونکہ سارے خیموں کی شکل ایک جیسی ہوتی ہے۔

☆......آٹھ ذی الحجہ کو سورج نکلنے کے بعد منیٰ روانہ ہونا سنت ہے لیکن آج کل حجاج کرام کی تعداد بہت ہی زیادہ ہونے کی وجہ سے ''مکتب'' والے لوگوں کو رات ہی سے منیٰ بھیجنا شروع کردیتے ہیں، اس لئے اگر رات کو منیٰ جانا پڑے تو چلے جائیں، اعتراض نہ کریں۔

☆......منیٰ جاتے وقت ایک جوڑا کپڑا، احرام کی ایک زائد چادر، مسواک یا ٹوتھ برش اور اگر سردی ہے تو اس سے حفاظت کے لئے بغیر سلی ہوئی کوئی چادر بھی ساتھ لے لیں، کھانے پینے کی تمام اشیاء وہاں دکانوں میں ملتی ہیں اس لئے کھانے پینے کی کوئی چیز ساتھ لے جانے کی ضرورت نہیں۔

☆......منیٰ میں آٹھویں تاریخ سے نویں تاریخ کی صبح تک مقیم رہ کر ظہر، عصر، مغرب عشاء اور فجر پانچ نمازیں ادا کرنا مسنون ہے۔(۱)

(۱) ویصلی بها الظهر والعصر والمغرب والعشاء والفجر . (إرشاد الساری : (ص: ۲۶۲) باب الخطبة ، فصل : فی الرواح من مكّة إلى منٰى ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗀 غنية الناسک : (ص: ۱۴۶) باب السعی بين الصفا والمروة ، فصل : فی الرواح من مكّة إلى منٰى ...... الخ ، ط: إدارة القرآن .

🗀 الدر مع الرد : (۵۰۳/۲) كتاب الحج ، مطلب : فی الرواح إلى عرفات ، ط: سعيد .

🗀 فإذا كان يوم التروية وهو الثامن من ذی الحجة راح الإمام والنّاس معه من مكّة إلى منٰى ، والسنة خروجه بعد طلوع الشمس وهو الصحيح . (غنية الناسک : (ص: ۱۴۶) باب السعی بين الصفا والمروة ، فصل : فی الرواح من مكّة إلى منٰى وأداء الصلوات الخمس والمبيت بها ، ط:إدارة القرآن)

🗀 الدر مع الرد : (۵۰۳/۲) كتاب الحج ، مطلب : فی الرواح إلى عرفات ، ط: سعيد .

🗀 إرشاد الساری : (ص: ۲۶۲) باب الخطبة ، فصل : فی الرواح من مكّة إلى منٰى ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

☆......''منیٰ'' میں اب خیمے آگ پروف، عمدہ اور شاندار بن گئے ہیں، اے سی لگے ہوئے ہیں، اندر خوشنما قالین بچھے ہوئے ہیں، اور باہر پانی کے کولر کا بھی انتظام ہے، مگر دیکھنے میں یہ سب یکساں معلوم ہوتے ہیں، اس لئے حجاج کرام منیٰ جانے کے بعد اپنے خیمے کی پہچان اچھی طرح کرلیں اور اپنے خیمے سے زیادہ دور نہ جائیں ورنہ گم ہوجانے کا قوی اندیشہ ہے، اور اپنا تعارفی کارڈ اور منیٰ روانگی سے پہلے مکتب کی طرف سے ملے ہوئے خیمہ نمبر کا کارڈ ہر وقت ساتھ رکھنا ضروری ہے۔

☆......خیموں میں مردوں اور عورتوں کا اختلاط نہ ہونے دیں بلکہ خیمے کے لوگ اپنے کپڑے وغیرہ درمیان میں ڈال کر دونوں حصہ الگ الگ کردیں، یہ بہت ضروری ہے تاکہ نظروں کی حفاظت ہوجائے،(۱)

اور مقدس مقامات میں مقدس فریضہ ادا کرتے ہوئے گناہوں سے محفوظ ہو جائیں، حکومت اور مکتب کی جانب سے درمیان میں پردہ ڈالنے پر کوئی پابندی نہیں ہے۔

☆......ذی الحجہ کی نویں تاریخ کی فجر کی نماز سے تیرہویں تاریخ کی عصر تک ہر فرض نماز کے بعد مَردوں کے لئے بلند آواز سے اور عورتوں کے لئے آہستہ آواز سے ایک مرتبہ تکبیرِ تشریق پڑھنا واجب ہے۔

(۱) ومن المنكر الفاحش : مايفعله الآن نسوان بمكّة فی تلک البقعة من الاختلاط بالرجال ، ومزاحمتهن لهم فی تلک الحالة ...... (إرشاد الساری : (ص: ۲۴۰) باب أنواع الأطوفة ، ...... فصل : فی مسائل شتی ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗀 البحر العميق : (۱۳۱۱/۳) الباب العاشر : فی دخول مكّة ، وفی الطواف والسعی ، فصل : مايستحب للحاج فی مدة مقامه بمكّة ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

🗀 نظر الرجل إلى المرأة الأجنبية حرام من كل شیئ من بدنها ، وكذلک نظر المرأة إلى الرجل سواء كان بشهوة أو بغيرها ...... ومذهبنا و مذهب الجمهور أنّه إنّما يحرم النظر إذا كان على وجه الشهوة والّذی ذكره إنّما هو من باب الاحتياط فی الدين فإنّه من رعى حول الحمی يوشک أن يقع فيه . (مرقاة المفاتيح : (۲۵۲/۶) رقم الحديث : ۳۱۰۰ ، كتاب النكاح ، باب النظر ، الفصل الأوّل ، ط: رشيديه)

تکبیرِ تشریق یہ ہے:

أَللّٰهُ أَكْبَرُ، أَللّٰهُ أَكْبَرُ، لَاإِلٰهَ إِلَّااللّٰهُ،

وَاللّٰهُ أَكْبَرُ، أَللّٰهُ أَكْبَرُ، وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ.

☆......اور منیٰ میں ۹ ذی الحجہ سے دسویں تاریخ کی رمی تک ہر فرض نماز کے بعد پہلے تکبیرِ تشریق کہے پھر اس کے بعد تلبیہ پڑھے۔(۱)

☆......رات کو منیٰ میں قیام کرنا سنت ہے۔(۲)

☆......منیٰ روانہ ہوتے وقت یہ خیال کریں کہ ''میرا مولیٰ اب مجھے منیٰ بلا رہا ہے''۔

---

(۱) ویجب تکبیر التشریق مرة صفته " ، اللّٰه اکبر اللّٰه اکبر لاإلٰه إلّا اللّٰه واللّٰه اکبر اللّٰه اکبر وللّٰه الحمد " عقیب کل فرض أدی بجماعة مستحبة من فجر عرفة إلی عصر العید علی إمام مقیم و مسافر أو قروی أو امرأة) بالتبعیة لکن المرأة تخافت ...... وقالا : بوجوبه فور کل فرض مطلقاً إلی آخر أیّام التشریق وعلیه الاعتماد ، ویأتی المؤتم به وإن ترکه إمامه ، والمسبوق یکبر عقیب القضاء ویبدأ الإمام بسجود السهو ثم بالتکبیر ثم بالتلبیة لو محرمًا . (الدر المختار مع رد المحتار : (۱۷۷/۳ ــ ۱۸۱) کتاب الصلاة ، مطلب : فی تکبیر التشریق، ط: سعید)

🗁 الفتاویٰ الهندیة : (۱۵۲/۱) کتاب الصلاة ، الباب السابع عشر فی صلاة العیدین ، ومما یتصل بذلک ، تکبیرات أیام التشریق ، ط: رشیدیه .

🗁 غنیة الناسک : (ص: ۷۵) باب الإحرام ، التلبیة ، ط: إدارة القرآن .

🗁 البحر الرائق : (۱۶۶/۲) کتاب الصلاة ، باب صلاة العیدین ، ط: سعید .

(۲) فإذا کان یوم الترویة وهو الثامن من ذی الحجة راح الإمام والنّاس معه من مکّة إلی منیٰ...... وأداء الصلاة الخمس بها ، والمبیت بها أکثر اللیلة سنة . (غنیة الناسک : (ص: ۱۴۶) باب السعی بین الصفا والمروة ، فصل فی الرواح من مکّة إلی منیٰ ، وأداء الصلاة الخمس و المبیت بها ، ط: إدارة القرآن)

🗁 الشامیة : (۵۰۳/۲) کتاب الحج ، مطلب : فی الرواح إلی العرفات ، ط: سعید .

🗁 یسن الاتجاه أو الرواح إلی منیٰ فی یوم الترویة ــ الثامن من ذی الحجة ــ والمکث أو المبیت بها إلی فجر عرفة . (الفقه الإسلامی وأدلّته : (۱۷۹/۲) الباب الخامس : الحج والعمرة ، المبحث الخامس ، المطلب الرابع : الوقوف بعرفة ، ط: دار الفکر)

☆......ایامِ حج ۹ ذی الحجہ سے بارہ ذی الحجہ میں بعد والی رات پہلے دن کی شمار کی جاتی ہے، تیرہویں ذی الحجہ کے بعد والی رات تیرہویں کے تابع شمار نہیں کی جاتی۔(۱)

منیٰ کے لئے روانگی اور قارن

☆......آٹھ ذی الحجہ کو قارن جو پہلے ہی سے احرام کی حالت میں ہے، اگر اس نے طواف اور سعی کے بعد اب تک طوافِ قدوم نہیں کیا ہے تو اس کے لئے آٹھ ذی الحجہ کو منیٰ جانے سے پہلے طوافِ قدوم کرنا سنت ہے، اور اس کے بعد سعی کرنا افضل ہے، اگر طوافِ قدوم کے بعد سعی کرنے کا ارادہ ہے تو طواف کے تمام چکروں میں اضطباع

---

(۳) قلت : وفی حج الولوالجیة أیضًا : اللیل فی باب المناسک تبع للنّهار الّذی تقدم ، ولهٰذا لو وقف بعرفة لیلة الفجر قبل الطلوع أجزأه اهـ . والحاصل أن لیلة عرفة تابعة لما قبلها فی الحکم حتی صح الوقوف فیها . وکذا لیلة النحر والّتی تلیه والّتی بعدها حتی صح النحر فی اللیالی وجاز الرمی فیها ، والمراد أن الأفعال الّتی تفعل فی النّهار من نحر أو وقوف أ ونحو ذٰلک من أفعال المناسک ، یصح فعلها فی اللیلة الّتی تلی ذٰلک النّهار رفقًا بالنّاس ، وبسبب ذٰلک أطلق علی تلک اللیلة أنّها تبع للیوم الّذی قبلها أی : تبع له فی الحکم لا حقیقة ، وإلّا فکل لیلة تبع للیوم الّذی بعدها ، ولذا یقال : لیلة النحر للیلة الّتی یلیها یوم النحر ، ولو کانت للیوم الّذی قبلها لصارت أسما للیلة عرفة ، ولایسوغ ذٰلک لالغة و لا شرعاً ، وحینئذٍ فلایصحّ ماقیل ان الیوم الثالث من أیّام النحر لا لیلة له ولیوم الترویة لیلتان ، الا أنّ یرید من حیث الحکم ، وإلّا لزم أنّه لو نذر اعتکاف یوم الترویة ویوم عرفة یجب علیه اعتکاف الیومین وثلاث لیال ، والظاهر انّه لایقول له احد ، فافهم .

اگر کوئی شخص عمرہ یا حج کر کے میقات سے باہر چلا گیا اور دوبارہ مکہ مکرمہ آنا چاہتا ہے تو واپسی کے وقت احرام ضروری ہے، ورنہ دَم دینا لازم ہوگا اور اگر میقات کی حد سے باہر نہیں گیا تو واپسی کے وقت احرام باندھنے کی ضرورت نہیں ہوگی۔(۲)

میقات سے باہر رہنے والوں کے لئے مسجد عائشہ سے احرام باندھنا

☆......جو لوگ میقات سے باہر رہتے ہیں اگر وہ لوگ حرم کی حدود میں آئیں تو ان کے لئے مسجد عائشہ سے احرام باندھنا کافی نہیں ہے، بلکہ ان کو دوبارہ

---

(۱) واعيان هٰذه أى المواقيت فقط ليست بشرط...... بل الواجب عينها أو حذوها...... وإن لم يعلم المحاذاة، فإنّه لايتصوّر عدم المحاذاة فعلى مرحلتين من مكّة كجدّة المحروسة من طرف البحر. (إرشاد السارى: (ص: ۱۱۳، ۱۱۴) باب المواقيت، فصل فى مواقيت أهل الآفاق، الإمدادية مكّة المكرّمة)

غنية الناسک: (ص: ۵۴) باب المواقيت، فصل: وأمّا ميقات أهل الآفاق، ط: إدارة القرآن.

الدر مع الرد : (۴۷۶/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد .

(۲) فإن جاوزه فليس له أن يدخل مكّة من غير إحرام ؛ لأنّه صار آفاقيا . (البحر الرائق : (۳۱۹/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد)

والمكى إذا خرج من مكّة لحاجة له، فلم يجاوز الوقت ، فله أن يدخل مكّة بغير إحرام، وإن جاوز لم يكن له أن يدخل مكّة إلاّ بإحرام، لما بينا أن من قصد إلى موضع فحاله فى حكم الإحرام كحال أهل ذلک الموضع. (المبسوط للسرخسى: (۱۱۵/۲) كتاب الحج، باب المواقيت، ط: حبيبيه كوئٹه)

الشامية: (۴۷۸/۲) كتاب الحج، مطلب: فى المواقيت، ط: سعيد.

کسی میقات پر جا کر احرام باندھ کر آنا ضروری ہے، اگر میقات پر واپس جا کر احرام باندھ کر نہیں آیا اور مسجد عائشہ ہی سے احرام باندھ لیا تو دَم دینا لازم ہوگا۔(۱)

اور یہ دَم حرم کی حدود میں دینا لازم ہے۔(۲)

☆......میقات سے باہر رہنے والے لوگ حرم کی حدود میں آتے ہوئے میقات سے احرام باندھ کر آئے پھر مکہ مکرمہ میں کچھ دن ٹھہرے، تو یہ لوگ اس دوران اگر مزید عمرہ کرنا چاہیں تو مسجد عائشہ سے احرام باندھ کر مزید عمرے کر سکتے ہیں، مزید عمرہ کے احرام کے لئے دوبارہ میقات جانا لازم نہیں ہوگا، ہاں اگر عمرہ وغیرہ کر کے میقات سے باہر چلے جائیں پھر دوبارہ عمرہ کرنا چاہیں تو میقات سے احرام باندھ کر آنا ضروری ہوگا۔(۳)

---

(۱) وفی شرح الطحاوی : وسقط ما وجب علیه لأجل المجاوزة عندنا ، غیر أنّه ینظر إن کان أحرم من المیقات لایجب علیه الدم ، وإن کان لم یخرج إلی المیقات للإحرام وأحرم من میقات أهل مکّة وهو بمکّة أو أحرم من میقات أهل البستان وهو به یجب علیه الدم لترک التلبیة علی المیقات . (التاتارخانیة : (۲/۳۵۷ ، ۳۵۸)کتاب الحج ، الفصل الرابع : فی بیان مواقیت الإحرام وما یلزم لمجاوزتها بغیر إحرام ، ط: قدیمی)

🗀 تحفة الفقهاء : (۱/۳۹۷) کتاب الحج ، باب الإحرام ، ط : دار الکتب العلمیة .

🗀 إرشاد الساری : (ص: ۱۱۳ ، ۱۱۴) باب المواقیت ، فصل : فی مواقیت ، الصنف الأوّل ، ط: الإمدایة مکّة المکرّمة .

(۲) ولایجوز ذبح الهدایا إلّا فی الحرم . (الفتاویٰ الهندیة : (۱/۲۶۱) کتاب المناسک ، الباب السادس عشر فی الهدی ، ط: رشیدیه)

🗀 ولایجوز ذبح الهدایا إلّا فی الحرم سواء کان تطوّعاً أو غیره ، قال تعالیٰ فی جزاء الصید: ﴿ هدیاً بالغ الکعبة ﴾ فکان أصلاً فی کل دم وجب کفارة . (فتح القدیر : (۳/۱۶۳) کتاب الحج ، باب الهدی ، ط: رشیدیه)

🗀 العنایة : (۳/۱۶۳) کتاب الحج ، باب الهدی ، ط: رشیدیه .

(۳) وأمّا میقات أهل الحرم والمراد به کل من کان داخل الحرم ، سواء کان أهله أو لا ، مقیماً به أو مسافراً . فالحرم للحج والحل للعمرة ، والأفضل إحرامها من التنعیم من معتمر عائشة رضی اللّٰه عنها . (غنیة الناسک : (ص: ۵۷ ، ۵۸) باب المواقیت ، فصل : وأمّا میقات أهل الحل ، ط: إدارة القرآن) =

میقات سے جھوٹ بول کر احرام کے بغیر گزرنا

میقات سے گزرنا

میقات سے باہر رہنے والا جب مکہ مکرمہ کے ارادہ سے میقات سے احرام کے بغیر گزر جاتا ہے تو اس پر حج یا عمرہ واجب ہو جاتا ہے، اگر ایسا شخص حج کرے گا تو یہ حج واجب ہوگا۔(۱)

= 🗀 إرشاد الساری : (ص: ۱۱۷) باب المواقیت ، فصل : فی الصنف الثالث ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

🗀 الفتاویٰ الهندیة : (۱/۲۲۱) کتاب المناسک ، الباب الثانی فی المواقیت ، ط: رشیدیه .

🗀 وقد یتغیر المیقات بتغیر الحال ...... البستانی أو المکی إذا خرج إلی الآفاقی ، صار حکمه حکم أهل الآفاق ، لاتجوز له مجاوزة میقات أهل الآفاق ، وهو یرید مکّة أو الحرم إلّا محرماً . (غنیة الناسک : (ص: ۵۸) باب المواقیت ، فصل : ط: إدارة القرآن)

🗀 إرشاد الساری : (ص: ۱۱۸) باب المواقیت ، فصل : قد یتغیر المیقات بتغیر الحال ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

🗀 من وصل إلی مکان علی وجه مشروع صار حکمه حکم أهله ، وهنا لما وصل إلی مکّة محرماً بالعمرة وفرغ منها صار فی حکم المکی سواء ساق الهدی أم لا ، فإذا أراد الإحرام بالحج فمیقاته الحرم ، أو العمرة فالحل ، ومثل ذلک یقال فی الحلی ، وهو من کان داخل المیقات فإن میقاته للحج أو العمرة الحل ، فإذا أحرم من الحرم فعلیه دم إلّا أن یعود کما مر . (الشامیة : (۲/۵۸۱) کتاب الحج ، باب الجنایات ، مطلب : لایجب الضمان بکسر آلات اللهو ، ط: سعید)

(۱) (و) یجب (علی کل من دخل مکّة بلا إحرام) بکل مرّة (حجة أو عمرة) . (الدر المختار مع رد المحتار : (۲/۵۸۳) کتاب الحج ، باب الجنایات ، مطلب : لایجب الضمان بکسر آلات اللهو ، ط: سعید)

🗀 غنیة الناسک : (ص: ۶۲) باب مجاوزة المیقات بغیر إحرام ، فصل : فی مجاوزة الآفاقی وقته ، مطلب : فی دخول الآفاقی مکّة بغیر إحرام ، ط: إدارة القرآن .

🗀 إرشاد الساری : (ص: ۱۱۳) باب الواقیت ، النوع الثانی ، المیقات المکانی ، فصل : فی مجاوزة المیقات بغیر إحرام ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

میقات کن لوگوں کے لئے ہے

میقات ان لوگوں کے لئے ہے جو میقات سے باہر ساری دنیا میں کہیں بھی رہتے ہوں۔(۱)

میقات کیا ہے؟

نبی کریم ﷺ نے اللہ تعالیٰ کے حکم سے حضرت جبرئیل علیہ السلام کی نشاندہی پر مکہ مکرمہ کے چاروں طرف کچھ مقامات متعین فرمائے ہیں، جہاں پہنچ کر مکہ مکرمہ جانے والوں پر حج یا عمرہ کا احرام باندھنا واجب ہے، ان مقامات کو ''میقات'' کہتے ہیں اور اس کی جمع ''مواقیت'' آتی ہے، مواقیت کا تعین صحیح احادیث میں منقول ہے اور یہ پابندی میقات سے باہر رہنے والوں پر عام ہے، جب بھی وہ لوگ مکہ مکرمہ کے قصد سے میقات کی حدود میں داخل ہوں، خواہ کسی تجارتی غرض سے جارہے ہوں یا دوست احباب اور رشتہ داروں سے ملنے کے لئے جارہے ہوں بہرحال بیت اللہ کا یہ حق ان کے ذمہ ہے کہ میقات سے احرام باندھ کر مکہ مکرمہ میں داخل ہوں، اگر حج کا وقت ہے تو حج کا احرام ورنہ عمرہ کا احرام باندھیں، اور پہلے بیت اللہ کا یہ حق ادا کریں پھر اپنے اپنے کام میں مشغول ہوں۔(۲)

---

(۱) والمواقيت جمع الميقات وهو مشترک بين الوقت المعين والمكان المعين ، والمراد هنا هو الثانی ؛ لأنّ المراد مواقيت الإحرام أی المواضع الّتی لايجاوزها إلّا محرماً . (مجمع الأنهر : (۱/۱ ۳۹) كتاب الحج ، مواقيت الحج ، ط: دار الكتب العلمية)

مواقيت الإحرام) الموضع الّتی لايتجاوزها الإنسان إلّا محرماً . (درر الحكان شرح غرر الأحكام : (۱/۸ ۲۱) كتاب الحج ، تقديم الإحرام على المواقيت ، ط: دار إحياء الكتب العربی)

غنية الناسک : (ص: ۵۰) باب المواقيت ، ط: إدارة القرآن .

(۲) وأمّا بيان مكان الإحرام ، مكان الإحرام هو المسمی بالميقات فنحتاج إلی بيان المواقيت وما يتعلق بها من الأحكام فنقول : وبالله التوفيق المواقيت تختلف باختلاف النّاس . والنّاس فی=

ہاں اگر صرف جدہ یا مدینہ منورہ جانے کی نیت ہے، مکہ مکرمہ جانے کی نیت نہیں ہے تو میقات سے احرام باندھنا ضروری نہیں ہے۔(۱)

= حق المواقيت أصناف ثلاثة ، صنف منهم يسمون أهل الآفاق ، وهم الّذين منازلهم خارج المواقيت الّتی وقت لهم رسول الله صلى الله عليه وسلم وهی خمسة ، كذا روی فی الحديث : " أنّ رسول الله صلى الله عليه وسلم : وقت لأهل المدينة : ذا الحليفة ، ولأهل الشام : الجحفة ، ولأهل نجد : قرن ، ولأهل اليمن : اليلملم ، ولأهل العراق : ذات عرق ، وقال صلى الله عليه وسلم هن لأهلهنّ ولمن مرّ بهنّ من غير أهلهنّ ممن أراد الحج أو العمرة " . وصنف منهم يسمون أهل الحل وهم الّذين منازلهم داخل المواقيت الخمسة خارج الحرم كأهل بستان بنی عامر وغيرهم ، وصنف منهم يسمون أهل الحرم ، وهم أهل مكّة ، أما الصنف الأوّل فميقاتهم ما وقت لهم رسول الله صلى الله عليه وسلم لايجوز لأحد منهم أن يجاوز ميقاته إذا أراد الحج أو العمرة إلّا محرماً ...... وروی عن ابن عباس رضی الله عنهما أنّ رجلاً سأله ، وقال : إنّی أحرمت بعد الميقات فقال له : إرجع إلی الميقات فلبّ ، وإلّا فلا حج لک ، فإنّی سمعت رسول الله صلى الله عليه وسلم يقول : " لايجاوز أحد الميقات إلّا محرماً " ، سواء أراد بدخول مكّة النسک من الحج أو العمرة أو التجارة أو حاجة أخری عندنا . (بدائع الصنائع : (۲/۱۶۳ ، ۱۶۴) كتاب الحج ، فصل : وأمّا بنيان مكان الإحرام ، ط: سعيد)

تبيين الحقائق : (۲/۷) كتاب الحج ، ط: الإمدادية ملتان .

فتح القدير : (۲/۴۲۴) كتاب الحج ، فصل : فی المواقيت ، ط: رشيديه .

(قوله : ونظم حدود الحرم ابن الملقن) هو من علماء الشافعية ، ونقل عن شرح المهذب للنووی أن ناظم الأبيات المذكورة القاضی أو الفضل النويری ، أن على الحرم علامات منصوبة فی جميع جوانبه نصبها إبراهيم الخليل عليه الصلاة والسلام ، وكان جبرائيل يريه مواضعها ثم أمر النّبی صلى الله عليه وسلم بتجديدها ، ثم عمر ثم عثمان ثم معاوية ، وهی إلی الآن ثابتة فی جميع جوانبه إلّا من جهة جدة وجهة الجعرانة فإنّها ليس فيها أنصاب . (الشامية :على الدر : (۲/۴۷۹) كتاب الحج ، مطلب فی المواقيت ، قبيل : فصل فی الإحرا، ، ط: سعيد)

(۱) أمّا إذا قصد موضعًا من الحل كخليص وجدة حل له مجاوزته بلا إحرام . (الدر المختار مع رد المحتار : (۲/۴۷۷) كتاب الحج ، مطلب : فی المواقيت ، ط: سعيد)

رجل دخل بستان بنی عامر ـ وفی التجريد : أو غيره ـ لحاجة ، فله أن يدخل مكّة بغير إحرام . (التاتارخانية : (۲/۳۵۹) كتاب الحج ، الفصل الرابع : فی بيان مواقيت الإحرام وما يلزم لمجاوزتها بغير إحرام ، ط: قديمی)

1 هذا إذا جاوز هذه المواقيت الخمسة يريد الحج أو العمرة أو دخول مكّة أو الحرم بغير =

میقات کی حکمت

پہلے زمانے میں لوگ حج کے لئے دنیا کے مختلف اطراف و جوانب سے پیدل اور سمندری سفر کر کے لمبی لمبی مسافت طے کر کے آتے تھے، اگر گھر سے ہی احرام باندھ کر آنا واجب ہوتا تو بڑی مشکل اور دقت ہوتی، اس لئے نبی کریم ﷺ نے ہماری مصلحت، آسانی اور فائدے کے لئے مکہ مکرمہ کے چاروں طرف خاص خاص مشہور مقامات مقرر کر دیئے کہ اس جگہ سے اللہ تعالیٰ کے دربار کی تعظیم اور احترام کے لئے خاص احرام باندھنے کی صورت بنا کر داخل ہونا ضروری ہے اور مدینہ طیبہ کی میقات سب میقاتوں سے زیادہ فاصلہ پر مقرر کی، کیونکہ مدینہ طیبہ کو وحی نازل ہونے کی جگہ، ایمان کا مرکز اور دارالہجرت ہونے کا شرف حاصل ہے، اسلئے اس کے باشندوں کو سب سے زیادہ احترام اور تعظیم کرنا چاہیئے، دین میں جس کا مرتبہ جتنا بڑا ہوتا ہے اس کو مشقت بھی اتنی ہی زیادہ اُٹھانی پڑتی ہے۔(۱)

= إحرام فأمّا إذا لم يرد ذلک وإنّما أراد أن يأتی بستان بنی عامر أو غيره لحاجة فلا شيئ عليه ؛ لأنّ لزوم الحج أو العمرة بالمجاوزة من غير إحرام لحرمة الميقات تعظيما للبقعة وتمييزاً لها من بين سائر البقاع فی الشرف والفضيلة فيصير ملتزماً للإحرام منه فإذا لم يرد البيت لم يصر ملتزماً للإحرام فلايلزمه شيئ . (بدائع الصنائع : (۱۶۶/۲) كتاب الحج ، فصل: وأمّا بيان مكان الإحرام ، ط: سعيد)

🗁 تحفة الفقهاء : (۳۹۴/۱) كتاب الحج ، باب الإحرام ،ط : دار الكتب العلمية .

(۱) أقول : الأصل فی المواقيت أنّه لما كان الإتيان إلى مكّة شعثًا تاركاً لغلواء نفسه مطلوباً ، وكان فی تكليف الإنسان أن يحرم من بلده حرج ظاهر ، فإنّ منهم من يكون قطره على مسيرة شهر و شهرين وأكثر . وجب أن يخص أمكنة معلومة حول مكّة يحرمون منها ، ولايؤخرون الإحرام بعدها ، ولا بدّ أن تكون تلک المواضع ظاهرة مشهورة ، ولا تخفى على أحد وعليها مرور أهل الآفاق ، فاستقرأ ذلک ، وحكم بهذه المواضع .

واختار لأهل المدينة أبعد المواقيت ؛ لأنّها مهبط الوحی ومأرز الإيمان ودار الهجرة وأوّل قرية آمنت بالله ورسوله ، فأهلها أحق بأن يبالغوا فی إعلاء كلمة الله ، وأن يخصوا بزيادة =

میقات کے اندر رہنے والے

میقات کے اندر رہنے والے جب بھی چاہیں مکہ مکرمہ میں احرام کے بغیر جا سکتے ہیں ان پر احرام باندھ کر آنا لازم نہیں ہے۔(۱)

میقات کے باہر سے آنے والے

☆......جو بھی شخص میقات کے باہر سے مکہ مکرمہ آئے گا، اس کے لئے میقات پر یا میقات سے پہلے حج یا عمرہ کا احرام باندھ کر آنا لازم ہے، گویا ایسے شخص پر حج یا عمرہ لازم ہو جاتا ہے، خواہ اس شخص کا مکہ مکرمہ آنا حج یا عمرہ کی نیت سے ہو یا کسی اور ضروری کام سے مکہ مکرمہ آنا چاہتا ہو، یا صرف حرم شریف میں جمعہ کی نماز کے لئے یا طواف کے لئے آنا چاہتا ہو ہر صورت میں حج یا عمرہ کا احرام باندھ کر آنا ضروری ہے۔

= طاعة الله ، وأيضًا فهی أقرب الأقطار الّتی آمنت فی زمان رسول الله صلى الله عليه وسلم ، وأخلصت إيمانها بخلاف جؤاثی والطائف ، ويمامة ، وغيرها فلاحرج عليها . (حجة الله البالغة : (۱۰۶/۲) من أبواب الحج ، صفة المناسک ، المواقيت فی الحج ، ط: دار الكتب العلمية)

🗁 مراعاة المفاتيح شرح مشكاة المصابيح : (۳۴۸/۸) تحت رقم الحديث : ۲۵۴۰ ، كتاب المناسک ، الفصل الأوّل ، ط: إدارة البحوث العلمية)

🗁 شرح صحيح البخاری لابن بطال : (۳۷۳/۱۰) كتاب الاعتصام بالكتاب والسنة ، باب ماذكر النبی (صلى الله عليه وسلم) وحض على اتفاق أهل العلم وما أجمع عليه الحرمان مكّة والمدينة ...... الخ ، ط: مكتبة الرشد)

(۱) وأمّا ميقات أهل الحرم ، وهم أهل داخل المواقيت إلى الحرم ...... فالحل للحج والعمرة ، وإحرامهم من دويرة أهلهم أفضل ، وحل لهم دخول مكّة بلا إحرام مالم يريدوا نسكاً . (غنية الناسک : (ص: ۵۵) باب المواقيت ، فصل ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۱۱۶) باب المواقيت ، فصل : فی الصنف الثانی ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

🗁 الشامية : (۵۸۲/۲) كتاب الحج ، باب الجنايات ، مطلب : لايجب الضمان بكسر آلات اللهو ، ط: سعيد .

خلاصہ یہ کہ میقات کے باہر والے کسی بھی مقصد سے مکہ مکرمہ آئیں گے تو ان پر میقات سے احرام باندھ کر آنا ضروری ہوگا۔

☆......اگر کوئی شخص میقات سے احرام کے بغیر گزر گیا تو اس پر لازم ہے کہ مکہ مکرمہ میں داخل ہونے سے پہلے پہلے میقات پر واپس لوٹے اور وہاں سے احرام باندھ کر جائے۔

☆......اگر وہ میقات پر واپس نہیں لوٹا تو اس کے ذمہ دَم واجب ہوگا۔

☆......جو شخص میقات سے احرام کے بغیر مکہ مکرمہ چلا جائے اس پر حج یا عمرہ لازم ہے، اگر ایک سے زائد مرتبہ احرام کے بغیر میقات سے گزر گیا تو ہر بار ایک حج یا عمرہ اور ایک ایک دَم بھی واجب ہوگا۔(۱)

(۱) آفاقی مسلم مکلف أراد دخول مكّة أو الحرم ، ولو لتجارة أو سياحة وجاوز آخر وقته غير محرم ثم أحرم أو لم يحرم ، أثم ولزمه دم ، وعليه العود إلى ميقاته الّذى جاوزه أو إلى غيره ...... فإن لم يعد ولا عذر له ...... عليه الإثم والدم بالاتفاق. (غنية الناسک : (ص: ٦٠) باب مجاوزة الميقات بغير إحرام ، فصل : فى مجاوزة الآفاقى وقته ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۱۱۳ ، ۱۱۴) باب المواقيت ، فصل : فى مواقيت أهل الآفاق ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

🗁 الدر مع الرد : (۲/۵۷۹ ، ۵۸۰) كتاب الحج ، باب الجنايات ، مطلب : لايجب الضمان بكسر آلات اللهو ، ط: سعيد .

🗁 (ومن دخل) أى من أهل الآفاق (مكّة) أو الحرم (بغير إحرام فعليه أحد النسكين) أى من الحج أو العمرة ، وكذا عليه دم المجاوزة أو العود (فإن عاد إلى ميقات) ...... (سقط به) ...... (وإن لم يعد إلى وقت) أى بل أحرم بعد المجاوزة (لم يسقط الدم ...... ولو دخلها مراراً) أى بغير إحرام (فعليه لكل دخول نسک : حج أو عمرة) بيان لنسک ، وكذا لكل دخول دم مجاوزة . (إرشاد السارى : (ص: ۱۲۳ ، ۱۲۴) باب المواقيت ، فصل : فى مجاوزة الميقات بغير إحرام ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ٦٢) باب مجاوزة الميقات بغير إحرام ، فصل : فى مجاوزة الآفاقى وقته ، مطلب : فى دخول الآفاقى مكّة بغير إحرام ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (۲/۵۸۳) كتاب الحج ، باب الجنايات ، مطلب : لايجب الضمان بكسر آلات اللهو ، ط: سعيد .

میقات کے رہنے والے

جو لوگ عین میقات پر رہنے والے ہیں، (یعنی میقات سے باہر نہیں ہیں) یا میقات اور حرم شریف کے درمیان رہتے ہیں اگر وہ حج یا عمرہ کی نیت سے مکہ مکرمہ جائیں گے تو ان پر احرام باندھنا واجب ہوگا، اور اگر حج یا عمرہ کے ارادے سے نہ جائیں تو ان کے لئے احرام باندھ کر جانا ضروری نہیں ہے، احرام کے بغیر مکہ مکرمہ میں داخل ہو سکتے ہیں۔

ایسے ہی وہ آفاقی جو وہاں حج یا عمرہ کے بعد مقیم ہوگیا وہ بھی ان کے حکم میں ہے، یا کوئی آفاقی شخص کسی ضرورت سے کسی جگہ حل میں اپنے وطن سے گیا اور وہاں سے مکہ مکرمہ کا ارادہ ہوگیا تو وہ مکہ مکرمہ بغیر احرام کے آ سکتا ہے، وہ حل والوں کے حکم میں ہے، اور حل والوں کے لئے احرام کے بغیر مکہ مکرمہ میں داخل ہونا جائز ہے۔(۱)

میقاتِ مدینہ سب سے زیادہ فاصلہ پر کیوں؟

''مدینہ منورہ کی میقات سب سے دور کیوں؟'' عنوان دیکھیں۔

(۱) هم الّذين منازلهم فى نفس الميقات أو داخل الميقات إلى الحرم فوقتهم الحل أى ميقاتهم ...... للحج والعمرة ، وهم فى سعة أى جواز و رخصة و عدم لزوم كفارة مالم يدخلوا أرض الحرم أى بلا إحرام ، ومن دويرة أهلهم أفضل أى لهما ، ولهم دخول مكّة بغير إحرام إذا لم يريدوا نسكاً وإلّا ...... فيجب ...... وكذلک أى مثل حكم أهل الحرم كل من دخل الحرم من غير أهله وإن لم ينو الإقامة .... (إرشاد السارى : (ص: ۱۱٦ ، ۱۱۷) باب المواقيت ، فصل فى الصنف الثانى والثالث ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 وحل لأهل داخلها) يعنى لكل من وجد فى داخل المواقيت دخول مكّة غير محرم) مالم يرد نسكاً للحرج . (الدر مع الرد : (۲/۴۷۸) كتاب الحج ، مطلب : فى المواقيت ، ط: سعيد)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۵۵) باب المواقيت ، فصل : وأمّا ميقات أهل الحل ، ط: إدارة القرآن .

میقات واپس آنا کب واجب ہوتا ہے؟

اگر میقات سے باہر رہنے والا عاقل بالغ مرد یا عورت احرام کے بغیر میقات سے گزر گیا اور اس کا مکہ مکرمہ میں داخل ہونے کا ارادہ ہے تو اگر میقات واپس آنے کا وقت ہے اور حج فوت ہونے کا اندیشہ نہیں ہے یا جان ومال کی ہلاکت کا ڈر بھی نہیں ہے یا بیمار نہیں تو میقات واپس آنا واجب ہے، اگر اب تک احرام نہیں باندھا تو میقات میں آکر احرام باندھنا ضروری ہے اور اگر میقات کے بعد احرام باندھ لیا تھا تو میقات میں واپس آکر تلبیہ پڑھنا لازم ہے ورنہ دَم لازم ہوگا اور توبہ واستغفار کرنا بھی لازم ہوگا۔(۱)

میقات واپس آنے سے دَم ساقط ہوتا ہے یا نہیں؟

☆......اگر میقات سے باہر رہنے والا عاقل وبالغ مرد یا عورت مکہ مکرمہ میں

---

(۱) آفاقی مسلم مکلف أراد دخول مكّة أو الحرم ...... ، وجاوز آخر مواقيته غير محرم ، ثم أحرم أو لم يحرم ، أثم ولزمه دم ، وعليه العود إلى ميقاته الّذى جاوزه أو إلى غيره ...... فإن لم يعد ولا عذر له أثم أخرىٰ لتركه العود الواجب ، فإن كان له عذر ، كخوف الطريق أو الانقطاع عن الرفقة أو ضيق الوقت أو مرض شاق ، ونحو ذلک فأحرم من موضعه ، ولم يعد إليه لم يأثم بترک العود ، وعليه الإثم والدم بالاتفاق ...... فإن عاد قبل أن يشرع فى نسک ، ولبى عند الميقات ...... سقط الإثم والدم عندنا إلّا أن تجديد التلبية عند الميقات شرط عند الإمام ...... وإن خاف فوت الحج إذا عاد محرماً مايجب عدم العود ، ويمضى فى إحرامه . (غنية الناسک : (ص: ۲۰ ، ۲۱) باب مجاوزة الميقات بغير إحرام ، فصل : فى مجاوزة الآفاقى وقته ، ط: إدارة القرآن)

🗁 (من جاوز وقته ، غير محرم ، فعليه العود إلى وقت وإن لم يعد فعليه دم ...... فإن عاد قبل شروعه فى طواف أو وقوف سقط إن لبّى منه) أى من الميقات ، على فرض أنّه أحرم بعده ، وإلّا فلا بدّ أن ينوى ويلبّى ليصير محرما حينئذٍ . (إرشاد السارى : (ص: ۱۱۸ ــ ۱۲۰) باب المواقيت ، فصل : فى مجاوزة الميقات بغير إحرام ،ط : الإمداديه ، مكّة المكرّمة)

🗁 الدر مع الرد : (۲/ ۵۷۹ ، ۵۸۰) كتاب الحج ، باب الجنايات ، مطلب : لايجب الضمان بكسر آلات اللهو ، ط: سعيد .

داخل ہونے کا ارادہ رکھتا ہے، خواہ حج وعمرہ کی نیت سے ہو یا کسی اور غرض سے تو میقات سے یا اس سے پہلے احرام باندھ کر جانا ضروری ہے، اگر احرام کے بغیر میقات سے گزر گیا تو واپس میقات آکر احرام باندھ کر جانا ضروری ہے ورنہ دَم لازم ہوگا، اور اگر میقات سے احرام کے بغیر گزرنے کے بعد آگے کسی جگہ پر احرام باندھ لیا ہے تو مکہ مکرمہ پہنچنے سے پہلے یا مکہ مکرمہ میں پہنچنے کے بعد حج کا کوئی فعل مثلاً طواف شروع کرنے سے پہلے واپس میقات پر آکر تلبیہ پڑھ لیا تو دَم ساقط ہو جائے گا۔

اگر حج کے کچھ افعال مثلاً طواف کا ایک چکر لگانے کے بعد میقات واپس آیا تو دَم ساقط نہیں ہوگا (دَم بھی دینا ہوگا اور توبہ واستغفار بھی کرنا ہوگا)(۱)

---

(۱) آفاقى مسلم مكلف أراد دخول مكّة أو الحرم ، ولو لتجارة أو سياحة وجاوز آخر وقته غير محرم ، ثم أحرم أو لم يحرم ، أثم ولزمه دم ، وعليه العود إلى ميقاته الّذى جاوزه أو إلى غيره أقرب أو أبعد وإلى ميقاته الّذى جاوزه أفضل . ... فإن عاد قبل أن يشرع فى نسک ولبّى عند الميقات سقط الإثم والدم ...... وإن عاد بعد ماطاف شوطاً أو وقف بعرفة ، أو استلم الحجر ، وقطع التلبية ، وكان محرماً بالعمرة ، لايسقط بالإتفاق . (غنية الناسک: (ص: ۲۰) باب مجاوزة الميقات بغير إحرام ، فصل : فى مجاوزة الآفاقى وقته ، ط: إدارة القرآن)

🗁 (من جاوز وقته ، غير محرم ، ثم أحرم أ ولا ، فعليه العود) أى يجب عليه الرجوع (إلى وقت) أى إلى ميقات من المواقيت ، وكان أقربها إلى مكّة ، ولم يتعين عليه العود إلى خصوص ميقاته الّذى تجاوز عنه بلا إحرام ...... (وإن لم يعد) مطلقاً (فعليه دم) لمجاوزة الوقت ...... (فإن عاد قبل شروعه فى طواف أو وقوف سقط إن لبّى منه) أى من الميقات ، على فرض أنّه أحرم بعده ، وإلّا فلا بدّ أن ينوى ويلبّى ليصير محرما حينئذٍ ...... (وإن عاد بعد شروعه كأن استلم الحجر أو وقف بعرفة لا يسقط) أى الدم . (والعود إلى ميقاته) أى الّذى تجاوزه (أفضل ، وليس بشرط) أى فى سقوط الدم ...... (بل إليه وغيره سواء فى سقوط الدم) . (إرشاد السارى : (ص: ۱۱۸ ــ ۱۲۱) باب المواقيت ، فصل : فى مجاوزة الميقات بغير إحرام ، ط : الإمداديه ، مكّة المكرّمة)

🗁 الدر مع الرد : (۲/ ۵۷۹ ، ۵۸۰) كتاب الحج ، باب الجنايات ، مطلب : لايجب الضمان بكسر آلات اللهو ، ط: سعيد .

میقات سے واپس آنے کے لئے کسی بھی میقات میں آسکتا ہے

اگر میقات سے باہر رہنے والا آدمی میقات سے احرام باندھے بغیر مکہ مکرمہ آگیا تو واپس میقات آکر احرام باندھنا ضروری ہے، اگر میقات سے احرام کے بغیر گزرنے کے بعد حل یا حرم میں احرام باندھ لیا ہے تو میقات واپس آکر تلبیہ پڑھ کر جانا ضروری ہے ورنہ دَم لازم ہوتا ہے اور توبہ واستغفار کرنا بھی ضروری ہوتا ہے تاکہ میقات سے احرام کے بغیر آنے کی وجہ سے جو گناہ ہوا ہے وہ معاف ہو جائے، اور میقات واپس آنے کے لئے پانچ میقاتوں میں سے کسی بھی میقات میں واپس آنا کافی ہے، جس میقات سے احرام کے بغیر گزر کر آیا ہے اسی میقات پر واپس جانا واجب نہیں، البتہ افضل ہے۔(۱)

---

(۱) آفاقی مسلم مکلف أراد دخول مكّة أو الحرم ، ولو لتجارة أو سياحة وجاوز آخر وقته غير محرم ، ثم أحرم أو لم يحرم ، أثم ولزمه دم ، وعليه العود إلى ميقاته الّذى جاوزه أو إلى غيره أقرب أو أبعد وإلى ميقاته الّذى جاوزه أفضل . ... فإن عاد قبل أن يشرع فى نسک ولبّى عند الميقات سقط الإثم والدم ...... وإن عاد بعد ماطاف شوطاً أو وقف بعرفة ، أو استلم الحجر ، وقطع التلبية ، وكان محرماً بالعمرة ، لايسقط بالإتفاق . (غنية الناسک: (ص: ٦٠) باب مجاوزة الميقات بغير إحرام ، فصل : فى مجاوزة الآفاقى وقته ، ط: إدارة القرآن)

🗁 (من جاوز وقته ، غير محرم ، ثم أحرم أ ولا ، فعليه العود) أى يجب عليه الرجوع (إلى وقت) أى إلى ميقات من المواقيت ، وكان أقربها إلى مكّة ، ولم يتعين عليه العود إلى خصوص ميقاته الّذى تجاوز عنه بلا إحرام ...... (وإن لم يعد) مطلقاً (فعليه دم) لمجاوزة الوقت ...... (فإن عاد قبل شروعه فى طواف أو وقوف سقط إن لبّى منه) أى من الميقات ، على فرض أنّه أحرم بعده ، وإلاّ فلا بدّ أن ينوى ويلبّى ليصير محرما حينئذٍ ...... (وإن عاد بعد شروعه كأن استلم الحجر أو وقف بعرفة لا يسقط) أى الدم . (والعود إلى ميقاته) أى الّذى تجاوزه (أفضل ، وليس بشرط) أى فى سقوط الدم ...... (بل إليه وغيره سواء فى سقوط الدم) . (إرشاد السارى : (ص: ١١٨ ــ ١٢١) باب المواقيت ، فصل : فى مجاوزة الميقات بغير إحرام ، ط : الإمداديه ، مكّة المكرّمة)

🗁 الدر مع الرد : (٥٧٩/٢ ، ٥٨٠) كتاب الحج ، باب الجنايات ، مطلب : لايجب الضمان بكسر آلات اللهو ، ط: سعيد .

اور وہ پانچ میقات یہ ہیں: ذوالحلیفہ (بیرعلی)، جحفہ (رابغ)، قرن المنازل، یلملم، ذاتِ عرق۔(۱)

میقات والوں کے لئے اشہرِ حج میں عمرہ کرنا

☆......میقات کے اندر رہنے والا یا عین میقات پر رہنے والا اگر اس سال حج کا ارادہ رکھتا ہے تو اس شخص کے لئے اشہرِ حج میں عمرہ کرنا مکروہ ہے، اور اگر اس سال حج کا ارادہ نہیں ہے تو اشہرِ حج میں عمرہ کرنا مکروہ نہیں ہے۔(۲)

باقی اشہرِ حج کے علاوہ باقی دنوں میں جب بھی چاہے عمرہ کرسکتا ہے، شرعاً کوئی قباحت نہیں ہے۔(۳)

---

(۱) (قوله : مواقيت الإحرام ذو الحليفة و ذات عرق والجحفة و قرن و يلملم لأهلها ولمن مربها) أى الأمكنة الّتى لايتجاوزها الآفاقى إلاّ محرماً خمسة . (البحر الرائق : (٣١٧/٢) كتاب الحج ، ط: سعيد)

🗁 تبيين الحقائق : (٦/٢) كتاب الحج ، ط: امداديه ملتان .

🗁 غنية الناسک : (ص: ٥٠) باب المواقيت ، ط: إدارة القرآن .

(۲) ويكره فعلها فى أشهر الحج لأهل مكّة ومن بمعناهم) أى من المقيمين ومن فى داخل الميقات ؛ لأنّ الغالب عليهم أن يحجوا فى سنتهم فيكونوا متمتعين . وهم عن التمتع ممنوعون وإلاّ فلا منع للمكى عن العمرة فى أشهر الحج إذا لم يحج فى تلک السنة ، ومن خالف فعليه البيان وإتيان البرهان . (إرشاد السارى : (ص: ٦٥٦) باب العمرة م، فصل : فى وقتها ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ١٩٩) باب العمرة وتسمّى الحج الأصغر ، تنبيه ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (٤٧٣/٢) كتاب الحج ، مطلب : أحكام العمرة ، ط: سعيد .

(۳) (السنة) أى أيّامها (كلها وقت لها) أى لجوازها . (إرشاد السارى : (ص: ٦٥٥) باب العمرة ، فصل : فى وقتها ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 وتصح فى كل السنة ولكن يكره تحريماً إنشاء ها بالإحرام فى خمسة أيّام . (غنية الناسک : (ص: ١٩٧) باب العمرة و تسمى الحج الأصغر ، ط: إدارة القرآن)

🗁 الدر مع الرد : (٤٧٣/٢) كتاب الحج ، مطلب : أحكام العمرة ، ط: سعيد .

☆......اسی سال حج کا ارادہ ہوتے ہوئے عمرہ کیا پھر حج کیا تو حدودِ حرم میں دَمِ جبر دینا لازم ہوگا۔(۱)

میقاتی

''میقاتی'' کا مطلب ہے: میقات کا رہنے والا۔

مَیل

احرام کی حالت میں ضرورت کے لئے غسل کرنا جائز ہے البتہ مَیل دور کرنا مکروہ ہے۔(۲)

میلین اخضرین

☆......''میلین اخضرین'' سبز ستونوں کو کہتے ہیں، صفا اور مروہ کے درمیان مسجد حرام کی دیوار میں ایک مخصوص جگہ کے دونوں جانب سبز رنگ کے ستون لگے ہوئے ہیں اور آج کل سبز ٹیوب لائٹ بھی لگی ہوئی ہے، ان دونوں سبز ستونوں کی درمیانی جگہ کو''میلین اخضرین'' کہتے ہیں، اس ستون سے چھ ہاتھ پہلے سے اور

---

(۱) ليس لأهل مكّة وأهل المواقيت ومن بينهما وبين مكة تمتّع فمن تمتّع منهم كان عاصيًا ومسيئًا وعليه لإسائته دم . (إرشاد السارى : (ص: ۳۸۵ ، ۳۸۶) باب التمتّع ، فصل : فى تمتّع المكىّ ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۲۰) باب التمتّع ، فصل : ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (۲/۵۳۹) كتاب الحج ، باب التمتّع ، ط: سعيد .

(۲) (الغسل) أى الاغتسال بالماء القراح وماء الصابون والأشنان ويكره بالسدر كما سبق لكن يستحب أن لايزول الوسخ بأى ماء كان بل يقصد الطهارة أو دفع الغبار والحرارة . (إرشاد السارى : (ص: ۱۷۲) باب الإحرام ، فصل : فى مباحته ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۹۱) باب الإحرام ، فصل : فى مباحات الإحرام ، ط: إدارة القرآن .

🗁 مجمع الأنهر : (۱/۳۹۸) كتاب الحج ، فصل : فى بيان الإحرام ، ط: دار الكتب العلمية.

بعد والے سبز ستون کے چھ ہاتھ بعد تک سعی کرنے والے دوڑ کر چلتے ہیں۔(۱)

☆......خیال رہے کہ تیز دوڑنا مسنون نہیں ہے بلکہ متوسط طریقہ سے اتنا دوڑنا چاہیئے کہ رمل سے زیادہ اور بہت تیز دوڑنے سے کم رفتار ہو، بہت تیز دوڑنا صحیح نہیں ہے، اگرچہ اس کی وجہ سے دَم یا صدقہ واجب نہیں ہوتا۔(۲)

☆......سبز ستونوں کے درمیان، درمیانی چال سے دوڑنا صرف مردوں کے لئے ہے، عورتوں کے لئے نہیں ہے، عورتیں اپنے معمول کی رفتار پر چلیں گی، بعض

---

(۱) ثم يتوجه إلى الصفاء ويصعد عليه حتى يرى البيت من الباب لا من فوق الجدار إن أمكنه وإلّا فقدر مايمكنه ويستقبل البيت ويرفع يديه حذو منكبيه جاعلاً بطنها نحو السماء كما للدعاء فيحمد اللّٰه تبارک و تعالىٰ ويثنى عليه ويكبّر ثلاثًا ويهلل ويصلى على النّبى صلى اللّٰه عليه وسلم ثم يدعو للمسلمين ولنفسه بما شاء ويكرر الذكر مع التكبير ثلاثًا ويطيل القيام عليه ولايعجل ثم يهبط نحو المروة داعيًا ذاكراً ماشياً على هينته حتى إذا كان دون الميل المعلق فى ركن المسجد ، قيل : بنحو ستة أذرع سعى سعيًا شديداً فى بطن الوادى حتى يجاوز الميلين بفناء المسجد و فناء دار العباس . (إرشاد السارى : (ص: ۲۴۲ ، ۲۴۳) باب السعى بين الصفاء والمروة ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۲۹ ، ۱۳۰) باب السعى بين الصفاء والمروة ، فصل : فى كيفية أداء السعى ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الدر مع الرد : (۲/۵۰۰ ، ۵۰۱) كتاب الحج ، مطلب : فى السعى بين الصفاء والمروة ، ط: سعيد .

(۲) ويستحب أن يكون السعى بين الميلين فوق الرمل دون العدو . وهو سنة فى كل شوط فلو تركه أو هرول فى جميع السعى فقد أساء ولا شيئ عليه (أى من الدم والصدقة) . (مناسک الملا على القارى مع إرشاد السارى : (ص: ۲۴۵ ، ۲۴۶) باب السعى بين الصفاء والمروة ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۳۰) باب السعى بين الصفاء والمروة ، فصل : فى كيفية أداء السعى ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الهندية : (۱/۲۲۶) كتاب المناسک ، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه.

🗁 الدر مع الرد : (۲/۵۰۱) كتاب الحج ، فصل فى الإحرام ، مطلب فى السعى بين الصفاء والمروة ، ط: سعيد .

خواتین بھی مردوں کی طرح دوڑنے لگتی ہیں، یہ صحیح نہیں ہے اگرچہ اس کی وجہ سے دَم یا صدقہ واجب نہیں ہوتا۔(۱)

میلین اخضرین کے درمیان

''سعی میں دوڑنا'' عنوان دیکھیں۔(۴۵۹/۲)

---

(۱) ۷. الإسراع (أو العدو) للذكور فی وسط المسعى بين الميلين الأخضرين الملاصقين لجدار المسجد، فوق الرمل، دون الجرى فی ذهابه إلى الصفاء وعودته من المروة، اتباعاً للسنة كما رواه مسلم. وأمّا الأنثٰى والخنثٰى فتمشى فی الكل. (الفقه الإسلامی وأدلّته: (۱۷۳/۳) الباب الخامس، الحج والعمرة، الفصل الأوّل: أحكام الحج والعمرة، المبحث الخامس: أركان الحج والعمرة، المطلب الثالث: السعى، ثانياً: سنن السعى، ط: دار الفكر بيروت)

🗁 البحر العميق: (۱۲۷۳/۳) الباب العاشر فی دخول مكّة وفی الطواف والسعى، فصل فی ركعتی الطواف، ط: مؤسّسة الريان المكتبة المكيّة،

🗁 إرشاد السارى: (ص: ۲۴۳) باب السعى بين الصفاء والمروة، ط: إمدادية مكّة المكرّمة.

ن

نابالغ

نابالغ پر حج فرض نہیں ہے، البتہ بالغ ہونے کے بعد اگر مالدار صاحب استطاعت ہوگا تو حج کرنا فرض ہوگا۔(۱)

نابالغ بچوں کا احرام

☆......اگر نابالغ بچہ ہوشیار اور سمجھدار ہے تو وہ خود احرام باندھے اور حج کے تمام افعال بالغ کی طرح خود ادا کرے، اور اگر چھوٹا ہے سمجھدار نہیں ہے تو اس کا ولی اس کی طرف سے اس کا احرام باندھے۔(۲)

☆......اگر ناسمجھ چھوٹا بچہ خود احرام باندھے یا خود حج کے افعال ادا کرے تو یہ احرام اور حج کے افعال صحیح نہیں ہونگے، البتہ سمجھدار بچہ اگر خود احرام باندھے اور حج

---

(۱) الثالث : البلوغ وهو شرط الوجوب والوقوع عن الفرض ، لا عن الجواز والصحة فلايجب على صبى أى مميّز أو غير مميّز فلو حج أى مميّز بنفسه أو غير مميّز بإحرام وليّه فهو نفل أى فحجّه نفل لا فرض ، لكونه غير مكلّف فلو أحرم ثم بلغ فلو جدّد إحرامه يقع عن فرضه وإلّا لا .
(إرشاد السارى : (ص: ۵۰) باب شرائط الحج ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)
🗀 غنية الناسک : (ص: ۱۳) باب شرائط الحج ، فصل ، ط: إدارة القرآن .
🗀 الدر مع الرد : (۴۵۸/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد .

(۲) فصل : فى إحرام الصّبى : ينعقد إحرام المميّز للنفل لا للفرض ويصح أداؤه بنفسه ولايصح من غيره أى غير الصبى المميز الاداء ولا الإحرام بل يصحّان من وليه له فيحرم عنه من كان أقرب . (مناسک الملا على القارى مع إرشاد السارى : (ص: ۱۵۷ ، ۱۵۸) باب الإحرام ، فصل فى إحرام الصّبى ، ط: مكتبه إمدادية مكّة المكرّمة)
🗀 غنية الناسک : (ص: ۸۳) باب الإحرام ، فصل فى إحرام الصّبى والمجنون والعبد والأمة ، ط: إدارة القرآن .
🗀 الدر مع الرد: (۴۶۶/۲) کتاب الحج، ط: سعید۔

کے افعال خود ادا کرے تو صحیح ہو جائیں گے۔(۱)

☆......سمجھدار بچہ کی طرف سے ولی احرام نہیں باندھ سکتا۔(۲)

☆......سمجھدار بچہ جو افعال خود کر سکتا ہے خود کرے اور اگر خود نہیں کر سکتا ہے تو اس کا ولی کرے، البتہ طواف کے بعد دو رکعت نماز بچہ خود پڑھے ولی نہ پڑھے کیونکہ نماز میں نیابت جائز نہیں ہے۔(۳)

☆......سمجھدار بچہ خود طواف کرے، اور ناسمجھ کو گود میں لے کر طواف کرائے۔(۴)

(۱، ۲) أنّه لايجوز أداء الحج من مجنون وصبى لايعقل كما لايجب عليها ، ونقل غيره صحة حجهما ...... بل التوفيق بحمل الأوّل على أدائهما بأنفسهما والثانى على فعل الولى . (رد المحتار على الدر المختار : (۴۵۹/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد)
🗀 قال محمد فى الأصل والصبى الّذى يحج له أبوه يقضى المناسک ويرمى الجمار وأنّه على وجهين الأوّل إذا كان صبياً لايعقل الأداء بنفسه وفى هذا الوجه إذا أحرم عنه أبوه جاز وإن كان يعقل الأداء بنفسه يقضى المناسک كلها يفعل مثل مايفعله البالغ ، فهو كالصريح فى أنّ إحرامه عنه إنّما يصحّ إذ اكان لايعقل . (رد المحتار على الدر المختار : (۴۶۶/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد)
🗀 إرشاد السارى : (ص: ۱۵۷ ، ۱۵۸) باب الإحرام ، فصل : فى إحرام الصبى ، ط: المكتبة الإمدادية ، مكّة المكرّمة .
🗀 غنية الناسک : (ص: ۸۳) باب الإحرام ، فصل فى إحرام الصبى والمجنون والعبد والأمة ، ط: إدارة القرآن .

(۳، ۴) فالمميز لايصلح النيابة عنه فى الإحرام ولا فى أداء الأفعال إلّا فيما لايقدر عليه فيحرم بنفسه ويقضى المناسک كلها بنفسه ويفعل كما يفعل البالغ ، أمّا غير المميز فلايصح أن يحرم بنفسه ؛ لأنّه لايعقل النية ولايقدر التلفظ بالتلبية وهما شرطا فى الإحرام ، ......ويقضى به المناسک كلها وينوى عنه حين يحمله فى الطواف و جاز النيابة عنه فى كل شيئ إلّا فى ركعتى الطواف فتسقط .... (غنية الناسک : (ص: ۸۳ ، ۸۴) باب الإحرام ، فصل فى إحرام الصبى والمجنون والعبد والأمة ، ط: إدارة القرآن)
🗀 رد المحتار على الدر المختار : (۴۶۶/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد .
🗀 إرشاد السارى : (ص: ۱۵۸ ، ۱۵۹) باب الإحرام ، فصل فى إحرام الصبى ، ط: المكتبة الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

☆......ولی کو چاہیئے کہ بچہ کو احرام کے ممنوعات سے بچائے، اگر کوئی ممنوع فعل بچہ کرلے گا تو اس کی جزاء بچہ یا ولی پر واجب نہیں ہوگی۔(۱)

☆......بچہ کا احرام لازم نہیں ہوتا، بچہ اگر تمام افعال چھوڑ دے یا بعض چھوڑ دے تو اس پر یا اس کے ولی پر کوئی جزاء اور قضاء واجب نہیں ہوگی۔(۲)

☆......بچہ کا سب سے قریب ولی جو بچہ کے ساتھ ہو وہ بچہ کے احرام کی نیت کرے مثلاً باپ، بھائی، اگر دونوں ساتھ ہوں تو باپ کو بچہ کی طرف سے احرام کی نیت کرنی چاہیئے، اگر بھائی وغیرہ بھی احرام کی نیت کرے گا تو بھی جائز ہے۔(۳)

---

(۱) وینبغی لولیّه أن یجنّبه من محظورات الإحرام، وإن ارتکبها لاشیئ علیه ولا علی ولیه . (مناسک الملا علی القاری مع إرشاد الساری : (ص: ۱۵۹) المکتبة الإمدادیة، مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک : (ص: ۸۴) باب الإحرام، فصل فی إحرام الصبی، ط: إدارة القرآن .

البحر العمیق : (۲/۶۸۴، ۶۸۵) الباب السابع : فی الإحرام، الفصل الخامس : إحرام الصبی والمجنون والسفیه، ظ: مؤسّسة الریان المکتبة المکیّة .

(۲) وإحرام الصبی ینعقد غیر لازم فلایلزمه المضی فیه، فلو فسخه أو ترک أرکان الحج کلها أو بعضها أو ترک واجباته کذلک لا جزاء علیه ولاقضاء . (غنیة الناسک : (ص: ۸۴) باب الإحرام، فصل فی إحرام السبی، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساری : (ص: ۱۵۹) باب الإحرام، فصل فی إحرام الصبی، ط: المکتبة الإمدادیة، مکّة المکرّمة .

البحر العمیق : (۲/۶۸۶، ۶۸۷) الباب السابع : فی الإحرام، الفصل الخامس : إحرام الصبی والمجنون والسفیه، ظ: مؤسّسة الریان المکتبة المکیّة .

(۳) بل یصحان من ولیه فیحرم عنه من کان أقرب إلیه فلو اجتمع والد وأخ یحرم له الوالد . (مناسک الملا علی قاری مع إرشاد الساری : (ص: ۱۵۸) باب الإحرام ،فصل فی إحرام الصبی، ط: المکتبة الإمدادیة، مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک : (ص: ۸۴) باب الإحرام، فصل فی إحرام الصبی والمجنون والعبد والأمة، ط: إدارة القرآن .

البحر العمیق : (۲/۶۸۸) الباب السابع فی الإحرام، الفصل الخامس : إحرام الصبی والمجنون والسفیه، ط: مؤسّسة الریّان ،المکتبة المکیّة .

نابالغ بچوں کے حج کا طریقہ

☆......نابالغ لڑکے یا لڑکیاں دو طرح کی ہیں: ایک سمجھدار لڑکے اور لڑکیاں ہیں جو حج کی نیت کر کے تلبیہ پڑھ سکتے ہیں، اور حج کے افعال ادا کرنے کی سمجھ رکھتے ہیں۔

دوسرے بہت ہی چھوٹے اور ناسمجھ لڑکے اور لڑکیاں ہیں جو نیت اور حج کے افعال کی سمجھ نہیں رکھتے، دونوں کے حج کے طریقے مختلف ہیں:

☆......سمجھدار بچوں کے حج کا طریقہ یہ ہے کہ وہ بڑوں کی طرح خود نیت کر کے تلبیہ پڑھ کر احرام باندھیں گے، اور حج کے وہ تمام افعال جو خود کرنے پر قادر ہیں وہ خود کریں گے، ان میں ولی کی نیابت درست نہیں ہے، ایسے لڑکے اور لڑکیاں تمام ارکان وواجبات خود ادا کریں۔(۱)

☆......ناسمجھ بچوں کا والد اور اگر والد نہ ہو تو بہتر یہ ہے کہ اس کا سب سے قریب ترین ولی، بچہ کو غسل کرا کے احرام کی دو چادریں لپیٹ دے اور بچہ کی طرف سے حج کی نیت کر کے تلبیہ پڑھے، اس طرح بچہ محرم ہو جائے گا، اب ولی بچہ کو احرام کے ممنوعات سے بچاتا رہے اور بچہ کو ساتھ لے کر حج کے تمام افعال ادا کرائے، جن افعال میں نیت کی ضرورت ہو جیسے طواف، ان میں بچہ کی طرف سے خود نیت کرے، اس کو اُٹھا کر طواف اور سعی کرائے، یا اپنے طواف اور سعی کے بعد اس کے لئے طواف

---

(۱) فالمميّز لایصلح النیابة عنه فی الإحرام ولا فی أداء الأفعال إلاَّ فیما لایقدر علیه فیحرم بنفسه و یقضی المناسک کلها بنفسه ویفعل کما یفعل البالغ . (غنیة الناسک : (ص: ۸۳، ۸۴) باب الإحرام، فصل فی إحرام الصبی، ط: إدارة القرآن)

شامی : (۲/۴۶۶) کتاب الحج، ط: سعید .

إرشاد الساری : (ص: ۱۵۸، ۱۵۹) باب الإحرام، فصل فی إحرام الصبی، ط: الإمدادیة، مکّة المکرّمة .

اور سعی خود کرے یا اپنی مدد سے کرائے۔(۱)

☆......ایسے ناسمجھ بچوں سے طواف کے بعد دو رکعت واجب الطّواف ساقط ہو جائیں گے، اس لئے ولی ان کی طرف سے دو رکعت واجب الطّواف نہ پڑھے۔(۲)

☆......اس کو ساتھ لئے بغیر اپنی رمی کے بعد اس کے لئے رمی کرے یا بچہ کو ساتھ لے کر اس کے ہاتھ پر کنکریاں یکے بعد دیگرے رکھ کر بچے سے کرائے۔(۳)

(۱،۲) أمّا غير المميز فلا يصح أن يحرم بنفسه ؛ لأنّه لايعقل النية ولا يقدر التلفظ بالتلبية ، وهما شرطان في الإحرام ، كما مرّ ، وكذا لايصح طوافه لاشتراط النية له أيضًا بل يحرم له وليّه ، والأقرب أولىٰ فالوالد أولىٰ من الأخ والظاهر أنّه شرط الأولوية (شرح) وينبغي للولى أن يجرّده قبل الإحرام ويلبسه إزاراً و رداءً ، وإذا أحرم له ينبغي أن يجنبه من محظورات الإحرام ، ولو ارتكب محظوراً لاشيئ عليهما ، ويقضى به المناسک كلها وينوى عنه حين يحمله فى الطواف ، وجاز النيابة عنه فى كل شيئ إلاَّ فى ركعتى الطواف فتسقط . (غنية الناسک : (ص: ۸۳ ، ۸۴) باب الإحرام ، فصل فى إحرام الصبى ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد السارى : (ص: ۱۵۸ ، ۱۵۹) باب الإحرام ، فصل فى إحرام الصبى ، ط: إمدادية مكّة المكرّمة .

الدر مع الرد : (۲/۴٦٦) كتاب الحج ، ط: سعيد .

(۳) وعن جابر رضى اللّٰه عنه قال : حججنا مع رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم معنا النساء والصبيان فلبّينا عن الصبيان ورمينا عنهم ، رواه أحمد ، ...... وأمّا الرمى عن الصبيان فمحمولٌ على غير المميِّز ، وأمّا من يميّز ويعلم ماهية الرمى وكيفيته ولو بالتعلّم فيرمى عن نفسه . (البحر العميق : (۲/٦۸۵) الباب السابع : فى الإحرام ، الفصل الخامس : إحرام الصبى والمجنون والسفيه ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة)

إرشاد السارى : (ص: ۱۵۹) باب الإحرام ، فصل فى إحرام الصبىّ ، ط: المكتبة الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

غنية الناسک : (ص: ۸۴) باب الإحرام ، فصل فى إحرام الصبى والمجنون والعبد والأمة ، ط: إدارة القرآن والعلوم الإسلامية .

فإن قدر الصغير ونحوه على الرمى وجوباً وإن عجز عن تناول الأحجار ، ناولها له وليّه . وإن عجز عن الرمى استحب للولى أن يضع الحجر فى يده ، ثم يرمى به بعد رميه عن نفسه . (الفقه الإسلامى وأدلّته : (۳/۲۲) الباب الخامس : الحج و العمرة ، الفصل الأوّل : أحكام الحج والعمرة ، المبحث الثانى ، المطلب الأوّل : شروط الحج والعمرة ، ط: دار الفكر)

☆......دونوں قسم کے بچوں کا حج بالاجماع فرض نہیں ہوگا بلکہ نفلی حج ہوگا اور ولی کو اس کا ثواب ملے گا۔(۱)

☆......اور اگر ناسمجھ بچہ نے لوگوں کو دیکھ کر یا کسی کے کہنے پر خود احرام باندھ کر حج کیا تو اس حج کا اعتبار نہ ہوگا اور یہ حج نہ فرض ہوگا اور نہ نفل۔(۲)

☆......دونوں قسم کے بچوں کا احرام لازم نہیں ہے یعنی اگر بچہ نے احرام باندھنے کے بعد احرام کو فسخ کر دیا، یا حج کے تمام یا بعض ارکان و واجبات کو ترک کر دیا تو اس پر نہ تو کچھ جزاء واجب ہوگی اور نہ ہی قضاء واجب ہوگی، ایسی حالت میں اس کا نفلی حج بھی مکمل نہیں ہوگا۔(۳)

---

(۱) الثالث والرابع : البلوغ والعقل ، فلايجب على صبىّ ومجنون ، ولو حجا ففى البدائع ، لايجوز أداء الحج من مجنون وصبىّ لايعقل ، كما لايجب عليهما ، ونقل ابن أمير حاج وغيره عن مشايخنا صحة حجهما والتوفيق بحمل الأوّل على أدائهما بأنفسهما والثانى على فعل الولى ، ويقع نفلاً لهما (غنية الناسک: (ص:۱۳) باب شرائط الحج ، فصل : أمّا شرائط الوجوب ، ط: إدارة القرآن)

الدر مع الرد : (۲/۴٦٦) كتاب الحج ، ط: سعيد .

إرشاد السارى : (ص: ۵۰) باب شرائط الحج ، النوع الأوّل : شرائط الوجوب ، الشرط الثالث : البلوغ ، ط: المكتبة الإمدادية ، مكّة المكرّمة .و (ص: ۸٦) النوع الرابع : شرائط وقوع الحج عن الفرض ، الشرط الخامس : البلوغ ، أيضًا .

(۲) أمّا غير المميّز فلا يصح أن يحرم بنفسه ؛ لأنّه لايعقل النية ولايقدر التلفظ بالتلبية وهما شرطان فى الإحرام . (غنية الناسک : (ص: ۸۳) باب الإحرام ، فصل فى إحرام الصبى ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد السارى : (ص: ۱۵۸) باب الإحرام ، فصل فى إحرام الصبى ، ط: المكتبة الإمداية مكّة المكرّمة.

البحر العميق : (۲/٦۸٦) الباب السابع فى الإحرام ، الفصل الخامس : إحرام الصبى والمجنون والسفيه ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

(۳) وإحرام الصبى ينعقد غير لازم فلايلزمه المضى فيه ، فلو فسخه أو ترک أركان الحج كلها أو بعضها أو ترک واجباته كذلک لاجزاء عليه ولاقضاء . (غنية الناسک : (ص: ۸۴) باب الإحرام ، فصل فى إحرام الصبى ، ط: إدارة القرآن)

البحر العميق : (۲/٦۸٦ ، ٦۸۷) الباب السابع فى الإحرام ، الفصل الخامس : إحرام الصبى والمجنون والسفيه ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة . =

نابالغ کا حج

☆......نابالغ کا حج نفلی ہوتا ہے، بالغ ہونے کے بعد اگر وہ مالدار ہو، حج کرنے کی استطاعت ہوتو اس پر حج فرض ہوگا، اور زندگی میں دوبارہ ایک مرتبہ حج کرنا لازم ہوگا۔(۱)

☆......اگر کسی نابالغ لڑکے نے حج کیا اور وہ صاحب شعور بھی ہے یعنی عقلمند اور ہوشیار ہے، حج کے اعمال کے مقاصد کو جانتا ہے، تو اس کا حج ہوجائے گا تاہم بالغ نہ ہونے کی وجہ سے فریضۂ حج اس سے ساقط نہ ہوگا، بالغ ہونے کے بعد اگر مالدار ہونے کی وجہ سے حج کرنے کی استطاعت ہوگی تو دوبارہ حج کرنا فرض ہوگا۔(۲)

نابینا

☆......اگر نابینا پر حج فرض ہے، اور وہ اپنے ساتھ کسی کو اپنی خدمت کے لئے لے جانے کی استطاعت رکھتا ہے تو وہ ایسی حالت میں خود بھی جا کر حج کرسکتا ہے اور

= 🗁 إرشاد الساری : (ص: ۱۵۹) باب الإحرام ، فصل فی إحرام الصبی ، ط: المکتبة الإمدادية ، مکّة المکرّمة .

(۱) الثالث : البلوغ ، وهو شرط الوجوب والوقوع عن الفرض لا عن الجواز والصحة ، فلا یجب علی صبی أی ممیّز أو غیر ممیّز ، فلو حج أی ممیّز بنفسه أو غیر ممیّز بإحرام ولیّه فهو نفل أی فحجّه نفل لا فرض ؛ لکونه غیر مکلف . (إرشاد الساری : (ص: ۵۰) باب شرائط الحج ، و: (ص: ۱۵۷) باب الإحرام ، فصل فی إحرام الصبی ، ط: المکتبة الإمدادية ، مکّة المکرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۳) باب شرائط الحج ، فصل ، و: (ص: ۸۳) باب الإحرام ، فصل فی إحرام الصبی والمجنون والعبد و الأمة ، ط: إدارة القرآن .

🗁 وفی الخانية : ومن شرائط وجوب الحج اعتدال الحال بالعقل والبلوغ فلایجب علی الصبی ، فلو حج الصبیّ کان علیه حجة الإسلام إذا بلغ . (الفتاویٰ التاتارخانية : (۲/۳۳۰) کتاب الحج ، الفصل الأوّل فی بیان شرائط الوجوب ، ط: قدیمی)

🗁 الفتاویٰ العالمگیرية : (۱/۲۱۷) کتاب المناسک ، الباب الأوّل ، وأمّا شرائط وجوبه ، ط: رشیدیه .

اگر چاہے تو حج بدل بھی کرا سکتا ہے، البتہ حج بدل کرانے کی صورت میں اگر زندگی میں اس کا عذر ختم ہوگیا اور بینائی دوبارہ بحال ہوگئی تو اس آدمی کے لئے دوبارہ خود جا کر حج کرنا لازم ہوگا، اور اگر موت تک نابینا رہا تو پہلے کا حج بدل کافی ہوجائے گا۔(۱)

☆......اگر نابینا پر حج فرض تھا اور اس نے زندگی میں نہ خود حج کیا اور نہ ہی کسی سے حج بدل کرایا تو اس صورت میں حج بدل کرانے کے لئے وصیت کرنا واجب ہوگا۔(۲)

☆......اگر نابینا پر بینائی کمزور ہونے سے پہلے حج فرض ہوا ہے تو بینائی کمزور ہونے کے بعد بھی اس پر حج واجب اور لازم ہے، اس صورت میں کسی دوسرے آدمی کو حج بدل کے لئے بھیجنا لازم ہے ورنہ حج بدل کے لئے وصیت کرنا لازم ہے۔(۳)

☆......اور اگر بینائی کمزور ہونے کے بعد اس کے پاس مال آیا ہے تو اس پر حج فرض نہیں ہوگا اور کسی کو حج بدل کے لئے بھیجنا یا وصیت کرنا بھی لازم نہیں ہوگا۔(۴)

(۱،۲،۳) فإن ملکه وهو صحیح فلم یحج من عامه حتی زالت الصحة ، فإنّه یتقرر دینا فی ذمته بالاتفاق فیجب علیه الإحجاج أو الإیصاء به عند الموت ...... ولو تکلّف هؤلاء الحج بأنفسهم سقط عنهم بالاتفاق ، حتی لو صحوا بعد ذلک لایجب علیهم الأداء ...... بخلاف ما لو أحجوا ، وهو آئسون عن الأداء بالبدن ثم صحوا وجب الأداء علیهم بأنفسهم وظهر نفلية الأوّل . (غنية الناسک : (ص: ۲۴) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط وجوب الأداء ، ط: إدارة القرآن)

🗁 الفتاویٰ التاتارخانية : (۲/۳۲۵ ، ۳۲۶) کتاب الحج ، الفصل الأوّل فی بیان شرائط الوجوب ، ط: قدیمی .

🗁 الفتاویٰ العالمگیرية : (۱/۲۱۸) کتاب المناسک ، الباب الأوّل ، أمّا شرائط وجوبه ، ط: رشیدیه .

(۴) أمّا ظاهر المذهب عن أبی حنیفة رضی اللّٰه عنه فهو شرط الوجوب ، فلایجب الحج علی المقعد الزمن والمفلوج ، ومقطوع الرجلین أو الیدین ، أو الرجل الواحدة ، والأعمی والمریض ، والمعضوب وهو الشیخ الکبیر الّذی لایثبت علی الراحلة بنفسه وإن ملکوا ما به الاستطاعة ، فلیس علیهم الإحجاج أو الإیصاء وعندهما یجب الحج علیهم إذا ملکوا الزاد والراحلة ومؤنة من یرفعهم ویضعهم ، ویقودهم إلی المناسک ...... وأمّا ظاهر المذهب فصحّحه فی النهاية وقال فی البحر العمیق وهو المذهب الصحیح ، .... (غنية الناسک : (ص: ۲۳، ۲۴) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط وجوب الأداء ، ط: إدارة القرآن) =

ناپاک ہوگیا

اگر مرد یا عورت احرام کی حالت میں صحبت کے بغیر احتلام یا کسی اور عذر کی بناء پر ناپاک ہوجائیں تو ان پر دَم نہیں ہے، نیز ناپاکی کی وجہ سے احرام کی چادر کو بدلنا جائز ہے۔(۱)

ناپاکی کی حالت میں طواف کیا

☆......اگر جنابت یا حیض ونفاس کی حالت میں طواف کیا ہے تو طواف کی ساتوں قسموں کا حکم یہ ہے:

(۱)......''طوافِ زیارت''......اگر جنابت یا حیض ونفاس کی حالت میں پورا طوافِ زیارت کیا ہے تو ایک بدنہ یعنی بڑا جانور اونٹ یا گائے حدودِ حرم میں ذبح کرنا لازم ہوگا اور اگر ایسی حالت میں تین یا اس سے زیادہ طواف کے چکر لگائے تو دَم دینا لازم ہوگا (دَم ایک بکرا یا گائے یا اونٹ کے ساتویں حصہ کو کہتے ہیں اور دَم کا جانور

= البحر العمیق : (۱/۳۷۴) الباب الثالث : فی مناسک الحج ، شرائط الحج ، أمّا الشرط الثانی : وهو شرط وجوب الأداء ، النوع الأوّل : سلامة البدن عن الأمراض ، والعلل ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة)

إرشاد الساری : (ص: ۷۰ ، ۷۱ ، ۷۲) باب شرائط الحج ، النوع الثانی : شرائط الأداء ، الشرط الأوّل ، ط: المكتبة الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۱) أمّا الدواعی : فإن نظر إلى فرج امرأته بشهوة فأمنٰى ، وإن تكرر ذلک أو تفكر فأنزل أو احتلم فلا شيئ عليه سوى الغسل . (غنية الناسک : (ص: ۲۶۷ ، ۲۶۸) باب الجنايات ، الفصل السادس فی الجماع و دواعيه ، ط: إدارة القرآن)

الفتاوىٰ العالمگيرية : (۱/۲۴۴) كتاب المناسک ، الباب الثامن فی الجنايات ، الفصل الرابع فی الجماع ، ط: رشيديه .

الفقه الإسلامی وأدلّته : (۳/۲۴۴ ، ۲۴۵) الباب الخامس : الحج والعمرة ، الفصل الأوّل ، المبحث العاشر : محظورت الإحرام أو ممنوعاته ، ومباحاته ، الأصل الثالث : النساء ، ط: دار الفكر.

بدائع الصنائع : (۲/۱۹۵) كتاب الحج ، فصل : وأمّا مايرجع إلى توابع الجماع ، ط: سعيد.

حدودِ حرم میں ذبح کرنا ضروری ہے۔) اور اگر پاکی کے بعد طواف کا اعادہ کرلیا جائے تو بدنہ اور دَم ساقط ہوجائے گا۔(۱)

(۲)......''طوافِ عمرہ''......اگر جنابت یا حیض ونفاس کی حالت میں عمرہ کا طواف کیا تو جرمانہ میں ایک دَم یعنی بکری کی قربانی لازم ہوگی، اور اگر پاک ہونے کے بعد دوبارہ طواف کرلیا تو دَم ساقط ہوجائے گا۔(۲)

(۳)......''طوافِ وداع''......حیض ونفاس والی عورت پر طوافِ وداع معاف ہے، ان پر یہ طواف واجب نہیں ہے اور اگر جنابت کی حالت میں طوافِ وداع کرلیا تو جرمانہ میں ایک دَم دینا لازم ہوگا اور اگر پاک ہونے کے بعد طواف

---

(۱) ولو طاف للزيارة جنباً أو حائضًا أو نفساء كله أو أكثره وهو أربعة أشواط فعليه بدنة، ويقع معتدا به فی حق التحلل ، ويصير عاصيًا ويعيده طاهراً حتماً فإن أعاده سقطت عنه البدنة ...... ولو لم يعد وبعث بدنة أجزأه ، ثم إن أعاده فی أيّام النحر فلا شيئ عليه ، وإن أعاده بعدها سقطت عنه البدنة ولزمه الشاة للتأخير ، ولو طاف أقله جنبًا فعليه شاة ، فإن أعاده وجبت عليه صدقة لكل شوط نصف صاع لتأخير الأقل من طواف الزيارة . (غنية الناسک : (ص: ۲۷۲) باب الجنايات ، فصل فی ترک الواجب فی أفعال الحج ، المطلب الأوّل : فی ترک الواجب فی طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساری : (ص: ۴۸۸، ۴۸۹) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنايات فی أفعال الحج ، فصل فی حكم الجنايات فی طواف الزيارة ، ط: المكتبة الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

الفتاوىٰ الهندية : (۱/۲۴۵ ، ۲۴۶) كتاب المناسک ، الباب الثامن فی الجنايارت ، الفصل الخامس فی الطواف والسعی والرمل ورمی الجمار ، ط: رشيديه .

(۲) ولو طاف للعمرة كله أو أكثره أو أقلّه ولو شوطاً جنباً أو حائضًا أو نفساء أو محدثًا فعليه شاة ، لا فرق فيه بين الكثير والقليل والجنب والمحدث ...... ولو أعاده سقط عنه الدم. (غنية الناسک : (ص: ۲۷۶) باب الجنايات ، فصل فی ترک الواجب فی أفعال الحج ، المطلب الرابع : فی ترک الواجب فی طواف العمرة ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساری : (ص: ۴۹۹ ، ۵۰۰) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنايات فی أفعال الحج ، فصل : فی الجناية فی طواف العمرة ،ط : الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

الفتاوىٰ التاتارخانية : (۲/۳۹۰) كتاب الحج ، الفصل السابع : فی الطواف و السعی ، م: جئنا إلى طواف العمرة ، ط: قديمی .

دوبارہ کرلے گا تو دَم ساقط ہوجائے گا۔(۱)

(۴)......''نذر کا طواف''......اگر کسی نے طواف کرنے کی نذر مانی تو وہ طواف واجب ہوجاتا ہے، اگر جنابت، حیض یا نفاس کی حالت میں نذر کا طواف کیا جائے گا تو جرمانہ میں ایک دَم دینا لازم ہوگا، اور پاکی کی حالت میں طواف دوبارہ کرنے سے دَم معاف ہوجائے گا۔(۲)

(۵)......''طوافِ قدوم''......جنابت، حیض ونفاس کی حالت میں طوافِ

---

(۱) وکذلک لیس علی الحائض والنفساء طواف الصدر وفی التجرید : ولا شیئ علیهما بترکه . (الفتاویٰ التاتارخانیة : (۲/ ۳۹۱) کتاب الحج ، الفصل السابع فی الطواف والسعی ، م: جئنا إلی طواف الصدر ، ط: قدیمی)

ولو طاف للصد رجنباً فعلیه شاة وإن طافه محدثاً فعلیه لکل شوط صدقة ؛ لأنّه واجب ...... وبعده یخیر بین إراقة الدم والرجوع بإحرام جدید بعمرة ولا شیئ علیه لتأخیره . (غنیة الناسک : (ص: ۲۷۵) باب الجنایات ، فصل : فی ترک الواجب فی أفعال الحج ، المطلب الثانی فی ترک الواجب فی طواف الصدر ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساری : (ص: ۴۹۷) باب الجنایات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنایات فی أفعال الحج ، فصل فی الجنایة فی طواف الصدر ، ط: المکتبة الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

الهندیة : (۱/ ۲۴۶) کتاب المناسک ، الباب الثامن فی الجنایات ، الفصل الخامس فی الطواف والسعی والرمل ورمی الجمار ، ط : رشیدیه .

(۲) الواجب دم علی محرم بالغ ...... ولو ناسیاً ...... (أو طاف للقدوم) لوجوبه بالشروع أو للصدر جنبًا) أو حائضًا أو للفرض محدثًا ...... إن لم یعده . (قوله : لوجوبه بالشروع) أشار إلی أن الحکم کذلک فی کل طواف هو تطوع فیجب الدم لو طافه جنبًا والصدقة لو محدثًا ...... أفاد أن الکفارة تجب بترک الواجب الإصطلاحی بلا فرق بین الأقویٰ والأضعف ...... (قوله : إن لم یعده) أی الطواف الشامل للقدوم والصدر والفرض ، فإن أعاده فلاشیئ علیه ، فإنّه متی طاف أی طواف مع أیّ حدث ثم أعاده سقط موجبه .... (الدر مع الرد : (۲/ ۵۵۰ ، ۵۵۲) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: سعید)

الهندیة : (۱/ ۲۴۶ ، ۲۴۷) کتاب المناسک ، الباب الثامن : فی الجنایات ، الفصل الخامس فی الطواف والسعی والرمل ورمی الجمار ، ط: رشیدیه .

غنیة الناسک : (ص: ۲۷۵ ، ۲۷۶) باب الجنایات ، الفصل السابع فی ترک الواجب فی أفعال الحج ، المطلب الثانی : فی ترک الواجب فی طواف القدوم ، ط: إدارة القرآن .

قدوم کرنے سے جرمانہ میں ایک دَم دینا لازم ہوگا اور پاک ہونے کے بعد طواف دوبارہ کرنے سے دَم ساقط ہوجائے گا۔(۱)

(۶)......''طوافِ نفل''...... یہ طوافِ قدوم کی طرح ہے۔(۲)

(۷)......''طوافِ تحیہ''......اگر طوافِ نفل اور طوافِ تحیہ کو بھی جنابت، حیض یا نفاس کی حالت میں کیا گیا تو دَم دینا واجب ہوگا، اور پاک ہونے کے بعد طواف دوبارہ کرنے سے دَم ساقط ہوجائیگا۔(۳)

ناپاکی میں عمرہ کا طواف کیا

''عمرہ کا طواف ناپاکی میں کیا'' عنوان دیکھیں۔(۳/ ۱۹۸)

(۱ ، ۲) ولو طاف للقدوم أی کله أو أکثره علی ما هو الظاهر جنبًا فعلیه دم علی ما قاله بعض مشائخ العراق واختاره صدر الشریعة وقیل صدقة ...... ولو أعاده أی طواف القدوم طاهراً من الحدثین فی الجنابة أو الحدث أی فی طوافه الّذی طاف جنبًا أو محدثًا سقط عنه الجزاء من الدم والصدقة ...... وحکم کل طواف تطوع کحکم طواف القدوم . (إرشاد الساری : (ص: ۴۹۷ ، ۴۹۸) باب الجنایات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنایات فی أفعال الحج ، فصل : فی الجنایة فی طواف القدوم ، ط: المکتبة الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

غنیة الناسک : (ص: ۲۷۵ ، ۲۷۶) باب الجنایات ، الفصل السابع فی ترک الواجب فی أفعال الحج ، المطلب الثالث فی ترک الواجب فی طواف القدوم ، ط: إدارة القرآن .

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۱۶۹ ، ۱۷۰) باب الإحرام ، فصل فی مکروهاته ، ط: المکتبة الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

🗁 البحر العمیق : (۶۳۵/۲) الباب السابع : فی الإحرام ، الفصل الأوّل : مقدمات الإحرام ، ط: مؤسّسة الریّان ،المکتبة المکیّة .

دن یا ایک رات پہنے رہے گا تو دَم دینا لازم ہوگا، اس سے کم میں صدقہ دینا واجب ہوگا۔(۱)

نیکی ہر قدم پر

''حاجی کا قدم'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳۸/۲)

---

(۱) إذا لبس المحرم المخیط (أی الملبوس المعمول علی قدر البدن أو قدر عضو منه بحیث یحیط به سواء کان بخیاطة أو نسج أو لصُق أو غیر ذلک ، وکذا حکم تغطیة بعض الأعضاء بالمخیط أو غیره) علی وجه المعتاد فعلیه الجزاء ...... فإذا لبس مخیطًا یوماً کاملاً أو لیلةً کاملةً فعلیه دم وفی أقلّ من یوم أو لیلة صدقة وکذا لو لبس ساعة ، وفی أقلّ من ساعة قبصة ولو لبسه أیاماً فعلیه دم واحد . (إرشاد الساری : (ص: ۴۲۴ ، ۴۲۵ ، ۴۲۶ ، ۴۲۷) باب الجنایات ، النوع الأوّل فی حکم اللُّبس ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

🗁 غنیة الناسک : (ص: ۲۵۰) باب الجنایات ، الفصل الثانی : فی لبس المخیط ، ط: إدارة القرآن .

🗁 الفتاویٰ التاتارخانیة : (۳۷۰/۲) الفصل الخامس : فیما یحرم علی المحرم بسبب إحرامه ومالایحرم ، نوع منه فی لبس المخیط ، ط: قدیمی .

و

واجبات چھوڑنا عذر کی وجہ سے

''عذر کی وجہ سے سنن وواجبات چھوڑنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۳/۱۵۵)

واجباتِ حج

''حج کے واجبات'' عنوان دیکھیں۔(۲/۲۰۹)

واجباتِ عمرہ

''عمرہ کے واجبات'' عنوان دیکھیں۔(۳/۲۱۸)

واجبات کا حکم

واجبات کا حکم یہ ہے کہ اگر ان میں سے کوئی واجب رہ جائے گا تو حج ادا ہو جائے گا، خواہ قصداً رہ گیا ہو یا بھول کر، لیکن اس کی جزاء لازم ہو گی، خواہ دَم کی صورت میں ہو یا صدقہ کی صورت میں، البتہ اگر کوئی فعل کسی معتبر عذر کی وجہ سے رہ گیا ہو تو دَم یا صدقہ لازم نہیں ہوگا۔(۱)

واجب الطّواف کی نماز ایک ساتھ پڑھنا

''متعدد طواف کی ایک ساتھ نفل پڑھنا'' عنوان دیکھیں۔(۴/۳۲)

(۱) وحكم الواجبات لزوم الجزاء أى الدم كما فى نسخة صحيحة بترک واحد منها وهو أحسن من قوله بتركها فى الكبير وجواز الحج أى حجّه معه سواء تركه عمدًا أو سهوًا وكذا خطأ أو نسيانًا جاهلاً أو عالماً لكن العامد أى إذا كان عالمًا آثم أى بتركه ...... وترک الواجب أى جنسه بعذر أى معتبر شرعاً ، قال فى البدائع : إنّ الواجبات كلّها أى فضلاً عن بعضها أو المعنى كلاً منها إن تركها لعذر لاشيئ عليه ؛لأنّ الضرورات تبيح المحظورات . (إرشار السارى : (۱۰۱ ، ۱۰۲ ، ۱۰۳) باب فرائض الحج و واجباته و سننه ومستحباته ومكروهاته ، فصل فى واجبات الحج ، ط: المكتبة الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک: (ص: ۴۶) باب فرائض الحج و واجباته، فصل فى واجباته، ط: إدارة القرآن.

واجب الطّواف نماز بھول کر دوسرا طواف شروع کر دیا

اگر طواف کرنے کے بعد دو رکعت واجب الطّواف پڑھنا بھول گیا اور دوسرا طواف شروع کر دیا، اگر دوسرے طواف کا ایک چکر پورا ہونے سے پہلے پہلے یاد آ جائے تو اس طواف کو چھوڑ کر پہلے دو رکعت واجب الطّواف پڑھ لے، اور اگر ایک چکر پورا ہونے کے بعد یاد آئے تو یہ طواف پورا کرے، اس کے بعد دو رکعت واجب الطّواف پہلے طواف کے پڑھے پھر اس کے بعد دو رکعت دوسرے طواف کے پڑھے۔(۱)

واجب ترک کر دیا

اگر کسی محرم نے عذر کی وجہ سے واجب ترک کر دیا تو جزاء دینی لازم نہیں ہوتی اور اگر عذر کے بغیر ترک کر دیا تو جزاء واجب ہوتی ہے۔(۲)

(۱) طاف أى كاملاً ونسى ركعتى الطواف ...... فلم يتذكر إلاَّ بعد شروعه فى طواف آخر ...... فإن كان التذكر قبل تمام شوطٍ رفضه أى تركه وقطعه لتحصيل سنة الموالاة وبعد إتمامه أى إتمام شوطه الّذى بمنزلة ركعة لاأى لايرفضه بل يتمّ طوافه الّذى شرع فيه أى كما لو تذكر بعد شوطين بالأولىٰ وعليه لكل أسبوع ركعتان أى اتفاقاً إذ لايندرج أحدهما فى الآخر ولو اتصلا صورة . (إرشاد السارى : (ص: ۲۳۵) باب أنواع الأطوفة وأحكامها ، فصل فى مسائل شتى عن الطواف ، ط: المكتبة الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۱۷ ، ۱۱۸) باب فى ماهية الطواف وأنواعه ...... ، فصل : ومن الواجبات ركعتا الطواف ، ط: إدارة القرآن والعلوم الإسلامية .

🗁 الدر مع الرد : (۲/۴۹۹) كتاب الحج ، فصل فى الإحرام ، ط: سعيد .

(۲) وحكم الواجبات لزوم الجزاء ...... بترک واحد منها ، وهو أحسن من قوله : " بتركها " فى " الكبير " ...... و يستثنى من هٰذا الكلى و هو لزوم الجزاء بترک كل واجب ...... ترک الواجب أى جنسه بعذر أى معتبر شرعًا . قال فى البدائع : إن الواجبات كلها...... إن تركها لعذر لا شيئ عليه ؛ لأنّ الضرورات تبيح المحظورات . (إرشاد السارى : (ص: ۱۰۱ ، ۱۰۲ ، ۱۰۳) باب فرائض الحج و واجباته ، فصل : فى واجبات الحج ، وحكم الواجبات ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۲۳۸) باب الجنايات ، مقدّمة : فى ضوابط ينبغى حفظهاالعموم نفعها، ط: إدارة القرآن . =

وادیٔ محسر

☆......منیٰ اور مزدلفہ کے درمیان وہ جگہ ہے جہاں اللہ تعالیٰ نے ابرہہ کے ہاتھیوں والے لشکر کو تباہ وبرباد کیا، جس کا ذکر سورۃ الفیل میں ہے، یہاں پر حاجیوں کے لئے مسنون یہ ہے کہ تیزی سے چلیں جیسا کہ حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ''رسول اللہ ﷺ وادیٔ محسر سے گزرے تو آپ ﷺ نے رفتار تیز کردی''۔

ابن قیم رحمہ اللہ اس کی وجہ بیان کرتے ہوئے لکھتے ہیں کہ آپ ﷺ کی عادتِ شریفہ یہ تھی کہ جب کسی ایسی جگہ سے گزرتے جہاں اللہ کا عذاب نازل ہوا ہوتو تیزی کے ساتھ گزر جاتے، اس وادیٔ محسر میں بھی ہاتھیوں والے لشکر پر عذاب نازل ہوا تھا۔(۱)

= شامی : (۲/۵۵۳) کتاب الحج ، باب الجنایات ، ط: سعید

(۱) عن جابر رضی اللّٰہ عنہ فی حدیثہ الطویل : فدفع قبل أن تطلع الشمس ، وأردف الفضل بن عباس حتی أتی بطن محسر ، فحرّک قلیلا ، ثم سلک الطریق الوسطیٰ ...... قولہ: عن جابر ...... الخ : فیہ دلالۃ علی الإسراع فی ھٰذا الوادی ، وإنّما سمّی محسر ؛ لأنّ فیل أصحاب الفیل حسر فیہ ، أی أعیی وکلّ ، قالہ النووی فی شرح مسلم : قال : فھی أی تحریک الدابۃ سنۃ من سنن السیر فی ھٰذا الموضع ، قال أصحابنا : یسرع الماشی ویحرّک الراکب دابتہ فی وادی محسر ، ویکون ذلک قدر رمیۃ بحجر ، قلت : وسر الإیضاع فیہ الفرار من مواضع نزول العذاب إلی مواضع نزول الرحمۃ ، وھٰکذا کان دأبہ فی أمثال تلک المواضع ، کما ورد فی الصحیحین عن ابن عمر ...... وفی '' نیل الاوطار '' ولیس ھو (أی محسر) من المزدلفۃ ولا منی ، بل ھو مسیل بینھما ...... وفی حاشیۃ الترمذی عن '' الدر المختار '' : ھو وادٍ بین منی والمزدلفۃ ، فلو وقف بہ لم یجز علی المشھور .... (إعلاء السنن : (۱۰/۱۵۱) کتاب الحج ، باب الإیضاع فی وادی محسر ...... ، رقم الحدیث : ۲۷۳۵ ، ط: إدارۃ القرآن)

حجۃ اللّٰہ البالغۃ : (۲/۶۴) مبحث فی أمور تتعلق الحج ، قصۃ حجۃ الوداع ، ط: میر محمد کتب خانہ.

فلمّا أتی بطن محسر ، حرّک ناقتہ و أسرع السیر ، وھٰذہ کانت عادتہ فی المواضع الّتی نزل فیھا بأس اللّٰہ بأعدائہ ، فإن ھنالک أصاب أصحاب الفیل ماقصّ اللّٰہ علینا ، ولذٰلک سمّی ذٰلک الوادی وادی محسر ؛ لأنّ الفیل حسر فیہ أی أعیی ، وانقطع عن الذھاب إلی مکّۃ ، وکذٰلک فعل فی سلوکہ الحِجَر دیار ثمود فإنّہ تقنع بثوبہ وأسرع السیر . (زاد المعاد فی ھدی خیر العباد لابن =

ایک دوسری وجہ یہ بھی ہے کہ جاہلیت کے زمانے میں عرب کے قبائل یہاں جمع ہوتے اور اپنے آباء واجداد کے کارنامے بڑھا چڑھا کر بیان کرتے، لہٰذا ان کی مخالفت کے طور پر شریعت میں یہ مستحب قرار پایا کہ یہاں سے جلدی گزر جائے۔ (۱)

☆......مزدلفہ سب کا سب ٹھہرنے کی جگہ ہے، مگر وادیٔ محسر میں نہ ٹھہرے، (۲)

= قیم : (۲/۲۵۵ ، ۲۵۶) فصول : فی ھدیہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فی العبادات ، فصل : فی ھدیہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم فی حجّہ وعُمرہ ، ط: مؤسّسۃ الرسالۃ بیروت ، مکتبۃ المنار کویت)

(۱) و عن جابر رضی اللّٰہ عنہ أنّ النبی صلی اللّٰہ علیہ وسلم أوضع فی وادی محسر وأمرھم أن یرموا بمثل حصی الخذف . رواہ الخمسۃ و صححہ الترمذی ...... وحدیث جابر یدل علی أنّہ یشرع الاسراع بالمشی فی وادی محسر ...... وإنّما شرع الإسراع فیہ ؛ لأنّ العرب کانوا یقفون فیہ ویذکرون مفاخر آبائھم فاستحب الشارع مخالفتھم . (نیل الأوطار : (۵/۷۸) رقم الحدیث : ۲۰۰۹ ، کتاب المناسک ، باب الدفع إلی مزدلفۃ ، ثم منھا إلی منی وما یتعلق بذلک ، ط: دار الحدیث ، مصر)

تحفۃ الأحوذی : (۳/۶۲۹) رقم الحدیث : ۸۸۷ ، کتاب الحج ، باب ماجاء فی الإفاضۃ من عرفات، ط: دار الفکر ، بیروت .

مرعاۃ المفاتیح : (۹/۱۶۲) رقم الحدیث : ۲۶۳۵ ، کتاب المناسک ، باب الدفع من عرفۃ والمزدلفۃ ، ط: إدارۃ البحوث الإسلامیۃ .

(۲) عن جابر رضی اللّٰہ عنہ فی حدیثہ الطویل : فدفع قبل أن تطلع الشمس ، وأردف الفضل بن عباس حتی أتی بطن محسر ، فحرّک قلیلا ، ثم سلک الطریق الوسطیٰ ...... قولہ: عن جابر ...... الخ : فیہ دلالۃ علی الإسراع فی ھٰذا الوادی ، وإنّما سمّی محسر ؛ لأنّ فیل أصحاب الفیل حسر فیہ ، أی أعیی وکلّ ، قالہ النووی فی شرح مسلم : قال : فھی أی تحریک الدابۃ سنۃ من سنن السیر فی ھٰذا الموضع ، قال أصحابنا : یسرع الماشی ویحرّک الراکب دابتہ فی وادی محسر ، ویکون ذلک قدر رمیۃ بحجر ، قلت : وسر الإیضاع فیہ الفرار من مواضع نزول العذاب إلی مواضع نزول الرحمۃ ، وھٰکذا کان دأبہ فی أمثال تلک المواضع ، کما ورد فی الصحیحین عن ابن عمر ...... وفی '' نیل الاوطار '' ولیس ھو (أی محسر) من المزدلفۃ ولا منی ، بل ھو مسیل بینھما ...... وفی حاشیۃ الترمذی عن '' الدر المختار '' : ھو وادٍ بین منی والمزدلفۃ ، فلو وقف بہ لم یجز علی المشھور .... (إعلاء السنن : (۱۰/۱۵۱) کتاب الحج ، باب الإیضاع فی وادی محسر ...... ، رقم الحدیث : ۲۷۳۵ ، ط: إدارۃ القرآن)

حجۃ اللّٰہ البالغۃ : (۲/۶۴) مبحث فی أمور تتعلق الحج ، قصۃ حجۃ الوداع ، ط: میر محمد کتب خانہ . =

وادیٔ محسر میں نماز پڑھنا مکروہ ہے،(۱)

اگر بے خبری میں نماز پڑھ لی تو نماز ہو جائے گی لیکن وادیٔ محسر میں وقوف جائز نہیں ہے۔(۲)

= 🗁 فلمّا أتى بطن محسر ، حرّك ناقته و أسرع السير ، وهٰذه كانت عادته فى المواضع الّتى نزل فيها بأس اللّٰه بأعدائه ، فإن هنالك أصاب أصحاب الفيل ماقصّ اللّٰه علينا ، ولذٰلك سمّى ذٰلك الوادى وادى محسر ؛ لأنّ الفيل حسر فيه أى أعيى ، وانقطع عن الذهاب إلى مكّة ، وكذٰلك فعل فى سلوكه الحِجَر ديار ثمود فإنّه تقنع بثوبه وأسرع السير . (زاد المعاد فى هدى خير العباد لابن قيم : (۲۵۵/۲ ، ۲۵٦) فصول : فى هديه صلى اللّٰه عليه وسلم فى العبادات ، فصل : فى هديه صلى اللّٰه عليه وسلم فى حجّه وعُمره ، ط: مؤسّسة الرسالة بيروت ، مكتبة المنار كويت)

(۱) باب الصلاة فى مواضع الخسف والعذاب : ويذكر أنّ عليا رضى اللّٰه عنه كره الصلاة بخسف بابل ...... عن عبد اللّٰه بن عمر أنّ رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم قال : لاتدخلوا هٰؤلاء المعذبين إلّا أن تكونوا باكين فإن لم تكونوا باكين ، فلا تدخلوا عليهم ، لايصيبكم ما أصابهم . (الصحيح للبخارى : (۱/ ٦۲) كتاب الصلاة ، باب الصلاة فى مواضع الخسف والعذاب ، ط: قديمى)

🗁 ويذكر أنّ عليًا رضى اللّٰه عنه كره الصلاة بخسف بابل ، مطابقة هذا الأثر للترجمة ظاهرة وهو يدلّ أيضًا على أن مراده من عقد الباب هو الإشارة إلى أنّ الصلاة فى مواضع الخسف مكروهة ...... وفيه : الإسراع عن المرور بديار المعذبين ، كما فعل رسول اللّٰه صلى اللّٰه عليه وسلم فى وادى محسر لأنّ أصحاب الفيل هلكوا هناك ...... وفيه : الدلالة على كراهة الصلاة فى موضع الخسف والعذاب ، والباب معقود عليه . (عمدة القارى : (۴/ ۲۷۹ ـ ۲۸۳) كتاب الصلاة ، باب الصلاة فى مواضع الخسف والعذاب ، ط: دار الكتب العلمية)

🗁 قال المهلب : إنّما هٰذا من جهة التشاؤم بالبقعة الّتى نزل بها سخط اللّٰه يدل على ذٰلك قوله : ﴿ وسكنتم فى مساكن الّذين ظلموا أنفسهم وتبين لكم كيف فعلنا بهم وضربنا لكم الأمثال ﴾ [إبراهيم : ۴۵] فوبخهم تعالىٰ على ذلك ، وكذلك تشاء م عليه السلام بالبقعة الّتى نام فيها عن الصلاة ورحل عنها ثم صلى ، فكراهة الصلاة فى موضع الخسف أولىٰ ، إلّا أنّ إباحه الدخول على وجه البكاء والاعتبار يدل أن من صلى هناك لاتفسد صلاته . (شرح صحيح البخارى لابن بطال : (۲/ ۸۷) كتاب الصلاة ، باب الصلاة فى مواضع الخسف والعذاب ، ط: مكتبة الرشد)

(۲) عن جابر رضى اللّٰه عنه فى حديثه الطويل : فدفع قبل أن تطلع الشمس ، وأردف الفضل بن عباس حتى أتى بطن محسر ، فحرّك قليلا ، ثم سلك الطريق الوسطىٰ ...... قوله: عن جابر ...... الخ : فيه دلالة على الإسراع فى هذٰا الوادى ، وإنّما سمّى محسر ؛ لأنّ فيل أصحاب الفيل حسر=

☆......وادیٔ محسر وہ وادی ہے جس میں اصحابِ فیل کا واقعہ پیش آیا تھا اور قرآن مجید میں اس پر ایک سورت ''اَلَم تَرَ کَیفَ'' نازل ہوئی۔(۱)

= فيه ، أى أعيى وكلّ ، قاله النووى فى شرح مسلم : قال : فهى أى تحريك الدابة سنة من سنن السير فى هٰذا الموضع ، قال أصحابنا : يسرع الماشى ويحرّك الراكب دابته فى وادى محسر ، ويكون ذلك قدر رمية بحجر ، قلت : وسر الإيضاع فيه الفرار من مواضع نزول العذاب إلى مواضع نزول الرحمة ، وهٰكذا كان دأبه فى أمثال تلك المواضع ، كما ورد فى الصحيحين عن ابن عمر ...... وفى " نيل الاوطار " وليس هو (أى محسر) من المزدلفة ولا منى ، بل هو مسيل بينهما ...... وفى حاشية الترمذى عن " الدر المختار " : هو وادٍ بين منى والمزدلفة ، فلو وقف به لم يجز على المشهور .... (إعلاء السنن : (۱۰/ ۱۵۱) كتاب الحج ، باب الإيضاع فى وادى محسر ...... ، رقم الحديث : ۲۷۳۵ ، ط: إدارة القرآن)

🗁 حجة اللّٰه البالغة : (۲/ ٦۴) مبحث فى أمور تتعلق الحج ، قصة حجة الوداع ، ط: مير محمد كتب خانه .

🗁 فلمّا أتى بطن محسر ، حرّك ناقته و أسرع السير ، وهٰذه كانت عادته فى المواضع الّتى نزل فيها بأس اللّٰه بأعدائه ، فإن هنالك أصاب أصحاب الفيل ماقصّ اللّٰه علينا ، ولذٰلك سمّى ذٰلك الوادى وادى محسر ؛ لأنّ الفيل حسر فيه أى أعيى ، وانقطع عن الذهاب إلى مكّة ، وكذٰلك فعل فى سلوكه الحِجَر ديار ثمود فإنّه تقنع بثوبه وأسرع السير . (زاد المعاد فى هدى خير العباد لابن قيم : (۲۵۵/۲ ، ۲۵٦) فصول : فى هديه صلى اللّٰه عليه وسلم فى العبادات ، فصل : فى هديه صلى اللّٰه عليه وسلم فى حجّه وعُمره ، ط: مؤسّسة الرسالة بيروت ، مكتبة المنار كويت)

(۱) عن جابر رضى اللّٰه عنه فى حديثه الطويل : فدفع قبل أن تطلع الشمس ، وأردف الفضل بن عباس حتى أتى بطن محسر ، فحرّك قليلا ، ثم سلك الطريق الوسطىٰ ...... قوله: عن جابر ...... الخ : فيه دلالة على الإسراع فى هذٰا الوادى ، وإنّما سمّى محسر ؛ لأنّ فيل أصحاب الفيل حسر فيه ، أى أعيى وكلّ ، قاله النووى فى شرح مسلم : قال : فهى أى تحريك الدابة سنة من سنن السير فى هٰذا الموضع ، قال أصحابنا : يسرع الماشى ويحرّك الراكب دابته فى وادى محسر ، ويكون ذلك قدر رمية بحجر ، قلت : وسر الإيضاع فيه الفرار من مواضع نزول العذاب إلى مواضع نزول الرحمة ، وهٰكذا كان دأبه فى أمثال تلك المواضع ، كما ورد فى الصحيحين عن ابن عمر ...... وفى " نيل الاوطار " وليس هو (أى محسر) من المزدلفة ولا منى ، بل هو مسيل بينهما ...... وفى حاشية الترمذى عن " الدر المختار " : هو وادٍ بين منى والمزدلفة ، فلو وقف به لم يجز على المشهور .... (إعلاء السنن : (۱۰/ ۱۵۱) كتاب الحج ، باب الإيضاع فى وادى محسر ...... ، رقم الحديث : ۲۷۳۵ ، ط: إدارة القرآن) =

☆......موجودہ زمانے میں وادیٔ محسر پر خیمہ بنا ہوا ہے اور وہاں وادیٔ محسر کا بورڈ آویزاں ہے، اور یہ منیٰ اور مزدلفہ کے درمیان ہے۔

☆''وادی محسر'' نہ منی میں داخل ہے نہ مزدلفہ میں، بلکہ منیٰ اور مزدلفہ کے بیچ میں ایک حدّ فاصل ہے اور اس کی مقدار ۵۴۵ گز ہے جب وہاں سے گزرے تو جلدی گزر جائے۔

☆مزدلفہ سب کا سب موقف ہے، مگر ''وادی محسر'' حاجیوں کے لئے موقف نہیں ہے بلکہ یہ ''اصحاب فیل'' کا موقف تھا، اگر کوئی حاجی وادی محسر میں وقوف کرے گا تو اس کا اعتبار نہیں ہوگا۔(۱)

= حجة اللّٰه البالغة : (۶۴/۲) مبحث فی أمور تتعلق الحج ، قصة حجة الوداع ، ط: میر محمد کتب خانه .

فلمّا أتی بطن محسر ، حرّک ناقته و أسرع السیر ، وهٰذه کانت عادته فی المواضع الّتی نزل فیها بأس اللّٰه بأعدائه ، فإن هنالک أصاب أصحاب الفیل ماقصّ اللّٰه علینا ، ولذٰلک سمّی ذٰلک الوادی وادی محسر ؛ لأنّ الفیل حسر فیه أی أعیی ، وانقطع عن الذهاب إلی مکّة ، وکذٰلک فعل فی سلوکه الحِجَر دیار ثمود فإنّه تقنع بثوبه وأسرع السیر . (زاد المعاد فی هدی خیر العباد لابن قیم : (۲۵۵/۲ ، ۲۵۶) فصول : فی هدیه صلی اللّٰه علیه وسلم فی العبادات ، فصل : فی هدیه صلی اللّٰه علیه وسلم فی حجّه وعُمره ، ط: مؤسّسة الرسالة بیروت ، مکتبة المنار کویت)

(۱) فإذا بلغ وادی محسر یستحب عند الأئمة الأربعة أن یحرّک الراکب دابته قدر رمیة حجر ثم یمشی علی السکون حتی یأتی منی ...... ویستحب أیضًا للماشی الإسراع فی وادی محسر ...... و وادی محسر ، ویقال له : بطن محسر بضم المیم و فتح الحاء ، وکسر السین المشددة وبالراء المهملات ، مسیل ماء فاصل بین مزدلفة و منی ، وهو لیس من منی ، ونقل القاضی عز الدین بن جماعة اتفاق الأئمة الأربعة علی ذٰلک ، قال المحب الطبری : وأوّل وادی محسر : من القرن المُشرق من الجبل الّذی یسار الذاهب ، قال : ولیس من مزدلفة ولا من منٰی ، بل هو مسیل بینهما ...... وقد جاء : " مزدلفة کلها موقف الّا محسر " ...... وسمی بذٰلک لأن فیل أصحاب الفیل حسر فیه : أی أعیٰی وکَلَّ عن المسیر ؛ ...... و قال الاذرقی : إنّه خمسمائة ذراع وخمسة وأربعون ذراعًا . (البحر العمیق : (۱۶۴۹/۳ ، ۱۶۵۰ ، ۱۶۵۱ ، ۱۶۵۲) الباب الحادی عشر : فی الخروج من مکّة إلی منٰی ، مطلب : الدفع من مزدلفة إلی منٰی ، ومطلب: وادی محسر ، ط: مؤسسة الریّان ، المکتبة المکیّة) =

والدہ ناراض ہے

اگر کسی آدمی پر حج فرض ہے اور والدہ اس پر ناراض ہے تو حج کرنے سے حج ادا ہو جائے گا، کیونکہ حج ایک مستقل عبادت ہے، ادا کرنے سے ادا ہو جاتی ہے، البتہ ماں کی ناراضگی کا گناہ بیٹے کی گردن پر ہوگا، اس کی تلافی کی صورت یہ ہے کہ ماں سے معافی مانگ لے، اس کو راضی کر لے اور ماں کو بھی چاہیئے کہ اس کو معاف کر دے اور اس کے لئے خیر کی دعاء کرے تاکہ ماں کی دعاء سے وہ سدھر جائے اور وہ دنیا و آخرت دونوں جہاں میں کامیاب ہو جائے اور اگر ماں بیٹے کو معاف نہیں کرے گی تو بیٹے کا بھی نقصان ہوگا اور ماں کو بھی کوئی فائدہ نہیں ہوگا۔(۱)

اگر ماں کا انتقال ہوگیا ہے اور زندگی میں ماں کو راضی نہ کر سکا تو ماں کے انتقال کے بعد اللہ سے توبہ واستغفار کرے اور ماں کے لئے ایصالِ ثواب کرے یعنی کوئی نیک کام کر کے یہ نیت کرے کہ اے اللہ اس کا ثواب میری والدہ کو پہنچا دے۔

= المزدلفة (کلها موقف الا وادی محسر) هو واد بین منٰی و مزدلفة ، فلو وقف به أو ببطن عرنة لم یجز علی المشهور . (الدر مع الرد : (۵۰۸/۲) کتاب الحج ، مطلب فی إجابة الدعاء، ط: سعید)

ـــــ إرشاد الساری : (ص: ۳۱۱) باب أحکام المزدلفة ، فصل : فی الوقوف بها ، ط: الإمدادیة مکّة المکرّمة .

(۱) وینبغی له تحصل رضا من یکره له السفر بغیر رضاه فإنّه إذا أراد أن یخرج إلی الحج وأحد أبویه کاره لذٰلک ، فإن کان محتاجًا إلی خدمته یکره وإن کان مستغنیًا فلابأس به إن کان الغالب علی الطریق السلامة وأمّا عند غلبة الخوف فلایحل له أن یخرج إلّا بإذنهما وإن کانا مستغنیین عنه . (غنیة الناسک : (ص: ۳۴ ، باب ماینبغی لمرید الحج من آداب سفره ، ط: إدارة القرآن)

إرشاد الساری : (ص: ۹) مقدمة فی آداب مرید الحج ، ط: المکتبة الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

الفتاویٰ الهندیة : (۲۲۰/۱) کتاب المناسک ، الباب الأوّل : فی تفسیر الحج و فرضیته و وقته و شرائطه وأرکانه و واجباته و سننه و آدابه و محظوراته ، ط: رشیدیه .

واضح رہے کہ موت کے بعد میت کی روح کو خوش کرنے کا ذریعہ ایصالِ ثواب ہے۔(۱)

والدین کو حج کرانے سے اپنا حج ادا نہیں ہوگا

اگر بیٹے پر اپنے ذمہ حج فرض ہے تو والدین کو حج کرانے سے بیٹے کا اپنا فرض ادا نہیں ہوگا، اس کو خود اپنا فرض حج ادا کرنا لازم ہوگا۔(۲)

والدین کی اجازت کے بغیر حج کے لئے جانا

اگر حج فرض ہے تو حج کے لئے والدین سے اجازت لینا ضروری نہیں ہے، بلکہ اجازت نہ ملنے کی صورت میں بھی جانا ضروری ہے، اور اگر حج فرض نہیں

(۱) الأصل أن كل من أتىٰ بعباده ما له جعل ثوابها لغيره .... (الدر مع الرد : (۲/۵۹۵) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، ط: سعيد)

▭ أن سعد بن عبادة رضي الله عنه توفيت أمه وهو غائب عنها ، فقال يا رسول الله ! إن أمي توفيت وأنا غائب عنها ، أينفعها شيئ إن تصدقت به عنها ؟ قال : نعم ، قال : فإنّي أشهدك أن حائطي المخراف صدقة عليها . (صحيح البخاري : (۱/۳۸۶) كتاب الوصايا ، باب : إذا قال : أرضي و بستاني صدقة لله عن أمّي ط: قديمي)

▭ إن رجلاً سأله صلى الله عليه وسلم فقال : كان لي أبوان أبرهما حال حياتهما ، فكيف لي ببرهما بعد موتهما ؟ فقال صلى الله عليه وسلم : إن من البر بعد الموت أن تصلي لهما مع صلاتك وتصوم لهما مع صيامك . (فتح القدير : (۳/۱۳۳) كتاب الحج ، باب الحج عن الغير ، ط: رشيديه)

(۲) قال الله تعالىٰ :﴿ ولله على النّاس حِجُّ البيت من استطاع إليه سبيلاً ﴾ [آل عمران:۹۷]

▭ ذي زاد و راحلة مختصة به وهو المسمى بالمقتب إن قدر ...... (وفي الشامية) أفاد أنّهٗ لايجب إلا بملك الزاد وملك أجرة الراحلة . (الدر مع الرد : (۲/۴۵۹) كتاب الحج ، ط: سعيد)

▭ الفتاوىٰ الهندية : (۱/۲۱۷) كتاب المناسك ، الباب الأوّل ، ط: رشيديه .

▭ والمركبة منها للحج الفرض تقبل النيابة عند العجز فقط لكن بشرط دوام العجز إلى الموت ؛ لأنّه فرض العمر حتى تلزم الإعادة بزوال العذر . (الدر المختار مع الرد : (۲/۵۹۸) باب الحج ، مطلب في الفرق بين العبادة والقربة والطاعة ، ط: سعيد)

تو والدین سے اجازت لے کر جانا زیادہ بہتر ہے۔(۱)

والدین نے حج نہیں کیا

☆......اگر کوئی شخص صاحب استطاعت ہے اس کے پاس حکومت کے اعلان کے مطابق حج کے لئے جتنی رقم کی ضرورت ہے اتنی رقم ہے، اس کے علاوہ مزید اتنی رقم ہے جو حج سے واپس آنے تک گھر کے ضروری اخراجات کے لئے کافی ہے تو ایسے آدمی پر حج فرض ہے، اگر ایسے آدمی کے والدین نے حج نہیں کیا تو بھی ایسے آدمی کے لئے حج کے لئے جانا لازم ہے، اور فرض حج کے لئے والدین سے اجازت لینا ضروری نہیں ہے، اور یہ کہنا کہ والدین نے حج نہیں کیا لہٰذا بیٹا حج پر نہیں جاسکتا، یہ بات غلط ہے ہر ایک سے قیامت کے دن اپنے اپنے حج کے بارے میں الگ الگ سوال ہوگا۔(۲)

(۱) ويكره الخروج إلى الحج إذا كره أحد أبويه إن كان الوالد محتاجًا إلى الولد ، وإن كان مستغنياً عن خدمته فلابأس ...... في الملتقط حج الفرض أولىٰ من طاعة الوالدين وطاعتهما أولىٰ من الحج النفل ، وفي الكبرىٰ لو كان السفر مخوفاً مثل البحر لايخرج إلاَّ بإذن الوالدين كذا في التاتارخانية . (الفتاوىٰ الهندية : (۱/۲۲۰ ، ۲۲۱) كتاب المناسك ، الباب الأوّل في تفسير الحج ، ط: رشيديه)

▭ إرشاد الساري : (ص: ۹) مقدمة في آداب مريد الحج ، ط: المكتبة الإمدادية ، مكّة المكرّمة.

▭ غنية الناسك : (ص: ۳۴) باب ماينبغي لمريد الحج من آداب سفره ، ط: إدارة القرآن .

(۲) النوع الثاني : الاستطاعة : وهي عندنا ملك الزاد والراحلة في حق النائي عن مكّة فيشترط أن يملك من المال مقدار ما يبلغه إلى مكّة ذاهبًا و جائيًا ، راكبا لا ماشيًا ، بنفقة متوسطة لا إسراف فيها ولا تقتير ، سواء جرت عادته بالسؤال أم لم تجر فاضلاً عن مسكنه و خادمه و فرسه ، وسلاحه ، و ثيابه ، وأثاثه ، ومرمّة مسكنه وعن نفقة عياله وعمن تلزمه نفقتهم وكسوتهم إلى حين عوده ، وقضاء ديونه . (البحر العميق : (۱/۳۷۷ ، ۳۷۸) الباب الثاني في مناسك الحج ، النوع الثاني الاستطاعة ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة)

▭ الدر مع الرد : (۲/۴۵۹) كتاب الحج ، ط: سعيد .

▭ الفتاوىٰ الهندية : (۱/۲۱۷) كتاب المناسك ، الباب الأوّل ، ط: رشيديه .

☆......بعض لوگ یہ سمجھتے ہیں کہ جب تک والدین کو حج نہ کرائیں خود ان کا حج ادا ہی نہ ہوگا، یہ سراسر غلط بات ہے،اس غلط خیال کی بنیاد پر بوڑھے والدین کو حج کے لئے روانہ کردیتے ہیں پھر ان ضعیف لوگوں کو حج میں جن پریشانیوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے وہ ناقابل بیان ہیں،اس لئے اچھی طرح سمجھ لیں کہ اپنے فرض حج کی ادائیگی والدین کے حج پر موقوف نہیں ہے، پہلے اپنا فرض حج کرلینا چاہیئے اگر والدین کو حج کرانے کا خیال ہے توان کی خدمت کے لئے ان کے ساتھ ضرور جائیں،انہیں دوسروں کے حوالہ نہ کریں۔(۱)

وِزِٹ ویزا

وِزِٹ (سیاحی) ویزہ پر حج کرنا درست ہے،مگراس کے لئے رشوت دینا جائز نہیں ہے،(۲) البتہ فیس جمع کرکے جانا صحیح ہے۔

---

(۱) النوع الثانی : الاستطاعة : وهی عندنا ملک الزاد والراحلة فی حق النائی عن مکّة فیشترط أن یملک من المال مقدار ما یبلغه إلی مکّة ذاهبًا و جائیًا ، راکبا لا ماشیًا ، بنفقة متوسطة لا إسراف فیها ولا تقتیر ، سواء جرت عادته بالسؤال أم لم تجر فاضلاً عن مسکنه و خادمه و فرسه ، وسلاحه ، و ثیابه ، وأثاثه ، ومرمّة مسکنه وعن نفقة عیاله وعمن تلزمه نفقتهم وکسوتهم إلی حین عوده ، وقضاء دیونه . (البحر العمیق : (۱/۳۷۷ ، ۳۷۸) الباب الثانی فی مناسک الحج ، النوع الثانی الاستطاعة ، ط: مؤسّسة الریّان ،المکتبة المکیّة)

🗁 الدر مع الرد : (۲/۴۵۹) کتاب الحج ، ط: سعید .

🗁 الفتاویٰ الهندیة : (۱/۲۱۷) کتاب المناسک ، الباب الأوّل ، ط: رشیدیه .

(۲) والفقیر الآفاقی إذا وصل إلی المیقات صار کالمکی فیجب علیه وإن لم یقدر علی الراحلة ...... وکذا الغنی الآفاقی إذ اعدم الرکوب بعد وصوله إلی المیقات یتعین علیه أن لا ینوی بحجه نفلاً لیقع عن حجة الإسلام . (غنیة الناسک : (ص: ۱۸) باب شرائط الحج ، فصل : وأمّا شرائط الوجوب ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۵۶) باب شرائط الحج ، النوع الأوّل : شرائط الوجوب ، الاستطاعة ، ط : الإمدادیة ، مکّة المکرّمة .

🗁 عن أبی هریرة رضی اللّٰه عنه قال : لعن رسول اللّٰه صلی اللّٰه علیه وسلم الراشی والمرتشی فی الحکم . (جامع الترمذی : (۱/۲۴۸) أبوب الأحکام ، باب ماجاء فی الراشی والمرتشی فی الحکم ، ط: سعید)=

وصیت

☆......وصیت صرف تہائی مال میں ہوتی ہےاس لئے تہائی مال سے حج بدل کرایا جائے، چاہے وصیت کرنے والے نے تہائی کی شرط لگائی ہو یا نہ لگائی ہو،البتہ اگر تمام ورثاء بالغ ہیں اور سب رضامندی سے ایک تہائی سے زیادہ دینا چاہیں تو دے سکتے ہیں۔(۱)

☆......اگرایک تہائی ترکہ حج بدل کے مصارف سے زیادہ ہے یا حج بدل کے بعد کچھ بچتا ہے تو وہ وارثوں کو واپس کرنا واجب ہے، ہاں اگر وہ رکھنے کے لئے اجازت دیدیں تو حج بدل کرنے والے کے لئے بچی ہوئی رقم رکھنا جائز ہوگا۔(۲)

= 🗁 شامی : (۵/۳۶۲) کتاب القضاء ، مطلب فی الکلام علی الرشوة والهدیة ، ط: سعید .

(۱) ومنها : أن یحج عنه من ثلث ماله سواء قید الوصیة بأن أوصٰی أن یحج عنه بثلث ماله أو أطلق بأن أوصٰی أن یحج عنه أو یحج عنه من ماله أمّا إذا قیّد فظاهر وإذا أطلق ؛لأنّ الوصیة تنفذ من الثلث .... (البحر العمیق : (۴/۲۳۵۶) الباب الثامن عشر فی الحج عن الغیر ، الفصل الثانی : الحج عن المیت الّذی فاته الحج فی عمرة ، ط: مؤسّسة الریّان ،المکتبة المکیّة)

🗁 الدر مع الرد : (۲/۶۰۰ ــ ۶۰۵) کتاب الحج ،مطلب : شروط الحج عن الغیر عشرون ، ومطلب : فی حج الصرورة ، ط: سعید .

🗁 فإن أجازت الورثة وهم کبار جاز وإن لم یجیزوا لایجوز . (الفتاویٰ الهندیة : (۱/۲۵۹) کتاب المناسک ، الباب الخامس عشر فی الوصیة بالحج ، ط: رشیدیه)

(۲) فإذا قال الموصی : حجوا عنّی بثلث مالی حجة واحدة فإنّه یحج عنه حجة واحدة وما فضل عنها یرد إلی الورثة . (البحر العمیق : (۴/۲۳۵۶) الباب الثامن عشر فی الحج عن الغیر ، الفصل الثانی : الحج عن المیت الّذی فاته الحج فی عمره ، ط: مؤسّسة الریّان ،المکتبة المکیّة)

🗁 وما فضل فی ید الحاج عن المیت بعد النفقة فی ذهابه و رجوعه فإنّه یردّه علی الورثه لایسعه أن یأخذ شیئًا ممّا فضل هٰذا فی البدائع ، (الفتاویٰ الهندیة : (۱/۲۵۹) کتاب المناسک ، الباب الخامس عشر فی الوصیة بالحج ، ط: رشیدیه)

🗁 بدائع الصنائع : (۲/۲۲۳) کتاب الحج ، فصل وأمّا بیان حکم فوات الحج ، ط: سعید.

وصیت کے بغیر حج بدل کرانا

اگر والدین پر حج فرض تھا اور انہوں نے حج بدل کرانے کی وصیت نہیں کی ،اگر اولاد ان کی طرف سے حج بدل کرادے یا خود اپنے والد یا والدہ کی طرف سے حج بدل کرلے تو اُمید ہے کہ ان کا فرض حج ادا ہو جائے گا،اور یہ حج کی تینوں اقسام میں سے جو بھی حج کرلے صحیح ہے۔(۱)

وضو زمزم سے کرنا

''زمزم سے وضو کرنا'' عنوان کے تحت دیکھیں۔(۲/)

وضو طواف کے دوران ٹوٹ جائے

''طواف کے دوران وضو ٹوٹ جائے'' عنوان دیکھیں۔(۱۲٤/۳)

وضو طواف کے دوران ٹوٹ گیا

''طواف کے دوران وضو ٹوٹ گیا'' عنوان دیکھیں۔(۱۲۵/۳)

وضو کے بغیر طواف کرلیا

☆......اگر کوئی شخص شرعی اعتبار سے معذور نہیں ہے اور اس نے پورا یا اکثر طواف زیارت بے وضو کیا تو اس پر دَم دینا واجب ہوگا۔(۲)

(۱) من عليه الحج إذا مات قبل أدائه فإن مات عن غير وصية يأثم بلاخلاف وإن أحب الورثة أن يحج عنه حج وأرجو أن يجزئه ذلك إن شاء اللّٰه تعالىٰ كذا ذكره أبو حنيفة رحمه اللّٰه تعالىٰ . (الفتاوىٰ الهندية : (۲۵۸/۱) كتاب المناسك ، الباب الخامس عشر فى الوصية بالحج ، ط: رشيديه)

🗀 بدائع الصنائع : (۲۲۱/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا بيان حكم فوات الحج ، ط: سعيد .

🗀 البحر العميق : (۲۳۵۱/۴) الباب الثامن عشر فى الحج عن الغير ، الفصل الثانى : الحج عن الميت الّذى فاته الحج فى عمره ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

(۲) ولو طاف للزيارة كله أو أكثره محدثًا فعليه شاه . (إرشاد السارى : (ص: ۴۹۰) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنايات فى أفعال الحج ، فصل فى حكم الجنايات فى طواف الزيارة ، ط: المكتبة الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗀 غنية الناسك : (ص: ۲۷۲) باب الجنايات ، الفصل السابع فى ترك الوجب فى أفعال=

اور اگر طوافِ زیارت کے تین یا اس سے کم چکر وضو کے بغیر کئے تو ہر چکر کے لئے آدھا صاع (پونے دو کلو) گندم صدقہ کرے۔(۱)

اور اگر ان دونوں صورتوں میں وضو کرکے طوافِ زیارت کا اعادہ کرلیا (خواہ بارہ ذی الحجہ کے اندر یا بارہ ذی الحجہ کے بعد) تو دَم اور صدقہ ساقط ہو جائے گا۔(۲)

☆......طوافِ قدوم یا طوافِ وداع یا نفلی طواف وضو کے بغیر کیا تو ہر چکر کے لیے آدھا صاع گندم یا اس کی قیمت صدقہ کرے، اور اگر اس نے وضو کرکے ان طوافوں سکا اعادہ کرلیا تو صدقہ کرنا لازم نہیں ہوگا۔(۳)

= الحج ...... ، المطلب الأوّل فى ترك الواجب فى طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن .

🗀 الدر مع الرد : (۵۵۰/۲) كتاب الحج ، باب الجنايات، ط: سعيد .

🗀 الفتاوىٰ الهندية : (۲۴۵/۱) كتاب المناسك ، الباب الثامن فى الجنايات ، الفصل الخامس فى الطواف والسعى ، والرمل ، ورمى الجمار ، ط: رشيديه .

(۱) ولو طاف أقلّه محدثًا ولم يعد فعليه لكل شوط نصف صاع ، إلّا إذا بلغت قيمته دمًا، فينقص منه ماشاء . (غنية الناسك : (ص: ۲۷۲) باب الجنايات ، الفصل السابع فى ترك الوجب فى أفعال الحج ، ط: المطلب الأوّل فى ترك الواجب فى طواف الزيارة ، ط: إدارة القرآن)

🗀 إرشاد السارى : (ص: ۴۹۱) باب الجنايات و أنواعها ، النوع الخامس : الجنايات فى أفعال الحج ، فصل فى حكم الجنايات فى طواف الزيارة ، ط: المكتبة الإمدادية ، مكّة المكرّمه .

🗀 الفتاوىٰ الهندية : (۲۴۶/۱) كتاب المناسك ، الباب الثامن فى الجنايات ، الفصل الخامس فى الطواف والسعى والرمل ورمى الجمار ، ط: رشيديه .

(۲) فإن أعاده سقط عنه الدم ، سواء أعاده فى أيّام النحر أو بعدها ولاشيئ عليه للتأخير . (إرشاد السارى : (ص: ۴۹۰) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الخامس : الجنايات فى أفعال الحج ،فصل فى حكم الجنايات فى طواف الزيارة ، ط: المكتبة الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗀 غنية الناسك : (ص: ۲۷۲) باب الجنايات ، الفصل السابع ، المطلب الأوّل ، ط: إدارة القرآن .

🗀 الفتاوىٰ الهندية : (۲۴۵/۱) كتاب المناسك ، الباب الثامن فى الجنايات ، الفصل الخامس فى الطواف والسعى والرمل ورمى الجمار ، ط: رشيديه .

(۳) وإن طافه محدثًا ، فعليه صدقة لكل شوط ...... وحكم كل طواف تطوع كحكم طواف القدوم . (إرشاد السارى : (ص: ۴۹۷) فصل فى الجناية فى طواف الصدر ، و: (ص: ۴۹۸) فصل فى الجناية فى طواف القدوم ، ط: المكتبة الإمدادية ، مكّة المكرّمة) =

وقوف

''وقوف'' کے معنیٰ ہیں ٹھہرنا، اور حج کے احکام میں اس سے مراد میدانِ عرفات یا مزدلفہ میں خاص وقت میں ٹھہرنا۔(۱)

وقوفِ عرفات کا مسنون طریقہ

☆......نویں ذی الحجہ کو آفتاب کے زوال کے بعد سے آفتاب غروب ہونے تک پورے میدانِ عرفات میں جہاں چاہے وقوف کرسکتا ہے، نیز وقوفِ عرفات کے لئے پاک ہونا بھی شرط نہیں ہے، اگر کوئی عورت حیض ونفاس کی وجہ سے ناپاکی کی حالت میں ہے یا مرد ناپاک ہے، اور غسل واجب ہے تو اس حالت میں بھی وقوفِ عرفات درست ہوجائے گا۔(۲)

= غنیة الناسک : (ص: ۲۷۵ ، ۲۷۶) باب الجنایات ، الفصل السابع ، المطلب الثانی ، والثالث فی ترک الواجب فی طواف الصدر والقدوم ، ط: إدارة القرآن .

الفتاویٰ الهندیه : (۱/۲۴۶) کتاب المناسک ، الباب الثامن فی الجنایات ، الفصل الخامس فی الطواف ، ط : رشیدیه .

(۱) وقف :وقوفًا ، قام من جلوس ، وسکن بعد المشی ...... والحاج بعرفات : شهد وقتها . (المعجم الوسیط : (۲/۱۰۵۱) باب الواو ، وقف ، ط: دار الدعوة)

(۲) وعرفات کلها موقف إلاَّ بطن عرنة کما فی السنة ، إذا دخل عرفة نزل بها مع النّاس حیث شاء ...... والأفضل أن ینزل بقرب الرحمة ...... فإذا نزل أی بعرفات یمکث فیها ...... ویشتغل بالدعاء والصلاة علی النّبی والذکر ...... والتلبیة ...... إلی أن تزول الشمس . (إرشاد الساری : (ص: ۲۷۰) باب الوقوف بعرفات وأحکامه ، ط: الإمدادیة ، مکّة المکرّمة)

الفتاویٰ الهندیة : (۱/۲۲۷ ، ۲۲۸) کتاب المناسک ، الباب الخامس فی کیفیة أداء الحج ، ط: رشیدیه .

الفتاویٰ الخانیة علی هامش الهندیة : (۱/۲۹۳) کتاب الحج ، فصل فی کیفیة أداء الحج ، ط: رشیدیه.

و وقوف الحائض والجنب ومن لم یصل الصلاتین یجزیه ولایلزمه شیئ کذا فی محیط السرخسی . (الهندیة : (۱/۲۲۹) کتاب المناسک ، الباب الخامس فی کیفیة أداء الحج ، ط: رشیدیه) =

☆......افضل اور بہتر تو یہ ہے کہ زوال کے بعد اگر مسجد نمرہ کے امام کی اقتداء میں ظہر اور عصر کی نماز ادا کی ہے تو اس کے بعد خالی میدان میں قبلہ رُخ کھڑے ہوکر مغرب تک وقوف کرے اور اگر اپنے خیمہ میں ظہر کی نماز پڑھی ہے تو اس کے بعد خالی میدان میں قبلہ رُخ کھڑے ہوکر عصر تک وقوف کرے پھر عصر کے وقت عصر کی نماز پڑھ کر مغرب تک وقوف کرے، اور اگر پورے وقت میں کھڑا نہ ہوسکے تو جس قدر کھڑا ہوسکتا ہو کھڑا رہے پھر بیٹھ جائے، پھر جب قوت اور ہمت ہو اور تازہ دَم ہو تو کھڑا ہوجائے اور پورے وقت میں خشوع وخضوع کے ساتھ بار بار تلبیہ پڑھتا رہے، گریہ وزاری کے ساتھ ذکر اللہ، تلاوت، درود شریف اور استغفار میں مشغول رہے اور دینی ودنیوی مقاصد کے لئے اپنے واسطے اور اپنے متعلقین، دوست احباب کے لئے اور تمام مسلمانوں کے لئے دعائیں مانگتا رہے، یہ وقت دعاء قبول ہونے کا خاص وقت ہے، سنہری موقع ہے(گولڈن چانس ہے) زندگی میں ایسا وقت ہمیشہ نصیب نہیں ہوتا، اس لئے اس دن بلاضرورت آپس میں جائز گفتگو سے بھی پرہیز کرے، پورے وقت کو دعاؤں اور ذکر اللہ میں گزارے۔(۱)

= البحر العمیق : (۳/۱۵۱۳ ، ۱۵۱۴) الباب الحادی عشر : فی الخروج من مکّة إلی منیٰ ثم عرفة ، مقدار الوقوف بعرفة ، ط: مؤسّسة الریّان ،المکتبة المکیّة .

بدائع الصنائع : فی ترتیب الشرائع : (۲/۱۲۷) کتاب الحج ، فصل وأمّا رکن الحج فشیئان ، ط: سعید .

(۱) فإذا فرغ الإمام من الجمع فی مسجد إبراهیم وهو المشهور بمسجد نمرة راح إلی الموقف والنّاس أی الّذین صلوا معه ویکره التاخیر ...... فإن تخلف أحد ساعة لحاجة لابأس به لکن الأفضل أن یروح مع الإمام ...... فیقف راکبا وهو الأفضل وإلاَّ فقائما أی إن قدرعلیه وإلاَّ فقاعداً أی وإلاَّ فمجطجعاً ...... وبقرب جبل الرحمة أفضل إذا کان خالیاً عن الزحمة وعن هجوم الظلمة خصوصًا عند الصخرات السود فإنّها مظنة موقفه صلی اللّٰه علیه وسلم مستقبل القبلة خلف الإمام وإلاَّ فعن یمینه أو بحذائه أو شماله رافعًا یدیه بسطًا أی باسطهما غیر قابض لهما ...... مکبرًا مهللاً مسبحًا ملبیًا حامدًا مصلیاً علی النّبی صلی اللّٰه علیه وسلم داعیا أی بالدعوات المأثورة وغیرها ...... مستغفراً له=

☆......وقوف کی دعاؤں میں دوسری دعاؤں کی طرح ہاتھ اُٹھانا سنت ہے ،جب تھک جائے ہاتھ چھوڑ کربھی دعاء مانگ سکتا ہے۔(۱)

آنحضرت ﷺ سے روایت ہے کہ آپ ﷺ نے ہاتھ اُٹھا کر تین مرتبہ ’’أللّٰہ أکبر وللّٰہ الحمد ‘‘ کہااور پھر یہ دعاء پڑھی:

لَا اِلٰـهَ اِلَّااللّٰـهُ وَحْـدَهٗ لَاشَـرِيْکَ لَـهٗ لَـهُ الْـمُلْکُ وَلَـهُ الْحَمْدُ

أَللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ بِالْهُدٰی وَنَقِّنِیْ بِالتَّقْوٰی وَاغْفِرْلِیْ فِی الْآخِرَةِ وَالْأُوْلٰی

اور پھر ہاتھ چھوڑ دیئے اتنی دیر جتنی دیر میں الحمد شریف پڑھی جاتی ہے،اس کے بعد پھر ہاتھ اُٹھا کر وہی کلمات اور دعائیں پڑھیں پھر اتنی دیر ہاتھ چھوڑے رکھے اور پھر تیسری مرتبہ وہی کلمات اور دعاء مانگی۔(۲)

= ولوالديه وأقاربه وأحبائه أى عمومًا وخصوصًا ولجميع المؤمنين والمؤمنات ...... ويجتهد فى الدعاء ويقوّى الرجاء ولا يفرط فى الجهر بصوته ويكرر الدعاء ثلاثًا يستفتحه بالتحميد والتمجيد والتسبيح والصلاة ويختمه أى كل دعاء بها بآمين . (إرشاد السارى : (ص: ۲۸۱ ، ۲۸۲ ، ۲۸۳) باب الوقوف بعرفة وأحكامها ، فصل : فى صفة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

الفتاوىٰ الهندية : (۱/ ۲۲۹) كتاب المناسک ، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه.

البحر الرائق : (۲/ ۳۳۸) كتاب الحج ، ط: سعيد .

(۱) ويرفع الأيدى بسطًا ويستقبل كما يستقبل الداعى بيده و وجهه ، كذا فى البدائع . (الفتاوىٰ الهنديه : (۱/ ۲۲۹) كتاب المناسک ، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه)

غنية الناسک : (ص: ۱۵۴) باب مناسک عرفات ، فصل فى صفة الوقوف بعرفة ، ط: إدارة القرآن.

إرشاد السارى : (ص: ۲۸۲) باب الوقوف بعرفة وأحكامه ، فصل فى صفة الوقوف ، ط: المكتبة الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۲) وروى ابن أبى شيبة موقوفًا عن ابن عمر رضى اللّٰه عنهما : أنّه إذا صلى العصر و وقف بعرفة يرفع يديه ويقول : اللّٰه أكبر وللّٰه الحمد ثلاثًا ، لاإلٰه إلَّا اللّٰه وحده لاشريک له ، له الملک وله الحمد ،اللّٰهم اهدنى بالهدٰى ونقّنى وفى رواية : واعصمنى بالتقوٰى واغفر لى فى الآخرة والأولىٰ ثلاث مرات . اللّٰهم اجعله حجا مبروراً وذنبًا مغفوراً ، ثم يردّ يديه فيسكت قدرما يقرأ انسانٌ فاتحة الكتاب ، ثم يعود ويرفع يديه ويقول مثل ذلک حتى أفاض . (إرشاد السارى : (ص: ۲۸۳ ، ۲۸۴) باب الوقوف بعرفات وأحكامها ، ط: المكتبة الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

اصل بات یہ ہے کہ جو دعاء اخلاص، یقین اور اعتماد کے ساتھ مکمل توجہ سے دل کی گہرائی سے خشوع وخضوع کے ساتھ مانگی جائے وہی بہتر ہے،خواہ کسی بھی زبان میں مانگے ،یادرہے کہ دعاؤں کا پڑھنا مقصود نہیں ہے بلکہ دعاء مانگنا مقصود ہے۔(۱)

وقوفِ عرفہ

☆......عربی لغت میں ’’وقوف‘‘ کے معنیٰ ہیں ’’ٹھہرنا‘‘،اور حج کے احکام میں اس سے مراد ۹ ذی الحجہ کو زوال آفتاب سے ۱۰/ذی الحجہ کی صبح صادق ہونے سے ذرا پہلے تک عرفات کے میدان کے کسی حصہ میں کسی وقت بھی قیام کرنا، یہی وقوفِ عرفات حج کا سب سے بڑا رکن ہے،اس کے بغیر حج نہیں ہوتا۔(۲)

---

(۱) ويجتهد الواقف فى أن يقطر من عينيه قطرات فإنّه دليل القبول ، وليكن على طهارة ، وليحذر كل الحذر من المخاصمة والمشاتمة والمفاخرة والكلام القبيح ، وبل من المباح ...... ويدعو بما شاء وليس عن أصحابنا دعاء موقت ؛ لأنّ الإنسان يدعو بما شاء ، ولأن توقيت الدعاء يذهب بالرقة ؛ لأنّه يجرى على لسانه من غير قصد ، فيبعد عن الإجابة . (غنية الناسک : (ص: ۱۵۴ ، ۱۵۵) باب مناسک عرفات ، فصل فى صفة الوقوف بعرفة ، ط: إدارة القرآن)

الهندية : (۱/ ۲۲۹) كتاب المناسک ، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه.

إرشاد السارى : (ص : ۲۹۲) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل فى صفة الوقوف ، وأمّا مستحباته ، ط المكتبة الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۲) الوقوف بعرفة وطواف الزيارة لكن الوقوف أقوٰى من الطواف كذا فى النهاية . (الهندية : (۱/ ۲۱۹) كتاب المناسک ، الباب الأوّل ، ط: رشيديه)

وأيضًا فيه : وعرفات كلها موقف إلَّا بطن عرنة ، كذا فى الكنز ، ويقف فى أى موضع شاء كذا فى فتاوىٰ قاضى خان . (۱/ ۲۲۹) الباب الخامس فى كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه .

وأمّا ركن الحج فشيئان أحدهما الوقوف بعرفة وهو الركن الأصلى للحج ...... وأمّا زمانه فزمان الوقوف من حين تزول الشمس من يوم عرفة إلى طلوع الفجر الثانى من يوم النحر ...... وكذا الوقوف قبل الزوال لم يجز مالم يقف بعد الزوال ...... أمّا القدر المفروض من الوقوف سواء كان عالماً بها أو جاهلاً نائماً أو يقظان مفيقًا أو مغمى عليه وقف بها أو مر وهو يمشى أو على الدابة أومحمولاً ؛ لأنّه أتٰى بالقدر المفروض وهو حصوله كائنا بها . (بدائع الصنائع : (۲/ ۱۲۵ ، ۱۲۶ ، ۱۲۷) كتاب الحج ، وأمّا ركن الحج فشيئان ، ط: سعيد) =

☆......وقوفِ عرفات میں صرف ایک چیز واجب ہے، اور وہ یہ کہ جو شخص ۹ ذی الحجہ کو دن میں زوال آفتاب کے بعد غروبِ آفتاب سے پہلے وقوف کرے، اس کے لئے غروبِ آفتاب تک عرفات کی حدود کے اندر رہنا واجب ہے، اگر کوئی حاجی غروبِ آفتاب سے پہلے عرفات کی حدود سے نکل جائے گا تو دَم واجب ہوگا، ہاں اگر دوبارہ واپس آ کر غروبِ آفتاب تک رہے گا تو دَم ساقط ہو جائے گا۔(۱)

اور جو شخص ۹/ذی الحجہ کے دن زوال سے لیکر غروبِ آفتاب تک حاضر نہ ہو سکے اور دسویں کی رات میں آ کر وقوف کرے تو تھوڑے سے وقت کے رہنے سے بھی یہ واجب ادا ہو جائے گا اور حج بھی ہو جائے گا، لیکن دن میں وقوفِ عرفات کی فضیلت سے محروم ہو جائے گا۔(۲)

☆......وقوفِ عرفات کے لئے نیت شرط نہیں، البتہ مستحب ہے، اگر نیت نہیں کی تو بھی وقوف ہو جائے گا۔(۳)

= 🗁 إرشاد الساری : (ص: ۲۹۰) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل : فی شرائط صحة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۱، ۲) وأمّا القدر الواجب من الوقوف فمن حين تزول الشمس إلى أن تغرب فهٰذا القدر من الوقوف واجب عندنا ، ...... وإذا عرف أن الوقوف من حين زوال الشمس إلى غروبها واجب فإن دفع منها قبل غروب الشمس فإن جاوز عرفة بعد الغروب فلا شيئ عليه ؛ لأنّه ماترک الواجب وإن جاوزها قبل الغروب فعليه دم عندنا لتركه الواجب فيجب عليه الدم كما لو ترک غيره من الواجبات .... (بدائع الصنائع : (۱۲۷/۲) كتاب الحج ، فصل : وأمّا ركن الحج فشيئان ، ط: سعيد)

🗁 الهندية : (۲۲۹/۱) كتاب المناسک ، الباب الخامس فی كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه.

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۲۹۱) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل فی شرائط صحة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۳) وأمّا مستحبابه ...... والنية أی نية الوقوف بقلبه . (إرشاد الساری : (ص: ۲۹۲) باب الوقوف بعرفة وأحكامه ، فصل فی شرائط صحة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۶۰، ۱۶۱) باب مناسک عرفات ، فصل : فی ركن الوقوف و قدر الواجب فيه وسننه و مستحباته ، ط: إدارة القرآن .

🗁 البحر الرائق : (۳۳۹/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد .

☆......عرفات میں وقوف کے لئے کھڑا رہنا شرط اور واجب نہیں بلکہ مستحب ہے، بیٹھ کر، لیٹ کر جس طرح ہو سکے، سوتے جاگتے وقوف کرنا جائز ہے، لیکن وقوف کے لئے بلا عذر لیٹنا مکروہ ہے اس لئے اگر عذر نہ ہو تو کھڑے ہو کر وقوف کرے۔(۱)

☆......وقوف کے لئے حیض ونفاس اور جنابت سے پاک ہونا شرط نہیں ہے، ناپاکی کی حالت میں بھی وقوفِ عرفات ہو جاتا ہے، لیکن جنابت سے جلد از جلد پاکی حاصل کر لینی چاہیئے۔(۲)

وقوف عرفہ سے پہلے جماع کیا

اگر حاجی نے وقوف عرفہ سے پہلے جماع کیا تو حج فاسد ہو گیا، قضاء لازم ہے، اگر پیسہ نہیں ہے تو قرض لے کر کرنا لازم ہے۔(۳)

---

(۱) وليس القيام من شرطه ومن واجباته حتى لو كان جالسًا جاز ؛ لأنّ الوقوف المفروض هو الكينونة فيه . (البحر الرائق : (۳۳۹/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد)

🗁 فيقف راكبا وهو الأفضل والأكمل أن يكون المركوب بعيراً وإلّا فقائماً أی إن قدر عليه وإلّا فقاعداً أی وإلّا فمضطجعًا لقوله تعالىٰ : ﴿ الّذين يذكرون اللّٰه قيٰماً و قعودًا وعلى جنوبهم ...... ﴾ . (إرشاد الساری : (ص: ۲۸۲) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل : فی صفة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗁 الفتاوىٰ الخانية على هامش الهنديه : (۲۹۴/۱) كتاب الحج ، فصل فی كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه .

(۲) و وقوف الحائض والجنب ومن لم يصل الصلاتين يجزيه ولايلزمه شيئ كذا فی محيط السرخسی. (الهنديه : (۲۲۹/۱) كتاب المناسک ، الباب الخامس فی كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه)

🗁 بدائع الصنائع : (۱۲۷/۲) كتاب الحج ، فصل وأمّا ركن الحج فشيئان ، ط: سعيد .

🗁 البحر العميق : (۱۵۱۳/۳ ، ۱۵۱۴) الباب الحادی عشر فی الخروج من مكّة إلى منىٰ ثم عرفة ، مقدار الوقوف بعرفة ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

🗁 إرشاد الساری : (ص: ۲۹۰) باب الوقوف بعرفات وأحكامه ، فصل فی شرائط صحة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة .

(۳) و وطؤه فی إحدى السبيلين من آدمی ولو ناسيًا ، أو مكرهًا أو نائمةً أو صبيًا ، أو مجنونًا ......=

وقوفِ عرفہ سے روکا گیا

اگر کسی محرم کو وقوفِ عرفہ سے روکا گیا تو وہ ''محصر'' نہیں ہوگا ایسے لوگ عمرہ کر کے حلال ہو جائیں۔(۱)

وقوفِ عرفہ کی نیت کب کرے؟

وقوفِ عرفہ کا وقت زوال سے شروع ہوتا ہے، یومِ عرفہ کے دن زوال کے

= قبل وقوف فرض (بالإضافة البيانية : أى وقوف هو فرض ، أو بدونها مع التنوين فيهما على الوصفية : أى وقوف مفروض والمراد بالفرضية : الركنية فشمل حج النفل ......) يفسد حجه ...... ويمضى وجوبًا فى فاسده كجائزه ويذبح ، ويقضى ولو نفلاً . (الدر مع الرد : (۵۵۸/۲ ، ۵۵۹) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد)

🗀 البحر الرائق : (۱۵/۳ ، ۱۶) كتاب الحج ، باب الجنايات ، ط: سعيد .

🗀 إرشاد السارى : (ص: ۴۷۹) باب الجنايات وأنواعها ، النوع الرابع : فى حكم الجماع و دواعيه ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

🗀 السنن الكبرىٰ للبيهقیؒ : (۱۶۷/۵) باب ما يفسد الحج ، ط: نشر السنة ، ملتان .

🗀 وكذٰلک لو لم يحج حتٰى افتقر ، تقرر وجوبه دينا فى ذمّته بالاتّفاق ، ولايسقط عنه بالفقر ، سواء هلک المال ، أو استهلكه ، ووسعه أن يستقرض ويحج ...... (غنية الناسک : (ص: ۳۳) باب شرائط الحج ، فصل : فيما إذا وجد شرائط الوجوب والأداء أو الوجوب فقط ، ط: إدارة القرآن)

🗀 إرشاد السارى : (ص: ۹۰ ، ۹۱) باب شرائط الحج ، النوع الرابع : شرائط وقوع الحج عن الفرض ، فصل : وجوب الحج على الفور ، ط: الإمدادية مكّة المكرّمة .

(۱) فإن قدر المحرم بالحج سواء كان قارنًا أو مفردًا على الطواف أو الوقوف فليس بمحصر فى ظاهر الرواية ؛ لأنّه إن منع عن الطواف فقط وقف ويؤخر الطواف ويبقى محرما فى حق النساء ، وإن منع عن الوقوف فقط يكون فى معنى فائت الحج ، فيتحلل بعد فوت الوقوف عن إحرامه بأفعال العمرة ولا دم عليه ولا عمرة فى القضاء . (إرشاد السارى : (ص: ۵۸۰ ، ۵۸۱) باب الإحصار ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗀 الهنديه : (۲۵۶/۱) كتاب المناسک ، الباب الثانى عشر فى الإحصار ، ط: رشيديه .

🗀 غنية الناسک : (ص: ۳۰۹) باب الإحصار ،ط : إدارة القرآن .

بعد جس وقت بھی میدانِ عرفات میں داخل ہو جائے وقوفِ عرفہ کی نیت کر لینی چاہیئے، اگر نیت نہ بھی کرے اور وقوف کر لے تو فرض ادا ہو جائے گا، کیونکہ وقوفِ عرفہ کی نیت کرنا مستحب ہے، فرض یا واجب نہیں ہے۔(۱)

وقوفِ عرفہ کے بعد حج بدل کرنے والا فوت ہو گیا

اگر میت کی طرف سے حج بدل کرنے والا وقوفِ عرفہ کے بعد مر گیا تو میت کا حج ہو جائے گا۔(۲)

وقوفِ عرفہ کے دوران وضو ٹوٹ جائے

وقوفِ عرفہ کے لئے وضو شرط نہیں ہے، اگر کسی نے وضو کے بغیر وقوفِ عرفہ کر لیا تو وقوف ہو جائے گا، دَم وغیرہ لازم نہیں ہوگا البتہ وضو کے ساتھ وقوف کرنا بہتر ہے۔(۳)

---

(۱) وأمّا مستحبابه ...... والنية أى نية الوقوف بقلبه . (إرشاد السارى : (ص: ۲۹۲) باب الوقوف بعرفة وأحكامه ، فصل فى شرائط صحة الوقوف ، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة)

🗀 غنية الناسک : (ص: ۱۶۰ ، ۱۶۱) باب مناسک عرفات ، فصل : فى ركن الوقوف و قدر الواجب فيه وسننه و مستحباته ، ط: إدارة القرآن .

🗀 البحر الرائق : (۳۳۹/۲) كتاب الحج ، ط: سعيد .

(۲) وإن مات المأمور أو سرقت نفقته فى الطريق قبل وقوفه ...... فى الشامية : قيد به ؛ لأنّه لو مات بعده قبل الطواف جاز عن الآمر ؛ لأنه أدّى الركن الأعظم . (الدر مع الرد : (۶۱۱/۲) باب الحج عن الغير ، ط: سعيد)

🗀 غنية الناسک : (ص: ۳۴۶) باب الحج عن الغير ، فصل فى النفقة ، ط: إدارة القرآن .

🗀 البحر العميق فى مناسک المعتمر والحاج إلى بيت اللّٰه العتيق : (۲۳۹۳/۴) الباب الثامن عشر فى الحج عن الغير ، الفصل الثانى : الحج عن الميت الّذى فاته الحج فى عمره ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

(۳) و وقوف الحائض والجنب ومن لم يصل الصلاتين يجزيه ولايلزمه شيئ كذا فى محيط السرخسى . (الهنديه : (۲۲۹/۱) كتاب المناسک ، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه)

🗀 غنية الناسک : (ص: ۱۵۹) باب مناسک عرفات ، فصل فى ركن الوقوف و قدر الواجب فيه وسننه ومستحبابه ، ط : إدارة القرآن . =

وقوفِ عرفہ کے لئے پاک ہونا شرط نہیں

وقوفِ عرفہ کے لئے پاک ہونا شرط نہیں ہے، اگر کوئی عورت حیض یا نفاس کی وجہ سے ناپاکی کی حالت میں ہے تو اس حالت میں بھی وقوفِ عرفات درست ہوجائے گا۔(۱)

وقوفِ عرفہ کے لئے عرفات میں پہنچ جانا ضروری ہے

وقوفِ عرفات نویں ذی الحجہ کے دن زوالِ آفتاب کے بعد سے یوم نحر کی صبح صادق تک ہوسکتا ہے اس میں نہ نیت کی شرط ہے اور نہ عقل کی، پس جو شخص ان اوقات میں عرفات میں پہنچ گیا اس کا حج درست ہوجائے گا، خواہ اس نے نیت کی ہو یا نہ کی ہو، اور خواہ یہ جانتا ہو کہ عرفہ میں ہے یا نہ جانتا ہو، یا جنون یا بیہوشی کے عالم میں ہو، سورہا ہو یا بیدار ہو، بیمار ہو یا تندرست ہو، ہر حال میں حج صحیح ہوجائے گا۔(۲)

= 🗁 البحر العميق : (۳/۱۵۱۳ ، ۱۵۱۴) الباب الحادى عشر فى الخروج من مكّة إلى منٰى ثم عرفة ، مقدار الوقوف بعرفة ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

(۱) و وقوف الحائض والجنب ومن لم يصل الصلاتين يجزيه ولايلزمه شيئ كذا فى محيط السرخسى . (الهنديه : (۱/ ۲۲۹) كتاب المناسک ، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۵۹) باب مناسک عرفات ، فصل فى ركن الوقوف و قدر الواجب فيه وسننه ومستحبابه ، ط : إدارة القرآن .

🗁 البحر العميق : (۳/۱۵۱۳ ، ۱۵۱۴) الباب الحادى عشر فى الخروج من مكّة إلى منٰى ثم عرفة ، مقدار الوقوف بعرفة ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

(۲) أمّا ركنه فكينونه بعرفة ، على أى وجه كان ناويًا أو لا ، عالماً بأنّه عرفة أو جاهلاً ، نائماً أو يقظان ، مفيقًا أو مغمى عليه ، مجنونًا أو سكراناً ، واقفًا أو مجتازًا ، مسرعًا أو طائفًا ، أو مكرهًا هاربًا ، أو طالب غريم ، محدثًا أو جنبًا أو حائضًا أو نفساء نهارًا أو ليلاً . (غنية الناسک : (ص: ۱۵۹) باب مناسک عرفات ، فصل : فى ركن الوقوف و قدر الواجب فيه وسننه ومستحباته ، ط: إدارة القرآن)

🗁 إرشاد السارى : (ص: ۲۹۰ ، ۲۹۱) باب الوقوف بعرفات و أحكامه ، فصل فى شرائط صحة الوقوف، ط: الإمدادية ، مكّة المكرّمة . =

وقوفِ عرفہ کے لئے وضو شرط نہیں

وقوفِ عرفہ کے لئے وضو شرط نہیں ہے، اگر کسی نے وضو کے بغیر وقوفِ عرفہ کر لیا ہے تو وقوف ادا ہوجائے گا، اگرچہ وضو کے ساتھ وقوف کرنا بہتر ہے۔(۱)

وقوفِ عرفہ ہوائی جہاز پر سوار ہوکر کرنا

''ہوائی جہاز میں بیٹھ کر وقوفِ عرفہ کرنا'' عنوان دیکھیں۔(۴/ ۳۲۹)

وقوف کیسے کرے

وقوف کا وقت زوالِ آفتاب سے شروع ہوتا ہے، افضل یہ ہے کہ وقوف کے وقت قبلہ رو کھڑے ہوکر آفتاب کے غروب تک وقوف کرے اور ہاتھ اُٹھا کر دعائیں کرتا رہے، اگر پورے وقت میں کھڑا نہ ہوسکے تو جس قدر کھڑا ہوسکتا ہے کھڑا رہے پھر بیٹھ جائے، پھر جب کھڑے ہونے کی طاقت ہو کھڑا ہو جائے اور حمد وثناء اور تکبیر (اَللّٰہُ اَکْبَرُ) اور تہلیل (لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ) اور تلبیہ تین تین بار پڑھے، استغفار، قرآن شریف کی تلاوت اور درود شریف کی کثرت کرے، کیونکہ اس دن اعمال میں کمی اور کوتاہی کا کوئی تدارک نہیں ہوسکتا، دل کی ندامت کے ساتھ تمام

= 🗁 البحر العميق : (۳/۱۵۱۳ ، ۱۵۱۴) الباب الحادى عشر فى الخروج من مكة إلى منٰى ثم عرفة ، مقدار الوقوف بعرفة ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .

(۱) و وقوف الحائض والجنب ومن لم يصل الصلاتين يجزيه ولايلزمه شيئ كذا فى محيط السرخسى . (الهنديه : (۱/ ۲۲۹) كتاب المناسک ، الباب الخامس فى كيفية أداء الحج ، ط: رشيديه)

🗁 غنية الناسک : (ص: ۱۵۹) باب مناسک عرفات ، فصل فى ركن الوقوف و قدر الواجب فيه وسننه ومستحبابه ، ط : إدارة القرآن .

🗁 البحر العميق : (۳/۱۵۱۳ ، ۱۵۱۴) الباب الحادى عشر فى الخروج من مكّة إلى منٰى ثم عرفة ، مقدار الوقوف بعرفة ، ط: مؤسّسة الريّان ،المكتبة المكيّة .ذ

خلافِ شرع امور کے متعلق توبہ واستغفار کثرت سے کرے اور ذکر کے ساتھ گریہ وزاری بھی کثرت سے کرے، وہاں پر آنسو بہائے جائیں اور گناہوں سے معافی مانگی جائے۔(۱)

وقوف کے مستحبات

(۱)زوال سے پہلے وقوف کی تیاری کرنا۔(۲) وقوف کی نیت کرنا۔ (۳) قبلہ رو ہوکر وقوف کرنا۔(۴) جب تک کھڑے ہوکر وقوف کرنے کی قدرت ہوکھڑے ہوکر قیام کرنا افضل ہے، اگر تھک جائے تو بیٹھ جائے۔(۵) اگر دھوپ میں کھڑے ہوکر وقوف کرنے کی صورت میں ضرر اور بیماری کا اندیشہ نہ ہوتو دھوپ میں کھڑے ہوکر وقوف کرے اور اگر دھوپ میں کھڑے ہوکر وقوف کرنے کی صورت میں ضرر اور بیماری کا اندیشہ ہے تو درختوں کے سائے اور خیمہ میں وقوف کرے اور آفتاب غروب ہونے تک خوب رو رو کر دعاء اور استغفار کرے۔(۶) دعاء کے لئے دونوں ہاتھ آسمان کی طرف اُٹھانا۔(۷) دعاؤں کا تین بار تکرار کرنا۔(۸) دعاء

---

